ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 53 | ہفتہ 02 محرم الحرام 1447ھ 28 جون 2025ء صفحات 08 | شمارہ 359
رجسٹرڈ BC-m-1 | قیمت 30 روپے | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | Email: mashriqqta2008@gmail.com

بھارت خطے میں دہشتگردی کا سب سے بڑا سرپرست ہے، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر

پاکستان نے نہ پہلے ہندوستان کی اجارہ داری قبول کی اور نہ کبھی کریگا، معرکہ حق میں بھارتی جارحیت کے خلاف بہترین جواب دیا

ہم حق پر تھے اللہ نے معرکہ حق میں ہماری مدد کی، افغانستان ہمارا برادر پڑوسی اسلامی ملک ہے، ہم اس سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں

افغانستان ہندوستان کی دہشتگردانہ پراکسیوں فتنہ الہندوستان اور خوارج کو جگہ نہ دے، 52ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے افسران سے خطاب

راولپنڈی (زاہد احمد خان) آرمی چیف فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا ہے کہ بھارت خطے میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست ہے، پاکستان نے نہ پہلے ہندوستان کی اجارہ داری قبول کی اور نہ بھی کریگا، معرکہ حق میں پاکستان نے کشمیر لائن آف کنٹرول...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

فوج کسی سیاسی جماعت سے بات نہیں کرتی حکومت کے احکامات پر عمل کرتی ہے، ڈی جی آئی ایس پی آر

داخلی سلامتی کے لیے فوج خیبر پختونخوا اور بلوچستان کے علاقوں میں موجود ہے، وہ بھی صوبائی حکومت کے احکامات پر ہے

بلوچستان کے لوگ پاکستان کے ساتھ ہیں، ایک پاکستانی شہری کی زندگی ہمیں ہزاروں افغان شہریوں سے زیادہ مقدم ہے

فوج کو برائے مہربانی سیاست میں ملوث نہ کیا جائے، یہ سیاستدانوں کا کام ہے کہ وہ آپس بات کریں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان کی مسلح افواج کے ترجمان لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے سابق وزیراعظم عمران خان سے مذاکرات یا پس پردہ رابطوں کی تردید کرتے ہوئے کہا ہے کہ فوج سیاسی جماعتوں سے بات کرنے میں دلچسپی نہیں رکھتی، یہ...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

عمر ایوب کی متعدد مقدمات میں عبوری ضمانت میں توسیع

لاہور (بیورو رپورٹ) لاہور کی انسداد دہشتگردی عدالت نے قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب کی جناح ہاؤس حملے سمیت دیگر مقدمات میں عبوری ضمانت...... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی حکومت کوہستان سکینڈل پر وضاحت دے، عمران خان

کرپشن کے اصل ذمے دار کون ہیں؟ اصل حقائق عوام کے سامنے لائے جائیں

پشاور (بیورو رپورٹ) بانی پی ٹی آئی عمران خان سے بیرسٹر سیف کی ہونیوالی ملاقات کی اندرونی کہانی سامنے آگئی، ملاقات میں بانی پی ٹی آئی نے کوہستان...... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر میں حج 2026 کیلئے عازمین کی رجسٹریشن شروع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزارت مذہبی امور نے کہا ہے حج 2026 کیلئے عازمین کی رجسٹریشن شروع کر دی، 9 جولائی تک جاری رہے گی، رجسٹریشن...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

سالانہ بنیاد پر مہنگائی میں اضافے کی شرح 1.52 فیصد ریکارڈ

ایک ہفتے کے دوران 14 اشیاء مہنگی، 12 سستی، 25 کی قیمتوں میں استحکام

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی ادارہ شماریات نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں کمی کا رجحان بدستور جاری ہے، گزشتہ ہفتے سالانہ بنیاد پر...... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

راولپنڈی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر 52ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے افسران سے خطاب کر رہے ہیں

بھارت بلوچستان میں بدامنی، دہشتگردی اور شورش کو ہوا دے رہا ہے، سرفراز بگٹی

پاکستان نے ایس سی او میں سفارتی کامیابی حاصل کی جہاں بلوچستان میں بھارتی مداخلت کے ٹھوس شواہد پیش کئے، وزیراعلیٰ بلوچستان

بھارت خطے کے امن کو سبوتاژ کر رہا ہے جس سے پاکستان نے دنیا کو آگاہ کیا جو الزامات نہیں ٹھوس حقائق ہیں

بلوچستان کی سرزمین کو غیر مستحکم کرنے کی ہر کوشش کو ناکام بنایا جائے گا، سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اظہار خیال

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم (SCO) کے حالیہ اجلاس میں پاکستان نے ایک اور بڑی سفارتی کامیابی حاصل کی ہے، جہاں بھارت کی جانب سے پہلگام کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی اس اجلاس...... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کو ایک اور شکست، سندھ طاس معاہدے پر بین الاقوامی ثالثی عدالت نے پاکستان کے موقف کی تائید کردی

بھارت کو سندھ طاس معاہدہ معطل کرنے کا کوئی حق حاصل نہیں، بھارتی اقدام سے عدالت کی فیصلہ سازی کی حیثیت متاثر نہیں ہوتی

سندھ طاس معاہدے کا بغور جائزہ لیا ہے، معاہدے میں کہیں بھی یکطرفہ طور پر اسے معطل کرنے کی شق شامل نہیں، بین الاقوامی ثالثی عدالت

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سندھ طاس معاہدے پر بین الاقوامی ثالثی عدالت نے پاکستان کے موقف کی تائید کردی، حکومت پاکستان نے ثالثی عدالت کے فیصلے کا خیر مقدم کیا عالمی ثالثی عدالت نے اپنے فیصلے میں واضح کیا ہے کہ بھارت کو سندھ طاس معاہدہ معطل...... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

موسلا دھار بارش کے بعد دریائے سوات کے سیلابی ریلے میں بہہ جانے سے قبل بدقسمت سیاح ریسکیو ٹیم کے انتظار میں کھڑے دکھائی دے رہے ہیں

دریائے سوات میں سیلابی ریلے نے تباہی مچا دی، 78 افراد بہہ گئے، 9 جاں بحق

ایک ہی خاندان کے 15 سیاح بھی شامل، سیاحوں کی تلاش جاری ہے جبکہ اب تک 60 افراد کو بچایا جا چکا ہے

سوات میں جانی نقصان کے بعد پی ڈی ایم اے نے الرٹ جاری کردیا، پشاور، چارسدہ اور نوشہرہ کے اضلاع ہائی الرٹ

پشاور، اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے سیاحتی علاقے سوات میں سیلابی ریلے نے تباہی مچا دی، ایک ہی خاندان کے 10 افراد سمیت 78 افراد بہہ گئے، 9 افراد کی لاشیں نکال لی گئیں جبکہ 60 افراد کو بچا لیا گیا ہے، وزیراعظم شہباز شریف...... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

چین نے امریکہ کے ساتھ تجارتی معاہدے کی تصدیق کردی

معاہدے کے تحت امریکہ تجارت پر عائد پابندیاں ختم کرے گا، وزارت خارجہ

بیجنگ (بیورو رپورٹ) چین نے امریکہ کیساتھ تجارتی معاہدے کی تصدیق کردی، ترجمان چینی وزارت تجارت نے امریکہ کیساتھ تجارتی معاہدے کی تصدیق...... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بجٹ بینکرز نے دیا، چینی، آٹا، دالوں سمیت ہر چیز مہنگی ہوگی، اپوزیشن

6300 ارب کے قرضے اٹھائیں گے پھر بینکر کھرب پتی بنیں گے، پارلیمنٹ کو غیر فعال بنا دیا گیا، عمر ایوب، بیرسٹر گوہر

اظہار رائے اور میڈیا کو آزادی نہیں، عمران خان سمیت تمام قیادت و کارکنوں کو رہا کیا جائے، اسد قیصر و دیگر کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اپوزیشن نے ایک بار پھر حکومتی بجٹ مسترد کرتے ہوئے کہا ہے بجٹ بینکر نے دیا، 6300 ارب کے قرضے اٹھائیں گے پھر بینکر کھرب پتی بنیں گے، چینی، آٹا، دالوں سمیت ہر چیز مہنگی ہوگی...... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی سپریم کورٹ نے ٹرمپ کے ایگزیکٹو آرڈر کے حق میں فیصلہ دیدیا

برتھ رائٹ سیٹزن شپ ختم کرنے کے حکم نامے پر کچھ ریاستوں میں فوری طور پر اطلاق ہوگا

واشنگٹن (م ڈ) امریکی سپریم کورٹ نے برتھ رائٹ سیٹزن شپ ختم کرنے کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے آرڈر کے حق میں فیصلہ دے دیا۔ واشنگٹن سے امریکی میڈیا...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

نئی سبسڈائزڈ ہاؤسنگ فنانس سکیم متعارف کرانے کا منصوبہ

کراچی (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت آئندہ مالی سال نئی سبسڈائزڈ ہاؤسنگ فنانس سکیم متعارف کرانے کا ارادہ رکھتی ہے، مقصد رئیل سٹیٹ و تعمیراتی شعبوں میں طلب کو بڑھانا اور متوسط و کم آمدنی والے طبقات کیلئے مکان کی ملکیت کو ممکن بنانا ہے تاہم ''میرا پاکستان میرا گھر'' سکیم سے متاثر نئی سکیم متعدد چیلنجز کا سامنا کرسکتی ہے جن میں اہلیت ساخت کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال، زمین و تعمیرات کی بلند...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، ڈی آئی جی اعتزاز گورایا، ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند پریس کانفرنس کر رہے ہیں

نشستیں پی ٹی آئی، پی ایم ایل (ن)، جے یو آئی (ف) اور اے این پی میں تقسیم ہونگی، فیصلے سے حکومتی اتحاد کو قومی اسمبلی میں دو تہائی اکثریت مل جائیگی، وزیراعظم کا خیر مقدم، ملک گیر احتجاج کرینگے، بیرسٹر گوہر

پی ٹی آئی قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں مخصوص نشستوں کی حقدار نہیں

حکومتی اپیلیں منظور

آئینی بینچ کے سربراہ جسٹس امین الدین نے 7 ججز کا مشترکہ فیصلہ سنایا

سات ججز نے اکثریت کی بنیاد پر فیصلہ سنایا جن میں جسٹس امین الدین خان، جسٹس مسرت ہلالی، جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس شاہد بلال، جسٹس ہاشم کاکڑ، جسٹس عامر فاروق اور جسٹس علی باقر نجفی شامل ہیں

12 جولائی کا فیصلہ کالعدم، عدالت نے پشاور ہائی کورٹ کا فیصلہ برقرار رکھا جسٹس حسن اظہر اور جسٹس محمد علی مظہر نے مشروط نظر ثانی منظور کی جبکہ جسٹس مندوخیل نے کہا وہ اپنے مرکزی کیس کے فیصلے پر قائم ہیں

سنی اتحاد کونسل کے وکیل حامد خان کی جانب سے اعتراض کے بعد جسٹس صلاح الدین پنہور بینچ سے الگ ہوگئے، سپریم کورٹ کے فیصلے سے قومی اسمبلی کی 22، صوبائی اسمبلیوں کی 55 نشستیں حکومتی اتحاد کو مل گئیں

فیصلے سے آئین و قانون کی بالادستی قائم ہوئی اور قانون کی درست تشریح ہوئی، شہباز شریف، آج آئین کا غلط ترجمہ ہوا ہے وقت بتائے گا یہ فیصلہ غلط ہے، چیئرمین تحریک انصاف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے 5 کے مقابلے میں 7 کی اکثریت سے مخصوص نشستوں...... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کا مخصوص نشستوں کے حوالے سپریم کورٹ کے آئینی بینچ...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ فیصلے کے بعد خیبر پختونخوا حکومت کو خطرات لاحق ہوگئے

صوبائی اسمبلی کی 25 مخصوص نشستیں خالی قرار، حکومتی برتری کم اور اپوزیشن کی طاقت میں اضافہ

اپوزیشن آزاد ارکان کی حمایت حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے تو 88 ارکان کا نمبر پورا کرسکتی ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ کے فیصلے کے بعد خیبر پختونخوا اسمبلی کی نمبر گیم میں بڑی تبدیلی، وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور کی حکومت کو خطرات لاحق ہوگئے، عدالتی فیصلے کے تحت صوبائی اسمبلی کی 25 مخصوص نشستیں خالی قرار دے دی گئیں، نتیجے میں ایوان میں حکومتی برتری کم اور اپوزیشن کی طاقت میں اضافہ ہوگیا، عدالتی فیصلے کے بعد ایوان...... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

بجٹ منظوری پر اتحادیوں کا شکریہ، مثالی اتحاد پاکستان کی معاشی ترقی کو یقینی بنائیگا، وزیراعظم

بھارت کی حالیہ بلاجواز جارحیت میں اللہ رب العزت نے شاندار فتح سے ہمکنار کیا، یکجہتی سے دشمن کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملایا

اسرائیل ایران تنازع کے حل سے خطے میں امن و خوشحالی کے دروازے کھلیں گے، شہباز شریف کی ارکان سینٹ و قومی اسمبلی سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے بجٹ منظوری میں اہم کردار ادا کرنے پر اتحادیوں کے مشکور ہیں، ملکر پاکستان کی معاشی ترقی کیلئے دن رات محنت کرنی ہے، شہباز شریف نے بجٹ کی منظوری کے بعد ارکان سینٹ و قومی اسمبلی سے ملاقات...... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

قومی اسمبلی نے 2 سال کی سپلمنٹری گرانٹس بھی منظور کرلیں

اپوزیشن کا ایوان میں شدید احتجاج، نعرے بازی، ایجنڈے کی کاپیاں پھاڑ دیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں وفاقی بجٹ 26-2025 کی منظوری کا عمل مکمل ہوگیا، ایوان نے گزشتہ 2 سال کی سپلمنٹری گرانٹس کی بھی منظوری دے...... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ میں اسرائیلی دہشتگردی، مزید 72 فلسطینی شہید، متعدد زخمی

امداد کے متلاشیوں پر فائرنگ، گولہ باری، اقدام جنگی جرم ہے، انسانی حقوق تنظیمیں

غزہ (بیورو رپورٹ) اسرائیلی فوج کی امداد کے متلاشی فلسطینیوں پر فائرنگ، گولہ باری، مزید 72 فلسطینی شہید، متعدد زخمی ہوگئے، رپورٹ کے مطابق 4 ہفتو...... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

چینی صدر برکس سربراہ اجلاس میں شرکت نہیں کریں گے

بیجنگ (بیورو رپورٹ) چین کے صدر شی جن پنگ 6 اور 7 جولائی کو برازیل کے شہر ریو ڈی جنیرو میں ہونے والے برکس سربراہ اجلاس میں شرکت نہیں کریں گے، چینی صدارت کا عہدہ سنبھالنے کے بعد شی جن پنگ کی برکس سمٹ سے پہلی غیر حاضری ہوگی، اجلاس میں چینی صدر کی جگہ چینی وزیراعظم لی کیانگ شرکت کریں گے۔

بولان میل سمیت 16 مسافر ٹرینوں سے 30 بوگیاں کم کردی گئیں

خیبر میل، تیز گام، ہزارہ، عوام، کراچی، ملت، ذکریا، فرید ایکسپریس و دیگر شامل

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان ریلویز نے ملک میں چلنے والی 16 مسافر ٹرینوں سے 30 بوگیاں کم کردیں، نوٹیفکیشن کے مطابق ریلوے کو مسافر بوگیوں کی کمی...... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی خیبر پختونخوا میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کرگئے

سینئر رہنماؤں کے درمیان بڑھتی چپقلش سے تنظیمی ڈھانچہ متاثر، ورکرز بھی نالاں

پشاور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف خیبر پختونخوا میں اندرونی اختلافات کھل کر سامنے آنا شروع ہو گئے، پارٹی ذرائع کے مطابق سینئر رہنماؤں کے درمیان بڑھتی...... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے رکن قومی اسمبلی اعجاز الحق ملاقات کر رہے ہیں

مغوی مصور کاکڑ قتل، بازیاب نہ کرانے پر غمزدہ ہیں، شاہد رند / اعتزاز گورایا

نعش ساڑھے 7 ماہ بعد مستونگ اکنجی سے برآمد، 3 اغواء کاروں میں 2 افغانی بھی شامل تھے، ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس

23 جون کو اکنجی میں ایک قبر کی نشاندہی پر بچے کی نعش ملی تصدیق مصور کاکڑ کے والدین کے ڈی این اے کی میچنگ سے ہوئی ہے، ترجمان حکومت

محرم الحرام کے 7، 9 اور 10 ویں کے جلوس پر سیکورٹی یقینی، موبائل فون بند اور فضائی نگرانی بھی کی جائے گی، پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایا نے کہا ہے کہ پولیس نے کوئٹہ سے اغوا ہونے والے مغوی مصور خان کاکڑ کی نعش ساڑھے 7 ماہ بعد مستونگ کے علاقے اکنجی سے برآمد کرلی نعش ڈی این اے ٹیسٹ کے بعد تصدیق ہونے پر ورثاء کے حوالے کردی گئی اغوا کاروں میں 23 افغانی بھی ملوث تھے اس میں سہولت کاری اور دیگر حوالوں سے کردار ادا کرنے والوں کو بھی گرفتار کیا گیا ہے گروہ کی نشاندہی ہوچکی ہے جنہیں گرفتار کرلیا جائے گا اغوا میں کالعدم تنظیم داعش ملوث تھی جو ہمسایہ ممالک افغانستان اور ایران سے رابطے کررہے تھے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند کے ہمراہ ڈی آئی جی آفس میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر ایس ایس پی سیریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ ملک اصغر شان، ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بلوچ...... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ میں موسلا دھار بارش سے موسم خوشگوار، شہریوں کے چہرے کھل اٹھے

بارش سے گرمی کا زور ٹوٹ گیا، سڑکوں پر پانی جمع، بجلی کی فراہمی متاثر، انتظامیہ الرٹ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ اور گردونواح میں بارش کا سلسلہ شروع ہوگیا، جو وقفے وقفے سے جاری ہے۔ بارش کے باعث جہاں موسم...... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

مائنڈ یور لینگویج، جسٹس جمال اور حامد خان میں تلخ جملوں کا تبادلہ

آپ دوسروں کو بات نہیں کرنے دیتے، سن تو لیں، عزت سے بات کریں، حامد خان

ادارے کی خاطر والدہ کی فاتحہ چھوڑ کر آیا ہوں آپ مذاق پر تلے ہیں، جج کے ریمارکس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سپریم کورٹ میں مخصوص نشستوں کے نظر ثانی کیس کی سماعت کے درمیان جسٹس جمال مندوخیل اور وکیل حامد خان کے درمیان...... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

ہزار گنجی میں دھماکہ، کوئی جانی نقصان نہیں ہوا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہزار گنجی میں واقع ریسانی چیک پوسٹ پر جمعہ کے روز دھماکہ ہوا، تاہم خوش قسمتی سے کسی جانی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق دھماکہ...... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت بلوچستان کے 8 اضلاع میں دفعہ 144 نافذ

موٹر سائیکل کی ڈبل سواری، اسلحے کی نمائش اور 5 افراد سے زائد کے اجتماع پر پابندی

دکانیں، خیمے یا مکانات کرائے پر دینا بھی ممنوع، پابندی 10 محرم الحرام تک رہیگی

کوئٹہ (آن لائن) محرم الحرام کے دوران حکومت بلوچستان اور محکمہ داخلہ کی جانب سے امن و امان برقرار رکھنے کے لئے بلوچستان کے 8 اضلاع میں آج سے...... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کا دفاعی ضروریات پوری کرنے کیلئے پھر روس سے رابطہ

بھارتی اور روسی وزرائے دفاع کے درمیان ملاقات ایس سی او اجلاس کی سائیڈ لائنز پر ہوئی

نئی دہلی (م ڈ) بھارت نے دفاعی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ایک بار پھر روس سے رابطہ کرلیا۔ بھارتی کے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے روسی ہم منصب...... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، آل پارٹیز کے رہنما اور انجمن تاجران کے عہدیدار مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

زائد المیعاد شناختی کارڈز پر جاری موبائل سمز کیخلاف گرینڈ آپریشن کا اعلان

آن لائن بینکنگ، آن لائن کاروبار کرنیوالے شہری روزانہ لاکھوں، کروڑوں روپے کے فراڈ کا شکار ہو رہے تھے

نادرا نے ڈیٹا فراہم کردیا، 30 جون سے ملک بھر میں فوت شدگان کے نام پر رجسٹرڈ موبائل سمز بند کردی جائیں گی

اسلام آباد (شاکر رحمان) ملک بھر میں فوت شدگان اور میعاد ختم ہونے والے شناختی کارڈز پر جاری موبائل سمز کیخلاف 30 جون سے گرینڈ آپریشن شروع...... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی پاسپورٹ پر 32 ممالک کا ویزہ فری سفر ممکن، عالمی رینکنگ میں بہتری

مثبت پیشرفت عالمی سطح پر پاکستان کی سفارتی سرگرمیوں و عالمی تعلقات میں بہتری کی عکاس

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دنیا بھر میں پاکستانی شہری اب 32 ممالک میں ویزہ فری یا ویزہ آن ارائیول کی سہولت حاصل کرسکتے ہیں کیونکہ پاکستانی پاسپورٹ...... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

صدر زرداری کی خواہش پر بی آئی ایس پی کی رقم 700 ارب کی گئی، روبینہ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام روبینہ خالد نے کہا ہے کہ صدر آصف زرداری کی خواہش پر بی آئی ایس پی کی رقم 700 ارب روپے کردی گئی ہے۔ لاڑکانہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے یہ بات کہی ہے۔ روبینہ خالد کا کہنا ہے کہ مستحق خواتین کو بینک اکاؤنٹ کے...... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

میر عطاء الرحمان مینگل کے قتل کے مقدمے میں سردار اختر مینگل نامزد

ایف آئی آر میں میر اسد مینگل، میر گورگین مینگل سمیت وڈھ سے تعلق رکھنے والے 6 افراد کے نام بھی شامل

ایف آئی آر محمد جان نامی شخص کی مدعیت میں لیویز تھانہ وڈھ میں درج کی گئی ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں مینگل قبیلے سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیت میر عطاالرحمان مینگل کے قتل کی ایف آئی آر درج کرلی گئی، مقدمے میں...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

مختلف وزارتوں کی جانب سے سینکڑوں ارب کے اضافی اخراجات

2 برس میں مجموعی طور پر 712 ارب 41 کروڑ کے اضافی اخراجات کیے گئے، تفصیلات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) قومی اسمبلی میں مالی سال 25-2024 اور 24-2023 کے دوران مختلف وزارتوں کی جانب سے کیے گئے منظور شدہ بجٹ سے زائد...... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ایران کیساتھ جنگ اسرائیل کو مہنگی پڑ گئی، اربوں ڈالر کا نقصان

اسرائیل کی جی ڈی پی میں ایک فیصد کمی کا امکان ہے، غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ

تل ابیب (بیورو رپورٹ) ایران کے ساتھ جنگ اسرائیل کو مہنگی...... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے بھارت کو عسکری، سفارتی اور بیانیے کی سطح پر تاریخی شکست دی، بلاول بھٹو

مشکلات کے باوجود میڈیا نے پاکستان کا بیانیہ پوری دنیا تک کامیابی سے پہنچایا، جنگ میں فتح کے باوجود امن کی بات کرتے ہیں

دنیا نے پاکستانی میڈیا کی پیشہ وارانہ رپورٹنگ کو سراہا اور معتبر سمجھا، پوری قوم کو فخر ہے، چیئرمین پی پی کا ''میٹ دی پریس'' سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے پاکستان کی حالیہ کامیابی کو 3 بڑی جہتوں میں سراہتے ہوئے کہا پاکستان نے نہ صرف عسکری میدان میں بھارتی فوج کو شکست دی بلکہ سفارتی محاذ پر بھی تاریخی کردار ادا کیا، مشکلات...... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

سنی علماء کونسل بلوچستان کے زیر اہتمام یوم شہادت حضرت عمر فاروق پر نکالی گئی ریلی کی قیادت مولانا محمد رمضان مینگل کر رہے ہیں

آر ٹی آئی کے قانون کے استعمال سے بلوچستان کو کرپشن فری صوبہ بنایا جاسکتا ہے، سول سوسائٹی

ایڈ بلوچستان کے پروجیکٹ کی اختتامی تقریب سے خطاب میں شرکا کا شفافیت کی جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

سول سوسائٹی کے نمائندوں نے اس پروجیکٹ کی کامیاب تکمیل پر ایڈ بلوچستان کی ٹیم اور فورم کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈ بلوچستان نے نیشنل ڈیموکریسی فار ڈویلپمنٹ (NED) کے مالی تعاون سے "رائٹ ٹو انفارمیشن بلوچستان" پروجیکٹ کی اختتامی تقریب کا انعقاد کوئٹہ میں کیا۔ اس موقع پر صوبے کے مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات، سول سوسائٹی نمائندگان، سیاسی رہنما، صحافی، ماہرین قانون اور دیگر اسٹیک ہولڈرز نے بھرپور شرکت کی۔ پروگرام کے شرکاء نے اس پروجیکٹ کی کامیاب تکمیل پر ایڈ بلوچستان کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ یہ تقریب صرف ایک اختتامی تقریب نہیں، بلکہ بلوچستان میں معلومات تک رسائی کے حق کے لیے ایک نئی جدوجہد کا نقطہ آغاز ہے۔ تقریب کے مہمان خصوصی میر لیاقت علی لہڑی، پارلیمانی سیکریٹری برائے ٹرانسپورٹ، نے حکومت بلوچستان کی نمائندگی کرتے ہوئے وعدہ کیا کہ انفارمیشن کمیشن کو درپیش مسائل، جن میں دفتر کا قیام، مراعات کی فراہمی، اور باقی کمشنرز کی تعیناتی شامل ہے، کو وزیر اعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کے نوٹس میں لایا جائے گا اور جلد کمیشن کو مکمل طور پر فعال بنایا جائے گا۔ پروگرام کی میزبانی ایڈ بلوچستان کے ایڈووکیسی اینڈ پروڈکشن منیجر میر بہرام لہڑی نے کی، جنہوں نے "رائٹ ٹو انفارمیشن" پر شرکاء کو آگاہی فراہم کی اور 2015 سے اس موضوع پر ایڈ بلوچستان کی جدوجہد پر مبنی ایک جامع پریزنٹیشن پیش کی۔ پروجیکٹ کی کامیابی میں پبلک اکاؤنٹیبلٹی فورم (PAF) کے رضاکاروں کا کردار بھی کلیدی رہا۔ معروف صحافی، آر ٹی آئی ایکسپرٹ اور پی اے ایف کے رضاکار میر بہرام بلوچ نے کہا کہ اگرچہ پروجیکٹ کی مدت ختم ہوگئی ہے، لیکن یہ جدوجہد جاری رہے گی اور وہ دن دور نہیں جب بلوچستان کا ہر حکمران عوام کے سامنے جواب دہ ہوگا۔ تقریب سے بلوچستان اسمبلی کی رکن اور نیشنل پارٹی کی نمائندہ کلثوم نیاز بلوچ نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ وہ اس جدوجہد کی اسمبلی کے اندر آواز بنیں گی۔ بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی سیکریٹری اطلاعات ڈاکٹر ناشناس لہڑی نے میرٹ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ جب تک صوبے میں میرٹ کو ترجیح نہیں دی جائے گی، ترقی ممکن نہیں۔ پروگرام سے دیگر مقررین میں ڈاکٹر فرخندہ اورنگزیب، فوزیہ شاہین، خالد نعیم، فاطمہ خان، ایڈووکیٹ عبدالحئی، وسیم باری اسفندیار، شازیہ لانگو، سلام خان اور ریاض بلوچ نے بھی خطاب کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ "رائٹ ٹو انفارمیشن بلوچستان" کو فوری اور مؤثر طور پر فعال بنایا جائے۔ بلوچستان کے پہلے انفارمیشن کمشنر شکور احمد نے اپنے خطاب میں کمیشن کو درپیش چیلنجز پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ کمیشن کی غیر فعالیت، دفتر کی عدم موجودگی، مراعات کی عدم فراہمی، اور بیوروکریسی کی عدم دلچسپی اس قانون پر عملدرآمد میں سب سے بڑی رکاوٹیں ہیں۔ انہوں نے سول سوسائٹی کی کوششوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ ادارے نہ صرف بات کرتے ہیں بلکہ قانون سازی اور اس پر عملدرآمد کو یقینی بنانے میں بھی کردار ادا کرتے ہیں۔ پروگرام کے اختتام پر ایڈ بلوچستان کے صدر اور نیشنل پارٹی کے سینئر نائب صدر ڈاکٹر اسحاق بلوچ نے تمام شرکاء سے وعدہ لیا کہ وہ "رائٹ ٹو انفارمیشن" کے تحت کم از کم ایک درخواست ضرور جمع کرائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی جماعت شفافیت اور احتساب پر مکمل یقین رکھتی ہے اور جو ادارے آر ٹی آئی کے تحت معلومات فراہم نہیں کرتے، وہ آئین کے خلاف عمل کر رہے ہیں۔ تقریب کے آخر میں ایڈ بلوچستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عادل جہانگیر نے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ادارہ اس جدوجہد کو جاری رکھے گا اور "رائٹ ٹو انفارمیشن" کو اپنی تنظیمی ترجیحات میں شامل رکھے گا۔

کوئٹہ، جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور بازئی جامعہ کے ایڈوانس اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کے 187 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ہفتہ رفتہ میں کوئٹہ کی اہم ادبی سرگرمیوں کا مختصر احوال

ہفتہ رفتہ ادبی اعتبار سے بھرپور رہا اور اہم تقاریب کا انعقاد ہوا۔ پہلی تقریب انجمن دبستان بولان کی تھی جس نے ادبی فعالیت برقرار رکھتے ہوئے مشاعرے کا انعقاد کیا۔ جس کی صدارت معروف شاعر سابق چیئرمین شعبہ اردو جامعہ بلوچستان پروفیسر ڈاکٹر آغا ناصر نے کی جب کہ مہمان خصوصی اردو و فارسی کے ممتاز شاعر سید جواد موسوی اور مہمانان اعزاز رفیق طالب (صحبت پور) اور ڈاکٹر عمران کامل ہاشمی تھے۔ عارف ضیاء، ڈاکٹر اکرم خاور، جون گشکی، کامران قمر، پروفیسر رشید حسرت، راقم شیخ فرید، فہمیدہ گل، فائزہ شکیل، ہما محمد بقا، ظہور صدیقی، شفقت کمبوہ، آرزو زیارت وال، جہاں آراء تبسم اور زاہد آفاق نے اپنا خوبصورت کلام سنایا۔ اس ہفتے کی ایک اور بھرپور ادبی تقریب بزم صائم ادبیات اور صائم اردو اکیڈمی کی تھی جس میں تسنیم صنم کے تیسرے شعری مجموعے، ہجر کی طاق راتیں کی رونمائی کی گئی۔ تقریب دو مرحلوں پر مشتمل تھی پہلا سیشن میں ناقدین نے تسنیم صنم کے شعری مجموعے سے متعلق اپنی آراء اور تبصرے پیش کیے جب کہ تقریب کا دوسرا مرحلہ محفل مشاعرہ پر مشتمل تھا۔ پہلے سیشن کی صدارت پاکستان آغا گل نے کی۔ مہمان خصوصی سرور جاوید اور مہمان اعزاز اعجاز امر تھے۔ نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد عظیم الشان مشاعرے کا آغاز ہوا

مری آباد گرڈ اسٹیشن کے طوغی روڈ فیڈر سے صبح 10 سے 12 بجے تک بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی کھمبوں کی تنصیب کے کام کیے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں 28 جون (بروز ہفتہ) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے طوغی روڈ فیڈر سے صبح 10 بجے سے دن 12 بجے تک بجلی بند رہے گی جبکہ 29 جون (اتوار کے روز) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے اسٹیڈیم فیڈر سے دوپہر 2 بجے تا شام 5 بجے بجلی بند ہوگی۔ اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنز پر مرمتی کاموں کے لئے 29 جون (بروز اتوار) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11Kv سریاب ون، کرانی، انڈسٹریل، ہزارہ ٹاؤن، جائنٹ روڈ، واسا، بی ایم سی، کرانی ایکسپریس اور منی مارکیٹ فیڈرز سے صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک نیز اسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے گارڈن ٹاؤن، پی اے ایف، ہنگاتو، اغبرگ، اویان، ٹی پی ایس کالونی، خروٹ آباد، سی ٹی ایس، ریگی، ایگریکلچر کالج، بلیلی، واپڈا ہسپتال اور عمر فیڈروں سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔

پشتونخوا میپ ضلع کوئٹہ کے ایگزیکٹوز اور مالیات کمیٹی کے اجلاس آج منعقد ہوں گے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے ضلع ایگزیکٹوز کا اجلاس آج بروز ہفتہ 28 جون شام چار بجے پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں منعقد ہوگا۔ جبکہ ضلع کوئٹہ کے مالیات کمیٹی کا اجلاس دوپہر 2:30 بجے ... منعقد ہوگا۔ ... اراکین ... استدعا ...

لاپتہ بیٹے کی تلاش میں مدد کی اپیل

کوئٹہ (پ ر) ... عطاء الرحمن ولد ... 21 سال ... جہاں ... تعلیم ... 03058177673 ... تھانے ...

گورنر بلوچستان جعفرخان مندوخیل سے اسرار خان اور حمید اللہ ملاقات کر رہے ہیں

بی ڈی اے کے سروس رولز میں ایلیمین کی پرموشن کا کوٹہ مختص کیا جائے، نور خان کاکڑ

ڈپلومہ انجینئرز کو ایگزیکٹو الاؤنس دیا جائے اور ڈپلومہ انجینئرز کو درپیش مسائل کے حل کیلئے اقدامات کیے جائیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان ڈپلومہ انجینئر فیڈریشن بی ڈی اے زون کا ایک اہم اجلاس جمعہ کو صوبائی صدر نور خان کاکڑ کی زیر صدارت منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی ابراہیم زہری، اسلم گھمتران، بی ڈی اے کے صدر میر عارف منگلزئی، یعقوب مندوخیل، سالم بلوچ، فرید بلوچ، سردار عبدالغنی قمبرانی، ملک حامد کاسی، سلیم شاہوانی، سراج جمالی، جہانگیر محمد حسنی، یاسر زہری، عمر ترین، یسین زرکون، سیف اللہ کاکڑ، ملک عصمت اللہ کاسی، تنویر، جہانزیب ہوار اور دیگر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس سے صوبائی جنرل سیکرٹری حاجی ابراہیم زہری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بی ڈی اے ڈیپارٹمنٹ کے سروس رولز میں گریڈ 18 یعنی ایلیمین کی پرموشن کا کوٹہ مختص کیا جائے۔ صوبائی صدر نور خان کاکڑ نے کہا کہ فیڈریشن ایک طاقت کا نام ہے لہٰذا آپس میں اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کریں۔ فرید بلوچ، سردار غنی قمبرانی اور سالم بلوچ نے کہا کہ بی ڈی اے کے ڈپلومہ انجینئرز کو ایگزیکٹو الاؤنس دیا جائے۔

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی سے حافظ محمد طاہر سووینئر وصول کر رہے ہیں

عوامی قوت سے جمہوری انداز میں احتجاج ہمارا حق ہے، رحمت اچکزئی

پشتون آباد گول مسجد کو نا گو مسائل سے دوچار، بنیادی وسائل فراہم کرے، مشرق سے گفتگو

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) یونین کونسل پشتون آباد گول مسجد کے سابقہ ناظم رحمت اللہ اچکزئی نے بتایا ہے کہ ہمارے یونین کونسل 39 میں کئی مسائل ہیں خاص کر بجلی گیس لوڈشیڈنگ کے علاوہ وولٹیج میں کمی و بیشی کا سامنا ہے، اس طرح بجلی سے ہمارے فریج، پنکھے وغیرہ سامان جل گئے ہیں ہم حکام بالا سے مطالبہ کرتے ہیں کہ یا بجلی و گیس تو بالکل بند کردیں یا ان کی مناسب طریقے سے سپلائی بحال کرے تاکہ کم از کم عوام کا نقصان تو نہ ہو۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ہمارے پشتون آباد میں پانی کا بھی بڑا مسئلہ ہے، یہاں لوگ ٹینکر مافیا سے پانی خرید کر گزر بسر کر رہے ہیں۔ ہم محکمہ واسا حکام سے بھی اپیل کرتے ہیں کہ ایسے صورتحال کا از خود نوٹس لیکر پورے پشتون آباد کا سروے کرے جن جن جہاں جہاں علاقوں میں پانی کی سپلائی کا مسئلہ درپیش ہے فوری حل کرے ورنہ ہم عوامی قوت سے جمہوری انداز میں احتجاج ریکارڈ کرائیں گے۔

بی ایف اے کی کارروائی مشن روڈ فوڈ سپلائر، اسپنی روڈ میں پکوان ہاؤس سیل کر دیا گیا

ایس او پیز پر عمل درآمد سے متعلق متعدد فوڈ سینٹرز اونرز کو اصلاحی نوٹسز بھی جاری کیے گئے

کوئٹہ (اے پی پی) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے خراب و باسی خوراک تیار کرنے پر ایک پکوان ہاؤس کو سیل کر دیا۔ جمعہ کو بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے کوئٹہ میں خراب و باسی خوراک کی تیاری و سپلائی پر بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا سخت ایکشن لیا گیا۔ مشن روڈ میں ایک فوڈ سپلائر جبکہ اسپنی روڈ میں موجود ایک پکوان ہاؤس مینہ پر باسی و غیر صحت بخش خوراک کی تیاری و فراہمی پر سیل کر دیا۔ مذکورہ مراکز کو قوانین کی شدید خلاف ورزیوں پر سر بمہر کر کے ذمہ داران کے خلاف مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی۔ اسی طرح طوغی روڈ اور علمدار روڈ میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی آپریشن ٹیم کا ایک فاسٹ فوڈ کارنر اور ایک سموسہ مینوفیکچرنگ یونٹ سمیت چار مراکز کے خلاف مختلف وجوہات پر ایکشن لیا گیا۔

تشدد لاٹھی چارج آنسو گیس گرفتاریوں سے ڈرنے والے نہیں، عبدالقدوس کاکڑ

قیادت کی گرفتاری کے باوجود جس انداز میں احتجاج کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے وہ قابل تعریف ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی آرگنائزر ملک عبدالقدوس کاکڑ جنرل سیکرٹری حاجی علی اصغر منگلزئی و دیگر قائدین نے کہا ہے کہ بلوچستان گرینڈ الائنس کے مرکزی قیادت کے حوصلے چٹانوں سے بھی زیادہ مضبوط ہے۔ تشدد لاٹھی چارج آنسو گیس شیلنگ گرفتاریوں سے ڈرنے والے نہیں۔ بی جی اے قیادت جیل میں بیٹھ کر بھی مطالبات کے منظوری کیلئے اب بھی سنجیدگی سے لائحہ عمل طے کر رہے ہے۔ ملازمین نے قیادت کی گرفتاری کے باوجود جس انداز میں احتجاج کا سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے وہ قابل تعریف ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایپکا کے ایک وفد سے مچھ جیل میں ملاقات کے دوران کی وفد میں ایپکا کے صوبائی سینئر نائب صدر حاجی سکندر علی لہڑی صوبائی جنرل سیکرٹری ملک امیر زادہ وطیزئی سینئر نائب صدر دوئم ثناء اللہ جام ایپکا ژوب کے صدر حاجی امیر محمد لونی اور ایپکا ضلع نوشکی کے صدر علی نواز مینگل شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت کی دھونس دھمکیاں ہمیں اپنے عظیم مقصد سے دستبردار نہیں کرا سکتی۔ اب بھی گرینڈ الائنس کے آئندہ کے احتجاجی شیڈول اس سے زیادہ موثر اور خطرناک شکل اختیار کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت سرکاری ملازمین اور دہشتگردوں میں فرق کو ختم کر کے ملازمین کے خلاف بھی وہی حربے استعمال کر رہی ہے جو دہشتگرد تنظیموں اور سیاسی مخالف پارٹیوں کے خلاف استعمال کیا جاتا تھا۔

مصور خان کاکڑ کا اغوا اور شہادت ظلم وحشت ، درندگی کی انتہا ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما رکن مرکزی مجلس شوریٰ شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ اور دیگر نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ صوبائی حکومت کے وزراء کو سیر و تماشہ اور فوٹو سیشنز سے فرصت نہیں عوام چوروں ڈاکوؤں اور قاتلوں کے رحم و کرم پر ہیں معصوم مصور خان کاکڑ کا اغوا اور بعد ازاں بے دردی سے شہادت ظلم وحشت اور درندگی کی انتہا ہے واقعہ سے ثابت ہوا کہ حکومت عوام کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہر کے بیچوں بیچ ایک بچے کو اغوا کرنا اور بعد ازاں شہید کر دینا نہ صرف سفاکیت کی بدترین مثال ہے بلکہ یہ قانون کی رٹ کے مکمل خاتمے کا ثبوت بھی ہے۔

جمعیت علماء اسلام کے صوبائی دفتر میں صوبائی نائب امیر صاحبزادہ مولانا عماد الدین، حافظ حسین احمد شرودی سے گرینڈ الائنس کے وفد لاسا کے قائم خان کاکڑ و دیگر ملاقات کر رہے ہیں

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی محرم الحرام کے تیاریوں کے حوالے سے محکمہ صحت، ایف سی اور صفاء کوئٹہ کے ساتھ اجلاس کر رہے ہیں

شنگھائی تعاون تنظیم میں پاکستان کے موقف کو موثر انداز میں پیش کیا گیا، چوہدری نعیم کریم

بلوچستان میں بھارتی دہشت گردی کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد بھی دنیا کے سامنے پیش کیے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے مرکزی سینئر رہنما چوہدری نعیم کریم نے کہا ہے کہ شنگھائی تعاون تنظیم میں پاکستان کے قومی سلامتی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک نے پاکستان کے موقف کو موثر انداز میں پیش کیا اور بلوچستان میں بھارتی دہشت گردی کے ٹھوس اور ناقابل تردید شواہد دنیا کے سامنے پیش کیے۔ رابطہ آفس کوئٹہ سے جاری ہونے والے ایک بیان میں چوہدری نعیم کریم نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم کے اجلاس میں پاکستان کو ایک بڑی سفارتی کامیابی حاصل ہوئی ہے یہاں بھارت کی جانب سے پہلگام واقع کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام ہوگئی۔ انہوں نے کہا کہ شنگھائی تنظیم اجلاس میں پاکستان نے بلوچستان میں ہونے والی دہشت گردی میں بھارت کے براہ راست ملوث ہونے کے ٹھوس ثبوت دنیا کے سامنے پیش کئے اور مطالبہ کیا کہ تمام ممالک ان ریاستوں کے اقدامات کا محاسبہ کریں جنہوں نے پاکستان کے صوبہ بلوچستان میں جعفر ایکسپریس اور بہت سے دوسرے دہشت گردانہ حملوں کی منصوبہ بندی، مالی معاونت اور سرپرستی کی۔ انہوں نے شنگھائی تعاون تنظیم اجلاس میں پاکستان کے موقف کو بہتر انداز میں پیش کرنے اور بھارت اور بھارت کے پہلگام واقعہ کو پاکستان سے جوڑنے کی کوشش ناکام بنانے پر خواجہ آصف اور انکی ٹیم کو مبارکباد پیش کی

محرم الحرام کے دوران جلوسوں اور مجالس عزا کو فول پروف سیکورٹی دی جائے، طارق جعفری

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان کے سیکرٹری اطلاعات و لسان تحریک طارق احمد جعفری نے کہا ہے کہ عزاداری ہماری شہ رگ ہے جس پر کسی بھی قسم کی قدغن قابل قبول نہیں ہے محرم الحرام کے دوران امن و امان برقرار رکھنے کیلئے سیکورٹی سے متعلق اجلاسوں میں تحریک نفاذ فقہ جعفریہ اور اسکی ذیلی تنظیموں کو نہ بلانا سمجھ سے بالاتر ہے امید کرتے ہیں کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں اور سیکورٹی ادارے محرم الحرام کے دوران جلوسوں اور مجالس عزا کو فول پروف سیکورٹی کی فراہمی کو یقینی بنائیں گے سربراہ تحریک نفاذ فقہ جعفریہ آغا سید حسین مقدسی نے 16 نکاتی ضابطہ عزاداری کا اعلان کر دیا ہے جس پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان امن و امان برقرار رکھنے کیلئے ہمیشہ کی طرح پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کریگی۔ یہ بات انہوں نے جمعہ کو تحریک نفاذ فقہ جعفریہ بلوچستان اور اسکی ذیلی تنظیموں کے مشترکہ اجلاس سے خطاب اور صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ طارق احمد جعفری نے کہا کہ دین وشریعت کی بقا کے لیے امام عالی مقام نے کربلا میں لازوال قربانی پیش کر کے ...

ادارہ بحالی مستحقین کی بانی چیئرپرسن بیگم ثریا الہ دین کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی کی جارہی ہیں

مصور خان کاکڑ کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہیں، سید الطاف حسین شاہ

حکومت کی مجرمانہ نااہلی ،غفلت کے باعث بچہ بحفاظت بازیاب نہ ہوسکا ، بیان

کوئٹہ (آن لائن) اتحاد بین السادات ویلفیئر آرگنائزیشن رجسٹرڈ کے چیئرمین سید الطاف حسین شاہ دہیاسی نے مصور خان کاکڑ کے اغوا اور اس کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کے لواحقین سے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تحریک اتحاد بین السادات پاکستان اس عمل کی شدید مذمت کرتی ہے اور حکومت کی مجرمانہ نااہلی ،غفلت کے باعث بچہ بحفاظت بازیاب نہ ہوسکا اور اسے بے دردی سے شہید کر دیا گیا یہ واقعہ حکومت اور ریاستی اداروں کی ناکامی اور امن وامان، بدامنی کی بدترین صورتحال کی عکاسی کرتا ہے ہم اس سانحہ پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ مجرموں کو فوری طور پر گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے تاکہ آئندہ کسی بھی شخص کو ایسا گھناؤنا فعل کرنے اور دلخراش واقعہ کے لئے جرات نہ ہو

جامعہ کے ایڈوانس اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ کا اجلاس زیر صدارت وی سی منعقد ہوا

ایم ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز سے متعلق اہم تحقیقی و تعلیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

کوئٹہ (پ ر) جامعہ بلوچستان کے وائس چانسلر سیکریٹریٹ کے سنڈیکیٹ ہال میں ایڈوانس اسٹڈیز اینڈ ریسرچ بورڈ (AS&RB) کا 187 واں اجلاس وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایم ایس، ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز سے متعلق اہم تحقیقی و تعلیمی امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر مختلف تحقیقی مقالہ جات، تھیسز اور ریسرچ سینوپسز کی منظوری دی گئی۔ بورڈ نے تحقیق کو فروغ دینے کا عزم دہرایا۔ اجلاس میں پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر غلام رزاق شاہوانی، مختلف فیکلٹیز کے ڈینز، ڈائریکٹرز، چیئرمین جی ایس او قیصر اقبال، رجسٹرار محمد طارق جوگیزئی، کنٹرولر امتحانات ڈاکٹر محمد شریف حسنی، اور ڈی جی اسٹوڈنٹس افیئرز عبدالناصر کیازئی سمیت دیگر اراکین نے شرکت کی۔ وائس چانسلر نے اسکالرز اور ان کے سپروائزرز کی تعلیمی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ جامعہ بلوچستان تدریس اور تحقیق کے میدان میں ...

تنخواہوں میں 17 فیصد اضافے پر چیئرمین مارکیٹ کمیٹی کے مشکور ہیں، عبدالستار

کوئٹہ (این این آئی) مارکیٹ کمیٹی ایمپلائز یونین کے صدر میر عبدالستار مینگل جنرل سیکرٹری جمیل احمد بختیار احمد، منور احمد، عبدالسلام، سلیم بلوچ و دیگر نے جمعہ کے روز چیئرمین مارکیٹ کمیٹی کوئٹہ میر شیر احمد کرد، ڈپٹی ڈائریکٹر نور احمد بلوچ، سیکرٹری مارکیٹ کمیٹی نذیر احمد پانیزئی سے ملاقات کی۔ اس موقع پر میر عبدالستار مینگل اور ان کے وفد نے چیئرمین مارکیٹ کمیٹی کو کنٹریکٹ ملازمین کو درپیش مسائل اور دفتر سے متعلق دیگر امور پر تبادلہ کیا، وفد نے چیئرمین مارکیٹ کمیٹی کوئٹہ کی کوششوں کو خوب سراہا اور کہا کہ چیئرمین مارکیٹ کمیٹی کی کوششوں کی بدولت مارکیٹ ایمپلائز کے تنخواہوں میں 17 فیصد اضافہ کیا گیا اور انہوں نے ملازمین کو یقین دلایا کہ ان کو بہت جلد حکومت بلوچستان کے اعلان کردہ ...

نئی ادبی تنظیم ادب زار جہاں بلوچستان کا قیام خوش آئند ہے، سحر ملتانی

امید ہے ادب کے فروغ اور شاعروں اور ادیبوں کی ہر قدم پر حوصلہ افزائی کی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) ورچو ادب پاکستان کوئٹہ چیپٹر کے چیف ایگزیکٹو اور انجمن گلستان ادب پاکستان کے بانی سحر ملتانی نے ایک بیان میں بلوچستان کی نئی ادبی تنظیم ادب زار جہاں بلوچستان کے قیام، عہدیداروں کی حلف برداری اور مشاعرے کے انعقاد کا خیر مقدم کیا ہے اور ادب زار جہاں بلوچستان کے روح رواں زاہد آفاق اور دیگر عہدیداروں کو مبارکباد دی ہے اور کہا ہے کہ پہلی تقریب میں ہی مشاعرے کا اہتمام انتہائی خوش آئند قدم ہے۔

کوئٹہ نوابزادہ میر لشکری رئیسانی عبدالخالق کاکڑ سے ان کی اہلیہ اور عبدالمالک کاکڑ سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی، ممبر صوبائی اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ، کمشنر آر ٹی آئی اے شکور احمد، ڈاکٹر اسحاق، ڈاکٹر ناشناس لہڑی بہرام بلوچ و دیگر مقررین رائٹ ٹو انفارمیشن پروجیکٹ کے حوالے منعقدہ اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

حکومت بلوچستان حکومتی مذاکراتی ٹیم کی غلط بیانی کا نوٹس لیں، ایپکا صحت

بلوچستان کے ملازمین کو پہلے سے تیس فیصد ڈی آر اے مل رہا ہے، ایپکا ترجمان

وفاق کی طرز پر ملازمین کو مراعات دی جائیں جسکی حکومتی ٹیم نے دینے کا وعدہ بھی کیا ہے

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) ایپکا محکمہ صحت کے ترجمان نے کہا ہے کہ حکومتی نمائندگان جنہوں نے گرینڈ الائنس کیساتھ جو وعدہ کیا ہے انھیں پورا کریں حکومت کے لیے یہ کوئی مشکل نہیں ہے کہ اپنے ہی ملازمین کے مسائل حل کریں حکومتی بدبختی یہ ہے کہ وہ عوام اور ملازمین کے بات سننے تک تیار نہیں ہے جسکی وجہ سے ... معدنیات سے مستفید ہو رہی ہے لیکن بلوچستان کے عوام اور ملازمین دو وقت کی روٹی کے لیے ترس رہی ہے ایپکا محکمہ صحت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صاحب سے مطالبہ کرتی ہے کہ خدارا ان غریب ملازمین کو مسائل حل کریں وفاق اور دیگر صوبائی حکومتیں جو اپنے ملازمین کو 70 فیصد ڈی آر اے ...

ہنہ اوڑک میں بجلی کی ترسیل فوری طور پر بحال کی جائے، فیصل کاکڑ

کوئٹہ (آئی این پی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے اطلاعات سیکرٹری فیصل کاکڑ، ضلع ایگزیکٹوز دوست محمد ہنہ وال، خان زمان کاکڑ، ضلع کمیٹی کے اراکین عبدالعلیم صاحب، فرید طوفان، ملک فرحان، یاسین زئی، تحصیل صدر اطلاعات سیکرٹری فتح اللہ کاکڑ، ہنہ اوڑک کے علاقائی سیکرٹری صادق کاکڑ، سینئر معاون سیکرٹری یونس خان و دیگر ایگزیکٹوز اراکین نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ ہنہ اوڑک میں بجلی کی ترسیل فوری طور پر بحال کی جائے ...

مسائل کے حل کے لیے سیاسی اور قبائلی عمائدین کو اعتماد میں لیا جائے گا، محمد طاہر توحیدی

جمعیت علماء اسلام تعصب اور قومیت سے بالاتر ہوکر عوامی مسائل کے حل کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی بزار گنجی کے مجلس عاملہ کا اہم اجلاس الجمعیت ہاؤس میں زیر صدارت جمعیت علماء اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی بزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی منعقد ہوا اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت مولانا قاری عبدالخالق نے حاصل کی اجلاس کا ایجنڈا یونٹ کے ناظم عمومی ڈاکٹر ظفر اللہ بنگلزئی نے پیش کیا اجلاس میں ... نائب مولانا محمد صادق نائب امیر مولانا حاجی عبدالمنان سعادت نائب سوئم مولانا مفتی حسین احمد مظہری سرپرست اعلیٰ مولانا شیخ عبدالحق حاجی محمد سلیمان جنگ سرپرست مولانا حافظ ولی الدین مولانا محمد تقسیم مولانا عبدالواسع مولانا حافظ ولی محمد ڈپٹی جنرل سیکرٹری مولانا مفتی دین محمد ڈپٹی جنرل سیکرٹری دوئم مولانا امین اللہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری چہارم مولانا مفتی عبدالستار سیکرٹری اطلاعات مولانا حافظ عین اللہ صابر ...

محرم الحرام میں بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنایا گیا ہے، کیسکو

کوئٹہ (پ ر) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) محرم الحرام کے ایام میں مجالس اور عزاداری کے دوران امام بارگاہوں سے منسلک فیڈروں کو بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنا رہی ہے۔ کوئٹہ شہر میں امام بارگاہوں سے منسلک فیڈروں پر یکم محرم سے دس محرم تک 11Kv مری آباد، سید آباد، طوغی روڈ، لیاقت بازار، ایکسپریس، ویسٹرن بائی پاس، ہزارہ ٹاؤن، کرانی، غازی اور جبل نور فیڈروں کو شام 5 بجے سے صبح 5 بجے تک بلاتعطل بجلی فراہم کی ... اسکے علاوہ کیسکو نے خصوصی انتظامات کے تحت مرکزی کمپلینٹ سیل کو محرم الحرام کے ایام میں مانیٹرنگ وایمرجنسی کنٹرول سینٹر قرار دے دیا ہے جو کہ محرم کے جلوس والے راستوں میں بجلی منقطع ہونے یا صارفین کی جانب سے شکایت موصول ہونے پر بجلی کی دوبارہ بحالی کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرے گا

تمام گرفتار ملازمین رہنماں اور کارکنوں کو فوری رہا کیا جائے، رحیم کاکڑ

بلوچستان کے ملازمین کو بھی وفاقی حکومت کی اعلان کردہ مراعات دی جائیں

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رکن و سابق سینیٹر کوئٹہ رحیم کاکڑ نے گرینڈ الائنس کے پرامن احتجاجی ملازمین پر پولیس کے لاٹھی چارج، آنسو گیس کی شیلنگ اور گرفتاریوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ تمام گرفتار رہنماں اور کارکنوں کو فوری رہا کیا جائے اور ان کے خلاف درج جعلی ایف آئی آرز ختم کی جائیں۔ رحیم کاکڑ نے کہا کہ گرینڈ الائنس کے وفد سے ملاقات کے دوران کہیں لیے طاقت و فورس کے ذریعے کارروائیاں کیں، جو کہ سراسر غیر قانونی اور جمہوری اقدار کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف بلوچستان کے تمام سرکاری ملازمین اور عوام کے ساتھ کھڑی ہے اور ملازمین کو دی جانے والی وفاقی مراعات کو صوبائی سطح پر بھی فوری طور پر نافذ کیا جانا چاہیے۔ ...

بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کی جانب سے کاریزات بار کو سی پلیوٹرز کی فراہمی

... بار ایسوسی ایشن کے صدر عطاء اللہ لانگو، سینئر نائب صدر جمیل بوستان، وائس پریزیڈنٹ کوئٹہ زون عصمت اللہ اچکزئی، وائس پریزیڈنٹ قلات زون واجہ اکرم بلوچ وائس پریزیڈنٹ ژوب زون موسیٰ جان، جنرل سیکرٹری سید نجیب الدین آغا، جوائنٹ سیکرٹری مس سمیرا عابد، فنانس سیکرٹری ایاز خان کاکڑ ایڈووکیٹ، لائبریری سیکرٹری سنان ہوت، پریس سیکرٹری عبدالقادر کاکڑ کاریزات بار / خانوزئی بار کے ... جانب سے ایک عدد اے سی، 2 عدد کمپیوٹر ... ڈسپنسر اور کراکری کا سامان کاریزات بار ایسوسی ایشن کے لئے سامان پریس سیکرٹری عبدالقادر کاکڑ اور کاریزات بار کے صدر امین اللہ فرشتین کے حوالے کیے بلوچستان ہائیکورٹ بار ایسوسی ایشن کا تمام بار ایسوسی ایشن کے لائبریری کو ڈیجیٹلائز کرنے کا وعدہ کیا تھا اس پر عمل شروع ہو گیا مختلف بارز کو گرانٹ مل چکا۔

... سیلاب کے باعث ہنہ اوڑک کی انفراسٹرکچر تباہ ہوئی اور آج تک اس انفراسٹرکچر کی دوبارہ بحالی وتعمیر کے لیے اقدامات نہیں اٹھائے گئے۔ محض سڑک کی تعمیر کا کام وہ بھی تین سال بعد شروع ہوا ہے۔ مختلف ڈونرز ایجنسیوں کی جانب سے لاکھوں ڈالرز کی امداد اور تعمیراتی کام اب تک سرد خانے کی نذر ہیں۔

کوئٹہ، چیئرمین بی آئی ٹی اوپس جدون صدر سپریم کورٹ بار رؤف عطاء صدر بلوچستان ہائیکورٹ بار عطاء اللہ لانگو ایران کے قونصل جنرل علی رضا جاہی کو علامہ اقبال گولڈ میڈل سے نواز رہے ہیں

امیر عبدالقدیر اعوان شیخ سلسلہ نقشبندیہ اویسیہ و سربراہ تنظیم الاخوان پاکستان جمعۃ المبارک کے موقع پر خطاب کر رہے ہیں

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی سبی ڈویژن سبی

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ 19(10) انسداد دہشت گردی ایکٹ

AT نمبر 02/2025 FIR نمبر 09/25 سرکار بنام: جور خان عرف طوطا وغیرہ

جرم زیر دفعہ 5Explosive-11(F)(i)(ii),120B,34PPC CTD سبی

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی نادر علی ولد نوبت خان قوم ٹالانی سکنہ ... (مفرور ملزم) جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں (یا ان کے ارتکاب پر شبہ ہے) اور از روئے رپٹ یعنی کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری کے جو بر طبق اس نالش کے جاری ہوا معلوم ہوا ہے کہ مسمی مذکورہ بالا دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ...

13-08-2025

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ سبی

PRQ No4907/27-06-2025

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی سبی ڈویژن سبی

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ دفعہ 19(10) انسداد دہشت گردی ایکٹ

AT نمبر 03/2025 FIR نمبر 10/2025 سرکار بنام: امان اللہ ولد بوتان وغیرہ

جرم زیر دفعہ 7ATA 11(10) 11(H) 5Explosive-11(F)11(v) CTD سبی

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمی منظور ٹالانی ولد عیسیٰ خان ٹالانی قوم ٹالانی سکنہ تحصیل لہڑی ضلع سبی (مفرور ملزم) جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں ...

13-08-2025

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ سبی

PRQ No4908/27-06-2025

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

اشتہار زیر دفعہ 87 ضابطہ فوجداری پاکستان ہمراہ (10)19 انسداد دہشت گردی ایکٹ

اسپیشل کیس نمبر 34/24 FIR نمبر 06/24 سرکار بنام: محمد خراسانی وغیرہ

جرم زیر دفعہ 11/066 302,186,353,7ATA CTD بلوچستان

ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش پیش ہوئی ہے کہ مسمیان (1) نقیب اللہ عرف نوید عرف خالد عرف خراسانی ولد نامعلوم قوم بڑیچ سکنہ زہری ٹاؤن ہزار گنجی کوئٹہ (2) پیر عین الزمان ولد فیض اللہ قوم کبزئی سکنہ مرغہ ژوب جرم بالا کے جس کی سزا مذکورہ بالا دفعات میں مقرر ہے مرتکب ہوئے ہیں ...

03-7-2025

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No4910/27-06-2025

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob dgpr.balochistan

انتقال پر ملال / اظہار تعزیت

عبدالنعیم لالہ طویل علالت کے بعد انتقال کرگئے

کوئٹہ (پ ر) سینئر سیاست دان وسابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے جمعہ کے روز نواں کلی میں واقع عبدالخالق کاکڑ کی رہائش گاہ جا کر ان سے ان کی اہلیہ اور عبدالمالک کاکڑ سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی ... عبدالنافع، عتیق اللہ کے والد، مرحوم حاجی عبدالرحیم لالہ، حاجی عبدالکریم (گل آغا)، عبدالقیوم کاکڑ ڈپٹی ڈی ریٹائرڈ آفیسر ...

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

گنداواہ، ڈکیتی کی وارداتوں اور بدامنی میں اضافے سے شہری پریشان

گنداواہ (نامہ نگار) ڈکیتی کی وارداتوں، بدامنی کے واقعات میں اضافے سے شہری پریشان، امن وامان قائم کیا جائے شہری تفصیلات کے مطابق درگاہ فتح پور کے قریب موٹر سائیکل ڈکیتی کی واردات، مزاحمت پر شہری زخمی۔ پولیس ذرائع کے مطابق غلام رسول ولد اللہ بخش چانڈ رامہ نگسی کو درگاہ فتح پور کے قریب مسلح افراد نے اسلحہ کے زور پر روک لیا۔ موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کے دوران غلام رسول کی جانب سے مزاحمت پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں وہ زخمی ہوگئے

میتھین گیس اور ایل پی جی دونوں کا دروازہ بلوچستان ہے، زین العابدین

عدالتی حکم کی روشنی میں تشکیل دی جانے والی کمیٹی کی صوبائی صارفین کیلئے رعایتی ٹیرف سفارشات کابینہ کو منظوری کیلئے پیش کی جارہی ہیں

ایل پی جی مینوفیکچرنگ یونٹس پر کوئی پابندی نہیں، ایل پی جی کی طلب، رسد اور اس پر سبسڈی اوگرا کا نہیں بلکہ وفاقی حکومت کا اختیار ہے

جنگلات کی حفاظت اور موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے صوبے کے مختلف اضلاع میں ایل پی جی پلانٹس لگائے جائیں، حاجی محمد ایوب مریانی

کوئٹہ (آئی این پی) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) اسلام آباد کے ممبر (گیس) زین العابدین نے کہا ہے کہ بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم کی روشنی میں تشکیل دی جانے والی کمیٹی کی صوبے کے صارفین کے لئے رعایتی ٹیرف بارے سفارشات کابینہ کو منظوری کے لئے پیش کی جارہی ہیں، گیس اور ایل پی جی دونوں کا دروازہ بلوچستان ہے ایل پی جی مینوفیکچرنگ یونٹس پر کوئی پابندی نہیں ایل پی جی کی طلب، رسد اور اس پر سبسڈی اوگرا کا نہیں بلکہ وفاقی حکومت کا اختیار ہے بلوچستان کے منتخب نمائندے اس بابت کردار ادا کرسکتے ہیں سوئی گیس کے مقابلے میں ایل پی جی میں توانائی کی مقدار بہت زیادہ ہے، افسوس ہم نے قدرتی گیس کا بہت بڑا قدرتی ذخیرہ چولہوں میں جلا کر ہوا میں اڑا دیا ہے کیونکہ چولہے میں گیس 20 فیصد سے زیادہ نہیں جلتا اور اس کا 80 فیصد ضائع ہوجاتا ہے، اوگرا بلوچستان کا ریجنل آفس تسلسل کے ساتھ صارفین کی شکایات کے لئے کھلی کچہری لگا لیا کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے عہدیداران و ممبران کے ساتھ منعقدہ اجلاس کے دوران اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں ریجنل ہیڈ وفاقی محتسب کوئٹہ غلام سرور براہی، اوگرا کے ریجنل ہیڈ میر اللہ مری، ایل پی جی پلانٹس مالکان و ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں و دیگر نے بھی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان کے صدر حاجی محمد ایوب مریانی سینئر نائب صدر حاجی اختر کاکڑ و دیگر کا کہنا تھا کہ بلوچستان میں جنگلات کی حفاظت اور گلوبل وارمنگ کے چیلنجز سے نمٹنے کے لئے ضروری ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں ہنگامی بنیادوں پر ایل پی جی پلانٹس لگائے جائے اور اس سلسلے میں صوبے کے زمینی حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے

کوہلو، ڈپٹی کمشنر عظیم جان دمڑ محکمہ ایم ایم ڈی کے آفیسر غلام قادر کے ہمراہ ننگہ ندی میں ممکنہ سیلابی پانی کا پیشگی جائزہ لے رہے ہیں

انتظامیہ ہر صورت ہوائی فائرنگ کا سد باب کرے، کاشف حیدری

7 سالہ بچی کی ہلاکت اور 11 سالہ بچے کا زخمی ہونا ناقابل برداشت سانحات ہیں

معاشرے میں غیر ذمہ دار عناصر کی بے راہ روی قیمتی انسانی جانوں کو نگل رہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے تاجر اور سماجی رہنما کاشف حیدری نے کہا ہے کہ ہوائی فائرنگ کے بڑھتے ہوئے واقعات ایک خونی کھیل کی شکل اختیار کر چکے ہیں، جنہیں فوری طور پر روکنے کی ضرورت ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ چالو باڑی میں ہوائی فائرنگ سے سات سالہ معصوم بچی کی اندھی گولی سے ہلاکت اور مری آباد علمدار روڈ میں 11 سالہ بچے کا زخمی ہونا ناقابل برداشت سانحات ہیں، جو اس بات کا ثبوت ہیں کہ معاشرے میں غیر ذمہ دار عناصر کی نادانی قیمتی انسانی جانوں کو نگل رہی ہے۔ شادیوں اور دیگر تقریبات میں رات بھر ہوائی فائرنگ معمول بن چکی ہے، مگر متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں اور کسی قسم کی مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی جاتی۔ شدید گرمی اور طویل لوڈشیڈنگ کے باعث شہری رات کے وقت گھروں کی چھتوں یا صحنوں میں سونے پر مجبور ہوتے ہیں، ایسے میں اندھی گولیاں براہ راست ان کی جانوں کے لیے خطرہ بن چکی ہیں۔ ہوائی فائرنگ کسی خوشی کی علامت نہیں بلکہ ایک جان لیوا اور مجرمانہ عمل ہے، جسے فوری طور پر بند کیا جانا چاہیے۔ قانون نافذ کرنے والے اداروں کی یہ ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ فوری اور فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کے مرتکب افراد کو کیفر کردار تک پہنچائیں، تاکہ معاشرے میں خوف اور بے یقینی کی فضا ختم ہو اور آئندہ ایسے المناک سانحات سے بچا جا سکے۔ متاثرہ خاندان انصاف کے متلاشی ہیں، اور ان کا درد ناقابل بیان ہے

پی ٹی آئی کی خواتین بھی کسی کی ماں، بہن بیٹیاں ہیں رہا کیا جائے، پی ٹی آئی رہنما

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان خواتین ونگ کی صوبائی صدر صفیہ کاکڑ نے کہا ہے کہ فارم 47 کی حکومت بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر اوچھے ہتھکنڈوں پر اتر آئی ہے اس طرح کے حربوں سے کسی صورت مرعوب نہیں ہوں گے۔ بانی پی ٹی آئی کو پابند سلاسل رکھنا قابل مذمت ہے زر اور زور کے ذریعے عوامی مینڈیٹ کو چھین کر کٹھ پتلی حکومت بنائی گئی ہے انسانی حقوق کی تنظیموں کی خاموشی باعث تشویش ہے ظلم کے خلاف آواز بلند کریں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں طاہرہ، سلطانہ، شازیہ مینگل، ہمیرا صبا و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی خواتین بھی کسی کی ماں بہن ہیں ان کی گرفتاری اور غیر انسانی سلوک پر انسانی حقوق کی تنظیمیں خاموش ہیں۔ انصاف سب کیلئے برابر ہونا چاہئے

حالیہ بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے والے منصوبے شامل ہیں، ولی محمد نورزئی

حلقہ انتخاب سے انتخابات میں کئے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنا کر دم لیں گے، پانی، انفراسٹرکچر، تعلیم اور صحت اولین ترجیحات ہے

پشتون آباد، سریکی روڈ اور گردونواح میں سڑکوں کی تعمیر سے عوام کے دیرینہ مسائل حل ہونگے، تعمیر کے بعد ان کا خیال رکھنا عوامی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (اے پی پی) پارلیمانی سیکرٹری برائے سماجی بہبود حاجی ولی محمد نورزئی نے کہا ہے کہ بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے والے منصوبے شامل ہیں، حلقہ انتخاب سے انتخابات میں کئے گئے وعدوں کو عملی جامہ پہنا کر دم لیں گے، پانی، انفراسٹرکچر، تعلیم اور صحت اولین ترجیحات ہے، پشتون آباد، سریکی روڈ اور گردونواح میں سڑکوں سے عوام کے دیرینہ مسائل حل ہونگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ملاقات کیلئے آنے والے قبائلی عمائدین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سائلین نے پارلیمانی سیکرٹری کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ حاجی ولی محمد نورزئی نے یقین دہانی کرائی کہ تمام تر مسائل کے حل کیلئے مل بیٹھ کر اتحاد و اتفاق کے ساتھ آگے بڑھتے ہوئے مشترکہ لائحہ سے ان کا خاتمہ یقینی بنائیں گے، حکومتی اقدامات اس وقت تک غیر موثر رہتے ہیں جب تک عوامی شرکت نہ ہوں، سڑکوں کی تعمیر کے بعد ان کا خیال رکھنا عوام کی ذمہ داری ہے اسی طرح تعلیمی اداروں اور صحت کے مراکز کا خیال رکھنا بھی عوام کی ذمہ داریوں میں شامل ہیں، بحیثیت عوامی نمائندہ عوام کے ساتھ الیکشن میں جو وعدے کئے تھے ان کی تکمیل کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں رہیں گے۔



حب، میونسپل کارپوریشن کا عملہ بارشوں کے پانی کی نکاسی آب کر رہا ہے

خیر محمد فورمین کی جدوجہد و قربانیاں تاریخ کا روشن باب ہیں، سید صادق آغا

معروف مزدور رہنما کے انتقال پر پی ٹی آئی کے صوبائی سینئر نائب صدر کا اظہار افسوس

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی سینئر نائب صدر اور ممتاز قبائلی رہنما سید صادق آغا نے معروف ٹریڈ یونین رہنما خیر محمد فورمین کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا کہ خیر محمد فورمین ایک عظیم انسان، سچے کارکن اور مزدور طبقے کے نڈر نمائندے تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی حقوق، انصاف اور مساوات کی جدوجہد میں وقف کی۔ سید صادق آغا نے کہا کہ مرحوم نے ذاتی مفادات کی بجائے اجتماعی فلاح کو ترجیح دی اور مزدور تحریک کو نئی سمت دینے میں کلیدی کردار ادا کیا۔ ان کی قیادت میں بلوچستان میں محنت کشوں کے حقوق کے لیے جو عملی جدوجہد کی گئی، وہ تاریخ کا حصہ بن چکی ہے۔ نوجوانوں کو باعزت روزگار اور سماجی انصاف کے لیے انہوں نے ہمیشہ آواز بلند کی۔ انہوں نے کہا کہ خیر محمد فورمین کا انتقال مزدور طبقے کے لیے ایک بڑا نقصان ہے جس کی تلافی ممکن نہیں۔ ان کی خدمات کو آئندہ نسلیں بھی یاد رکھیں گی۔ آخر میں سید صادق آغا نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان و رفقا کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

مسلم ممالک کے تحفظ کے لیے عالمی سطح پر اتحاد کی ضرورت ہے، اتحاد اہل سنت

کوئٹہ (آئی این پی) اتحاد اہل سنت بلوچستان کے مرکزی شوریٰ کے ممبر مفتی محمد جان قاسمی سے اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی کھوسہ، طارق قادری نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی ملاقات میں ملکی و غیر ملکی صورتحال پر خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فلسطین کشمیر افغانستان ایران شام یمن سمیت دیگر مسلم ممالک کو بچانے کے لیے عالمی سطح پر اتحاد کی ضرورت ہے اتحاد کی علاوہ مسلم حکمرانوں کے پاس کوئی راہ موجود نہیں اگر ہم نے آنکھیں بند کرلی تو آنے والے وقت خطرناک ثابت ہو سکتے ہیں ایک طرف امریکہ امن کی دعوے کر رہا ہے تو دوسری طرف ایران پہ حملہ کر کے یہ ثابت کر رہا ہے کہ منہ سے ہم امن چاہتے ہیں لیکن اندرونی طور پر ہم مسلمانوں کو جینے نہیں دیں گے یہود و نصاریٰ کبھی بھی مسلمانوں کے دوست نہیں ہو سکتے لہذا ہمیں ہوش کے ناخن لینے ہوں گے اپنی اپنی مفادات کو چھوڑ کر مسلمانوں کو تحفظ دینے کے لیے بات کی جائے کفار قوتیں یکجا ہو کر مسلم ممالک کو علیحدہ علیحدہ وار کر کے سب کو تباہ کر کے ان سے جنگ لڑنا چاہتے ہیں اور ہم حکمرانوں کو بھی کہنا چاہتے ہیں کہ اسرائیل امریکہ اور ان کے حواریوں کے لیے نرم گوشہ رکھنے سے باز آئیں انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت ملک اور بلوچستان میں امن کرنے قائم کرنے میں اور مہنگائی کنٹرول نوجوانوں کے لیے روزگار مواقع فراہم کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکا ہے حکمران سب صحیح نعرے کو دفن کر کے حقیقی معنوں میں ملک اور عوام کی خدمت کے لیے میدان عمل ہوں حکمران دعویٰ کر رہے ہیں

دور دراز علاقوں کی بچیوں نے فاصلاتی نظام تعلیم سے میٹرک مکمل کر لیا

دور افتادہ اور محروم علاقوں کی بچیوں تک معیاری تعلیم کی فراہمی ہمارا مشن ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود

اسلام آباد (شاکر رحمان) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے فاصلاتی نظام تعلیم کے تحت ضلع تورغر کے پسماندہ علاقوں سے تعلق رکھنے والی درجنوں بچیوں نے میٹرک مکمل کر لیا۔ اس اہم کامیابی کی خوشی میں ایک باوقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جو متبادل تعلیمی راستے (ALP) کے تحت، محکمہ ابتدائی وثانوی تعلیم خیبر پختونخوا اور یونیسیف کے اشتراک سے ممکن ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی وائس چانسلر، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود تھے جنہوں نے کہا کہ اوپن یونیورسٹی خواتین کی تعلیم پر خصوصی توجہ دیتی ہے، ہماری خواہش ہے کہ ملک کے پسماندہ ترین علاقوں کی لڑکیوں کو تعلیم کے زیور سے آراستہ کیا جائے۔ دور افتادہ اور محروم علاقوں کی بچیوں تک معیاری تعلیم کی فراہمی ہمارا مشن ہے جو ہم بھرپور عزم سے جاری رکھیں گے۔ تقریب میں ڈاکٹر توقیر احمد خان (ڈائریکٹر جنرل ریجنل سروسز)، ڈپٹی کمشنر تورغر، یونیسیف، ALP اور جائیکا کے نمائندے، اساتذہ، والدین اور کامیاب طالبات شریک ہوئیں۔ اسناد کی تقسیم کے ساتھ طالبات کے جذبے اور محنت کو بھرپور سراہا گیا۔ یونیسیف اور ALP کی مالی و تکنیکی معاونت نے اس کامیابی کو ممکن بنایا جو پاکستان کے دور دراز علاقوں میں لڑکیوں کو تعلیم یافتہ اور بااختیار بنانے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

سیکورٹی کی مد میں اربوں روپے خرچ ہونے کے باوجود امن ندارد، سیاسی و مذہبی جماعتیں

حافظ قرآن مصور خان کاکڑ کا لاش ملنا حکومتی اور سیکورٹی اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے، وزیر اعلیٰ نے بچے کی بازیابی کا وعدہ پورا نہیں کیا

صوبائی حکومت عوام کو تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے، اقتدار میں رہنے کا کوئی جواز نہیں، ملک سکندر ایڈووکیٹ، داؤد شاہ کاکڑ، رشید ناصر

کوئٹہ (اے این این) سیاسی اور مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ حفیظ القرآن مصور خان کاکڑ کے لاش ملنا حکومتی اور سیکورٹی اداروں کیلئے سوالیہ نشان ہے حکومت کے سربراہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے بچے کی بازیابی کیلئے جو وعدہ کیا وہ بھی پورا نہیں کیا جا سکے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حکومت عوام کو تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکے ہیں اپنی ناکامی کا ملبہ کسی اور پر ڈالنے یا موقف ادھر ادھر کرنے کی بجائے مستعفی ہو جائے' یہ بات جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری ملک سکندر خان ایڈوکیٹ جمعیت علماء اسلام نظریاتی کے صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی' پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ اور عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری رشید خان ناصر نے مغوی بچے کی لاش ملنے کے بعد رد عمل کا اظہار کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ معصوم بچے کو درندوں نے گولی مار کر شہید کر دیا اور لاش کو ویرانے میں پھینک دیا گیا دہشتگردی کا ایک سنگین مثال ہے، جس سے کوئی بھی ذی شخص برداشت نہیں کر سکتا ہے بلکہ خاندان کے ساتھ ہر بلوچستانی غم سے نڈھال ہے اور یہ مطالبہ کرتے ہیں کہ امن امان اور عوام کو تحفظ دینے کے حوالے سے ہم تو اربوں روپے خرچ کرتے ہیں لیکن معصوم بچے کی لاش ملنا حکومت وقت اور سیکورٹی اداروں کیلئے چیلنج سے کم نہیں حکومت ایک طرف موقف اختیار کر رہی ہے کہ ہم نے ملزمان کو گرفتار کر لیا اور دوسری جانب خاموشی ہے اگر حکومت کی موقف میں ذرا بھی سچ ہے تو حکومت اپنا موقف اور حقائق عوام کے سامنے لایا جائے بلکہ جو درندے اس واقعہ میں ملوث ہے اس کو سر عام پھانسی دیا جائے۔

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کی قائم مقام امریکی سفیر نٹالی بیکر سے ملاقات کر رہے ہیں

29 جون کو ابوظہبی میں پاکستانی مینگو فیسٹیول منعقد کیا جائے گا

اس غیر تجارتی فیسٹیول کا انعقاد شیخ خلیفہ ہسپتال کے طبی ماہر ڈاکٹر فرحان کر رہے ہیں

نمائش شام 4 بجے سے 8 بجے تک نجی ہوٹل میں پاکستانی سفارت خانے کے تعاون سے منعقد ہوگی

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستانی ثقافت کے فروغ کے لیے اہم قدم کے طور پر شیخ خلیفہ ہسپتال ابوظہبی میں خدمات انجام دینے والے ممتاز پاکستانی ڈاکٹر اور اوورسیز پاکستانی فاؤنڈیشن کے ایگزیکٹو ممبر ڈاکٹر محمد فرحان ابوظہبی میں ایک غیر تجارتی مینگو فیسٹیول کا انعقاد کر رہے ہیں۔ یہ تقریب اتوار، 29 جون، 2025 کو شام 4:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک، لی رائل میریڈین ہوٹل میں، سفارت خانہ پاکستان کے تعاون سے منعقد کی جارہی ہے۔ یہ تہوار پاکستان کے زرعی ورثے کو اجاگر کرنے اور فروغ دینے کی کاوش ہے، خاص طور پر عالمی سطح پر مشہور پاکستانی آم کو متعارف کروانے کے لیے ایک اہم قدم ہے۔ اس تقریب میں آم کی دس سے زیادہ اقسام کو پیش کیا جائے گا، جس کے ساتھ آم سے بنے پکوان کی تیاری بھی ہوگی۔ تقریباً 700 کارٹن آم حاضرین میں مفت تقسیم کیے جائیں گے۔ ایونٹ میں داخلہ عوام کے لیے بالکل مفت ہے۔ ڈاکٹر فرحان نے اس سے قبل بھی 2023 میں ایک انتہائی کامیاب مینگو فیسٹیول کا انعقاد کیا تھا۔ اس اقدام کو بغیر کسی کارپوریٹ اسپانسرشپ یا تجارتی تعاون کے آزادانہ طور پر شروع کیا گیا ہے۔ یہ تقریب خالصتاً قومی نمائندگی، ثقافتی سفارت کاری، اور بیرون ملک پاکستان کے سوفٹ امیج کو فروغ دینے کے لیے ان کے عزم پر مبنی ہے۔ توقع ہے کہ میلہ متنوع سامعین کو اپنی طرف متوجہ کرے گا، بشمول سفارتی برادری کے ارکان، مقامی باشندے، اور پاکستانی تارکین وطن کے لیے دلچسپی کا باعث بنے گا۔ اس کا مقصد ثقافتی روابط کو مضبوط کرنا، پاکستان کی زرعی کارکردگی کو اجاگر کرنا اور روایتی مہمان نوازی کا مظاہرہ کرنا ہے۔ یہ اقدام پاکستان کے عالمی ثقافتی تشخص کو بلند کرنے اور اس کی قدرتی پیداوار اور بھرپور ورثے کو فروغ دینے کے لیے ایک قابل ستائش انفرادی کوشش کی عکاسی کرتا ہے۔

مصور کاکڑ کے قتل کا واقعہ دلخراش ہے، اے کیو ایم

عوام کے تحفظ میں ناکام حکومت کے پاس اقتدار میں رہنے کا کوئی اخلاقی جواز نہیں

کوئٹہ (پ ر) افغان قومی موومنٹ کے بیان میں صوبے کے ناپرسان حالت پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے معصوم مصور خان کی اغواء اور اسکی اٹھ مہینے کے طویل عرصے تک عدم بازیابی کی صورت میں اس کی لاش کا ملنا انتہائی افسوسناک اور ناقابل برداشت غم ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے معصوم مصور خان کی اغواء کے خلاف احتجاجی دھرنے کو دھوکہ دیتے ہوئے تھکی وزیراعلیٰ نے دھرنے کے شرکاء کو دھرنا ختم کرا کے دس دن کے اندر بازیاب کرانے کا وعدہ کی تھا لیکن وہ بازیابی میں بری طرح سے ناکام ہوئے اور آج مصور خان کاکڑ کی لاش ڈرامائی اسلئے وزیراعلیٰ کو اخلاقی طور پر اپنی ناکامی کو مدنظر رکھتے ہوئے مستعفی ہو جانا چاہئے بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ صوبے کا کوئی بھی شہر پرامن نہیں رہا امن امان کو ایک خاص سازش کے تحت خراب کرنے کی سازش ہو رہی ہے عوام کی جان و مال کو شرپسند ڈاکوؤں چوروں اور لوٹ مار کرنے والوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ نتیجتاً شہریوں کی آئے روز اغواء برائے تاوان کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شرپسند عناصر کسی بھی وقت بے گناہ شہریوں کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ حکومتی اداروں اور خاص کر انتظامیہ کی ناکامی کا سب سے بڑا ثبوت یہ ہے کہ جس شہر میں قانون نافذ کرنے والے خود بھی محفوظ نہیں ہیں تو وہ عوام کو کیا خاک تحفظ دیگی اے کیو ایم مطالبہ کرتی ہے کہ عوام کی جان و مال کو مکمل تحفظ فراہم کرنے کیلئے ایماندار اور فرض شناس افسران کی تعیناتی عمل میں لاکر سیاسی اثر و رسوخ پر تعینات کئے گئے غیر ذمہ دار آفسران کا تبادلہ کیا جائے مزید کہا گیا ہے کہ حکومتی بدانتظامی اور خراب طرز حکمرانی کی وجہ سے عوام پر عرصہ حیات تنگ کیا جا رہا ہے جو ایک ناکام ریاست کے منہ بولتا ثبوت ہے

گوادر، محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی جانب سے منشیات کے خلاف عالمی دن کے مناسبت سے آگاہی واک کے شرکاء

طلبا کو، خود کفیل اور باوقار شہری بنانا ہمارا نصب العین، محمد اقبال ترین

انٹرپرینیورشپ اور جدید ٹیکنالوجی طلبا کو قومی ترقی میں قائدانہ کردار کی حامل بناتی ہے

جامعہ کے سب کیمپس مستونگ کے ڈائریکٹر کا کیریئر کاؤنسلنگ، انٹرپرینیورشپ سیشن سے خطاب

کوئٹہ (اے پی پی) جامعہ بلوچستان سب کیمپس مستونگ کے ڈائریکٹر محمد اقبال ترین نے کہا ہے کہ ہمارا نصب العین طلبا کو محض ڈگری ہولڈر نہیں بلکہ روزگار پیدا کرنے والا، خود کفیل اور باوقار شہری بنانا ہے۔ انٹرپرینیورشپ اور جدید ٹیکنالوجی کی فہم طلبا کو قومی ترقی میں قائدانہ کردار ادا کرنے کے قابل بناتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جامعہ بلوچستان کے سب کیمپس مستونگ میں کیریئر کاؤنسلنگ، انٹرپرینیورشپ (کاروباری مواقع)، جدید آئی ٹی ٹیکنالوجی، اور فری لانسنگ کے عنوان سے منعقدہ آگاہی سیشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ پروگرام کی صدارت کیمپس ڈائریکٹر محمد اقبال ترین نے کی، جنہوں نے افتتاحی خطاب میں کہا کہ ہمارا نصب العین طلبا کو محض ڈگری ہولڈر نہیں بلکہ روزگار پیدا کرنے والا، خود کفیل اور باوقار شہری بنانا ہے۔ انٹرپرینیورشپ اور جدید ٹیکنالوجی کی فہم طلبا کو قومی ترقی میں قائدانہ کردار ادا کرنے کے قابل بناتی ہے۔ انہوں نے اپنی مکمل ٹیم، بالخصوص تدریسی فیکلٹی اور شعبہ جاتی سربراہان کو خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ ایسے علمی و تربیتی سیشنز کے ذریعے ہم طلبا کو حقیقی زندگی کے چیلنجز کے لیے تیار کر رہے ہیں جو کہ اساتذہ کی سرپرستی اور تعاون کے بغیر ممکن نہیں تقریب کے مہمان خصوصی پروفیسر (ریٹائرڈ) صالح محمد شاد تھے، جنہوں نے اپنے خطاب میں تعلیم، وقت کی قدر، اور جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگی پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ صرف نوکری کے انتظار میں وقت ضائع نہ کریں بلکہ علم و مہارت کے ذریعے خود روزگار کے مواقع پیدا کریں۔ اس موقع پر فارمیسی شعبے کے سربراہ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ شاہوانی، مینجمنٹ سائنسز شعبے کے سربراہ ڈاکٹر وسیم صادق، کمپیوٹر سائنس شعبے کے سربراہ فدا احمد، ایجوکیشن شعبے کے سربراہ عبداللطیف دہوار موجود تھے۔ پروگرام کے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے شعبہ مینجمنٹ سائنسز کے سربراہ ڈاکٹر وسیم صادق نے طلبا کو کیریئر کی منصوبہ بندی اور انٹرپرینیورشپ، جبکہ شعبہ کمپیوٹر سائنسز کے ہیڈ فدا احمد نے مصنوعی ذہانت (AI)، چیٹ جی پی ٹی (ChatGPT)، اور فری لانسنگ جیسے جدید اور ضروری موضوعات پر آگاہی دی۔ فدا احمد نے ان موضوعات کو قومی و بین الاقوامی سطح پر درپیش مواقع اور چیلنجز کے ساتھ جوڑ کر طلبا کو عملی زندگی کے لیے تیار رہنے پر زور دیا۔ طلبا و طالبات نے سیشن کو نہایت مفید، حوصلہ افزا اور انسپائرنگ قرار دیا اور اس دوران سوال و جواب کی نشست میں طلبا نے بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کیا۔ کیمپس ڈائریکٹر محمد اقبال ترین کی متحرک قیادت میں سب کیمپس مستونگ میں نہ صرف معیاری تعلیم کو فروغ دیا جارہا ہے

صوبائی بجٹ عوام دشمن ہے مسترد کرتے ہیں، پشتونخوا نیپ

1028 ارب بجٹ میں سے 700 ارب روپے غیر ترقیاتی بجٹ رکھا گیا ہے

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ کے پریس ریلیز میں صوبائی بجٹ 2025-26 کو ریاستی اداروں کا بجٹ اور عوام دشمن قرار دیتے ہوئے اسے یکسر مسترد کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ 1028 ارب روپے کی پیش کردہ بجٹ میں سے 700 ارب روپے غیر ترقیاتی بجٹ ہے جبکہ ترقیاتی بجٹ 300 ارب روپے رکھا گیا ہے جس میں خطیر رقم پرائیوٹ این جی اوز کے ذریعے خرچ کرنے کا ارادہ ہے، جس میں 15 ارب روپے CreationWealth کے نام پر نوجوانوں کو ٹریننگ دینے کے بہانے رکھا گیا ہے اسی طرح 5 ارب روپے ایک اور این جی او کو دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ بجٹ میں کوئی بھی سکیم Approved نہیں ہے جس کا مطلب ہے کہ نہ تو کسی سکیم کا PaperConcepts بنایا گیا ہے کہ نہ ہی PC-II یعنی Feasibility Report ہے اور نہ ہی کسی سکیم کا PC-I ہے جو کہ سراسر بجٹ قوانین اور بجٹ مینول کے خلاف ورزی ہے بلکہ ہائی کورٹ نے واضح طور پر حکم دیا ہے کہ کوئی بھی سکیم بغیر Approved کے بجٹ میں نہ رکھا جائے جبکہ اب 2025-26 کے بجٹ میں تقریباً تمام ڈویلپمنٹ بجٹ کو Block Allocation کے مد میں رکھا ہے جس سے صاف ظاہر ہے کہ حکومت نام نہاد اور فارم 47 کی حکومت اور اس کے وزراء اور ممبران اسمبلی Allocation Block کے بہانے تمام ترقیاتی بجٹ کو ہڑپ کرنے اور کمیشن و کرپشن کا ذریعہ بنانے کا فیصلہ کیا ہے اور 300 ارب روپے کی خطیر رقم اگر صحیح معنوں میں خرچ ہو جائے تو اس سے صوبے کے غریب عوام مستفید ہوتے مگر حکومت اور ان کے لانے والے پرورده اداروں نے غریب عوام کے ٹیکسوں سے بنا ہوا بجٹ کو اپنے عیاشیوں اور نخرمستیوں پر خرچ کرنے کا عوام دشمن فیصلہ کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ Productive شعبوں یعنی زراعت، لائیو سٹاک، جنگلات، فیشریز، مائنز و منرل کیلئے بجٹ کا محض چند فیصد رکھا گیا ہے جبکہ اکثر بجٹ سڑکوں اور دیگر تعمیراتی کاموں جس میں کرپشن اور کمیشن کا بڑا ذریعہ ہے اس کیلئے مختص کیا ہے اسی طرح محکمہ صحت کو بھی نظر انداز کیا گیا ہے جبکہ محکمہ تعلیم اور بالخصوص ہائیر ایجوکیشن کیلئے جو رقم درکار تھی وہ اب بھی نہیں رکھا گیا ہے اور حتیٰ کہ گزشتہ عید کو بھی یونیورسٹیز کے اساتذہ کو تنخواہیں نہیں ملی جبکہ دوسری جانب امن وامان کے نام پر تقریباً 100 ارب روپے کی خطیر رقم رکھی گئی ہے جبکہ امن وامان کی صورتحال تمام عوام کے سامنے ہے

ملازمین کے مطالبات سنجیدہ مکالمے کے ذریعے حل کیے جائیں، سلطان محمد خان

گرینڈ الائنس کے احتجاج پر پولیس کی لاٹھی چارج، آنسو گیس کی شیلنگ اور رہنماؤں کی گرفتاری کی مذمت کرتے ہیں

گرینڈ الائنس کے تمام جائز و قانونی مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں، تمام گرفتار افراد کو رہا کیا جائے، مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر اور پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے مرکزی سیکرٹری جنرل سلطان محمد خان نے بلوچستان کے پروفیسرز، لیکچرز، آفیسرز اور دیگر سرکاری ملازمین پر مشتمل گرینڈ الائنس کے احتجاج پر پولیس کا لاٹھی چارج، آنسو گیس کی شیلنگ اور مذاکرات کے نام پر گرینڈ الائنس کے رہنماؤں کی گرفتاری کی شدید مذمت کی اور انتظامیہ کے اس طرز عمل کو غیر جمہوری قرار دیتے ہوئے کہا کہ پر امن احتجاج کرنے والے ملازمین کے جائز اور آئینی مطالبات کو طاقت کے زور پر دبانے کی بجائے جمہوری طریقے سے سنجیدہ مکالمے کے ذریعے حل کیا جائے۔ گزشتہ روز میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی صدر سلطان محمد خان نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ گرینڈ الائنس کے تمام جائز و قانونی مطالبات فوری طور پر تسلیم کیے جائیں، تمام گرفتار افراد کو رہا کیا جائے، زخمیوں کو مکمل علاج و معالجے کی سہولت فراہم کی جائے حالیہ بجٹ میں ملازمین کی تنخواہوں میں کیا گیا اضافہ اونٹ کے منہ میں زیرہ کے مترادف ہے بلوچستان حکومت وفاقی بجٹ میں ہونے والے حالیہ اضافے کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان کے سرکاری ملازمین کی مراعات میں اضافہ کرے۔

پاکستان انسٹیٹیوٹ فار پارلیمنٹری سروسز ملک کا نمایاں ادارہ ہے، یوسف رضا گیلانی

پپس ارکان پارلیمنٹ، سیکریٹریٹ، صوبائی اسمبلی و دیگر اداروں کے عملے کی پیشہ ورانہ تربیت، تحقیق اور پارلیمانی مضبوطی کیلئے خدمات انجام دیتا ہے

گزشتہ چھ ماہ میں 24 سے زائد تربیتی و آگاہی پروگرامز منعقد کیے جن میں 580 اراکین پارلیمنٹ اور 373 سیکریٹریٹ افسران نے شرکت کی

ادارے نے 70 تحقیقی رپورٹس اور 2 کتب تیار کیں ہیں، 777 طلبہ، انٹرنز، ماہرین اور سول سروسز نے ادارے کی سرگرمیوں میں شرکت کی

اسلام آباد (زاہد احمد خان)، پاکستان کے ادارہ برائے پارلیمانی خدمات (PIPS) کے بورڈ آف گورنرز کا اجلاس پپس بورڈ آف گورنرز کے صدر سید یوسف رضا گیلانی کی سربراہی میں پپس کانفرنس ہال میں منعقد ہوا جس میں پپس کے مالی سال 2025-26 کے بجٹ کا تفصیل سے جائزہ لیتے ہوئے متفقہ طور پر منظوری دی گئی۔ پپس بورڈ آف گورنرز کے اجلاس میں ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفیٰ شاہ، سپیکر صوبائی اسمبلی بلوچستان عبدالخالق خان، سپیکر قانون ساز اسمبلی آزاد جموں وکشمیر چوہدری لطیف اکبر، سینیٹر شاہ زیب درانی، سینیٹر اشرف علی جتوئی، رکن قومی اسمبلی مولانا عبدالغفور حیدری، رکن قومی اسمبلی زرتاج گل، جبکہ ویڈیو کانفرنس کے ذریعے سپیکر صوبائی اسمبلی پنجاب ملک محمد احمد خان، سپیکر صوبائی اسمبلی سندھ سید اویس قادر شاہ، اور سینیٹر سید علی ظفر نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری سینیٹ سید حسنین حیدر، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پپس عاصم گورایہ بھی موجود تھے۔ صدر بورڈ آف گورنرز سید یوسف رضا گیلانی نے اجلاس کے موقع پر شرکا کو خوش آمدید کہا اور انہوں نے اجلاس کے آغاز میں سابقہ اور موجودہ تمام بورڈ ممبران کے ان کے اہم کردار اور خدمات کو سراہا جنہوں نے ادارے کو فنی و حکمت عملی رہنمائی فراہم کی۔ صدر بورڈ آف گورنرز مجھے یقین ہے کہ بورڈ میں موجود تجربہ کار قانون سازوں کی موجودگی میں PIPS اپنی آئینی ذمہ داریاں بھرپور طریقے سے ادا کرتا رہے گا۔ صدر بورڈ آف گورنرز نے کہا کہ پاکستان انسٹیٹیوٹ فار پارلیمنٹری سروسز ملک کا نمایاں ادارہ ہے جو ارکان پارلیمنٹ، سیکریٹریٹ، صوبائی اسمبلی و دیگر اداروں کے عملے کی پیشہ ورانہ تربیت، تحقیق اور پارلیمانی مضبوطی کے لیے خدمات سرانجام دیتا ہے

سبی، کمشنر ڈویژن زاہد شاہ محرم الحرام کے سلسلے میں سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

منظم اور حقیقت پسندانہ اہداف کی بنیاد پر ٹاسک دیے جائیں، اے ڈی سی گوادر

گوادر (خ ن): ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر عبداللطیف دشتی کی زیرصدارت بیگ کیچ اپ ویکسینیشن مہم کے دسویں روز کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں بیگ کیچ اپ ویکسینیشن ٹیموں نے گزشتہ دس روز کی اپنی مکمل کارکردگی رپورٹس پیش کیں۔ اس موقع پر کیمونٹی کمیونیکیشن آفیسر نے صفیر، ای پی آئی ایم اینڈ ای ظاہر حسین، ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ ڈاکٹر ظفر اقبال سمیت دیگر متعلقہ اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران شرکاء نے بتایا کہ گزشتہ مہم میں محکمہ صحت نے ایک مقررہ ہدف (فکس ٹارگٹ) کے مطابق مہم کا آغاز کیا تھا، تاہم اس بار نئے اور مختلف اہداف دیے گئے

عوام پاکستان پارٹی بلوچستان میں تنظیم سازی کا آغاز کرے گی، پروفیسر علیم صادق

عبوری انتظام کے بعد انتخابات کرائے جائیں گے، مشن نوجوانوں کو قیادت میں لانا ہے

کوئٹہ (یو این اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر علیم صادق نے اعلان کیا ہے کہ صوبے بھر میں پارٹی کی تنظیم سازی کا جامع اور مرحلہ وار عمل جلد شروع کیا جا رہا ہے۔ اس حوالے سے ضلعی، شہری اور یونٹ سطح پر عبوری تنظیمیں قائم کی جائیں گی، جو بعد ازاں باقاعدہ پارٹی انتخابات کی راہ ہموار کریں گی۔ انہوں نے یہ بات خالد سمالزئی کی قیادت میں نوجوانوں کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ وفد میں ذیشان قیوم، عدنان بلوزئی، صادق یوسفزئی، ایان بلوزئی، نذیر احمد، اختر ندیم، خضر ذیشان، احمد علی، اشتیاق احمد، فیضان بلوچ، میر حمزہ اور دیگر نوجوان شامل تھے۔ پروفیسر علیم صادق نے کہا کہ نوجوان نسل کی سیاست میں شمولیت خوش آئند ہے۔ عوام پاکستان پارٹی نوجوانوں کو قیادت کے مواقع دے کر ایک نئے سیاسی کلچر کو فروغ دینا چاہتی ہے جو شفافیت، میرٹ اور خدمت پر مبنی ہو۔ انہوں نے کہا کہ تنظیم سازی کے بعد پارٹی کے اندر انتخابات کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ باصلاحیت اور مخلص کارکن قیادت کی ذمہ داری سنبھال سکیں۔ اس موقع پر خالد سمالزئی اور ان کے وفد نے عوام پاکستان پارٹی کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے پارٹی کو صوبے میں فعال اور مؤثر بنانے کے لیے بھرپور کردار ادا کرنے کے عزم کا اعادہ کیا۔

بلوچستان جیسے حساس خطے میں یو این ڈی پی کا کردار اہمیت کا حامل ہے، ربابہ بلیدی

یو این ڈی پی کی بلوچستان میں عوامی خدمت اور گورننس کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے کی جانے والی کاوشیں قابل قدر ہیں

خواتین، بچوں اور پسماندہ طبقات کے حقوق کے تحفظ کیلئے قابل تحسین اقدامات کیے جارہے ہیں، حکومتی تعاون جاری رہے گا

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے اقوام متحدہ کے ترقیاتی ادارے (یو این ڈی پی) بلوچستان کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے ملاقات کی۔ وفد کی قیادت یو این ڈی پی رول آف لا پروگرام کی منیجر محترمہ شہزادہ احمد اور بلوچستان میں یو این ڈی پی کے سربراہ ذوالفقار درانی نے کی۔ ملاقات کے دوران وفد نے ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی کو یو این ڈی پی کے جاری پروگرامز، خصوصاً بلوچستان میں قانون کی حکمرانی، انصاف کی فراہمی، اور انسانی حقوق کے تحفظ کے حوالے سے اقدامات پر تفصیل سے آگاہ کیا۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے یو این ڈی پی کی بلوچستان میں عوامی خدمت اور گورننس کے نظام کو مضبوط بنانے کے لیے کی جانے والی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان جیسے حساس خطے میں یو این ڈی پی کا کردار نہایت اہمیت کا حامل ہے۔ خواتین، بچوں اور پسماندہ طبقات کے حقوق کے تحفظ کے لیے جو اقدامات کیے جا رہے ہیں وہ قابل تحسین ہیں۔ حکومت بلوچستان ان تمام اقدامات میں بھرپور تعاون جاری رکھے گی۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا مقصد خواتین کو بااختیار بنانا اور انصاف تک ان کی رسائی کو یقینی بنانا ہے۔ یو این ڈی پی جیسے اداروں کی شراکت سے ہم اس مشن کو مزید مؤثر انداز میں آگے بڑھا سکتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مؤثر پالیسی سازی کے لیے زمینی حقائق، مشاورت اور قابل اعتماد شراکت داری ناگزیر ہے محکمہ ترقی نسواں کی کوشش ہے کہ صوبے کی ہر بچی، ہر عورت کو یہ احساس ہو کہ ریاست اس کے ساتھ کھڑی ہے چاہے وہ تعلیم ہو، صحت ہو یا انصاف کی فراہمی، یو این ڈی پی جیسا بین الاقوامی ادارہ اس مقصد کے حصول میں مددگار ثابت ہو رہا ہے۔

ضلعی انتظامیہ کی کارروائی 6 میڈیکل سٹورز سیل 7 افراد کو گرفتار کر لیا گیا

کوئٹہ (اے پی پی) ضلعی انتظامیہ نے جعلی ڈاکٹرز و غیر قانونی میڈیکل سٹورز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 میڈیکل سٹورز سیل اور 7 افراد کو گرفتار کر لیا۔ ضلعی انتظامیہ کوئٹہ کی جانب سے محکمہ صحت اور ڈرگ انسپکٹروں کے تعاون سے ہزارہ ٹاؤن اور سب نواں کلی میں جعلی ڈاکٹروں (کوئیکس) اور میڈیکل اسٹورز کے خلاف کارروائی کی گئی۔ اس دوران 6 میڈیکل سٹورز کو سیل کر کے 7 افراد کو گرفتار کر لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر) چلکاک (نے ڈرگ انسپکٹر کے ہمراہ ہزارہ ٹاؤن میں کارروائی کرتے ہوئے 3 میڈیکل سٹور سیل کر دیے جبکہ 2 افراد کو گرفتار کر کے جیل بھجوا دیے۔ اسی طرح اسپیشل مجسٹریٹ سب ڈویژن) صدر (نے نواں کلی میں ڈرگ انسپکٹر کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے

ملک سے بدامنی و کرپشن کے خاتمے کیلئے عدل فاروقی کو اپنانا ہوگا، ذوالفقار طارق

دین اسلام کی تعلیمات پر عمل پیرا نہ ہونے کی وجہ سے ملک بحرانی صورتحال کا شکار ہے

کوئٹہ (اے این این) اہلسنت و جماعت کے زیر اہتمام بلوچستان بھر میں حضرت سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یوم شہادت پر قرآن خوانی اور محفلوں کا اہتمام کیا گیا مرکزی پروگرام کوئٹہ میں آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں منعقد ہوا جس سے اہل سنت و جماعت کے رہنما ذوالفقار علی طارق قادری سیاسی رہنما ڈاکٹر محمد ظاہر لانگو محمد شریف چشتی لانگو ڈاکٹر میر شبیر احمد کھوسہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملک مختلف بحرانوں سے دوچار ہے مہنگائی کرپشن بدامنی دہشت گردی بے روزگاری جیسے صورتحال سے دوچار ہے اس کی اصل بنیادی وجہ ہم نے دین اسلام کی پیروی چھوڑ دی آج اس امر کی ضرورت ہے کہ ہم صحابہ کرام کی طرز عمل پر حکمرانی کریں صحابہ کرام نے خود اذیتیں برداشت کی لیکن رعایا کو سہولتیں فراہم کی آج کے ہمارے حکمران خود عیاشی میں زندگی گزارنے میں مصروف اور لوٹ ماری کرتے ہیں میں مصروف عمل ہیں اور حکمرانی پاکستان میں کرتے ہیں لیکن ان کی رہائش گاہ بچوں کی تعلیم صحت تمام بیرونی ملک میں ہو رہا ہے انہوں نے کہا کہ تاریخ اسلام کے عظیم انسان شخصیت بے مثال حکمران اور قائد پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفیٰ کے جاں نثار صحابی امیر المومنین خلیفہ ثانی عدل و انصاف حق گوئی و بے باکی کے پیکر مجسم حضرت عمر فاروق کی حیات اسلام کیلئے ایک عظیم نعمت رہی۔

صوبائی اور وفاقی بجٹ سے حلقہ انتخاب کے تمام مسائل کا خاتمہ کرینگے، نور محمد دمڑ

وفاقی وصوبائی بجٹ میں ضلع ہرنائی کی ترقی کیلئے منصوبے شامل ہیں اور پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا جائے گا

ہمارا مشن علاقے کی ترقی نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی تعلیم صحت سپورٹس روڈ جیسی بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے، وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت نے کامیاب بجٹ پیش کر کے صوبے کی تاریخ میں پہلی بار ہر طبقے کو سرپلس بجٹ دیا گیا وفاق اور بلوچستان کی بجٹ عوام دوست بجٹ ہے جس ضلع ہرنائی سمیت صوبے کے ترقیاتی و خوشحالی کے منصوبے شامل ہے وفاق اور بلوچستان بجٹ 2025/026 میں اربوں روپے کے میگا پراجیکٹس منظور کروائے ہے جن کی تکمیل سے حلقہ پی بی سات زیارت کم ہرنائی کے عوام کے اہم اجتماعی مسائل حل ہونگے' یہ بات انہوں نے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا نور محمد دمڑ نے کہا ہے کہ حالیہ بجٹ میں ضلع ہرنائی کے تمام علاقوں زرغون غر سے لیکر اسپین تنگی بابہان تک تمام علاقوں میں عوام کے اجتماعی منصوبوں کیلئے بجٹ میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے صوبائی بجٹ میں ڈیڑھ ارب روپے منظور کروائے ہے ضلع ہرنائی کیلئے وفاق اور صوبے سے اربوں روپے منظور کروائے ہے جن کی تکمیل سے ضلع ہرنائی کے اہم مسائل حل ہونگے عوام نے مجھ پر اعتماد کیا اس اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائے گے ضلع ہرنائی کی ترقی و خوشحالی ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے وفاقی وصوبائی بجٹ میں ضلع ہرنائی کی ترقی کیلئے اربوں روپے کے ترقیاتی منصوبے شامل ہے اور ہرنائی کے ان تمام پسماندہ علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھا دیا جائے گا انہوں نے کہا سیاست کو عوام کی خدمت کے لیے اپنایا گیا عوام کی خدمت کرنے کے لئے تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لا رہے ہیں عوامی مسائل انکی دہلیز پر فراہم کی جائے گا ہرنائی شاہرگ کھوسٹ زردالو اسپین تنگی زرغون غر اور دیگر علاقوں میں ترقیاتی کاموں پر تعمیراتی کام جاری ہے مزید بھی ترقی کا یہ سلسلہ جاری رہے گا بہت جلد ضلع ہرنائی سے پسماندگی ختم کرنے کے لئے حالیہ بجٹ میں منظور کے گئے

UNIVERSITY OF BALOCHISTAN, QUETTA
MATERIAL MANAGEMENT SECTION
TENDER NOTICE

University of Balochistan invites sealed Tenders from registered and well reputed Firms having relevant and valid registration for the supplies given below:

S.NO	NAME OF SUPPLY	CALL DEPOSIT	TENDER FEE
1.	Supply of Stationery Items for The Financial Year 2025-26	02%	Rs. 5000/-

1. The supplies will be carried out in accordance with PPRA Rules 2004.
2. **Eligibility:** The Firms should have valid registration with Provincial & Federal Tax Collection Authorities and technically fulfill the entire Tender requirements.
3. **Method of procurement:** Single Stage - Two Envelop (Technical & Financial) procedure will be adopted. Please note that the proposals must be submitted with separately mentioned on the Envelope each as Technical and Financial. The Financial Proposals of bid technically non-responsive shall be returned un-opened to respective bidders.
4. **Bidding / Tender Documents:**
   a. Issuance: Biding /Tender Documents containing detail specifications, term & conditions can be obtained from Purchase Section Administration Block, University of Balochistan by depositing Rs 5000/- as Biding/Tender Document fee in cash section (non-refundable).
   b. **Submission:** Proposals both Technical and Financial (Complete in all respect) can be submitted till 09th July 2025 (Wednesday) till 11:00 a.m.
   c. **Opening:** The Purchase Committee will open the tenders on the same day i.e. 09th July, 2025 (Wednesday) at 11:30 A.M. The Financial Proposals of bids shall be opened publicly at time date and venue announced and communicated to the bidders in advance.
   d. **Place of Opening:** Treasurer Office, Admin Block, University of Balochistan, Sariab Road, Quetta.

TREASURER
University of Balochistan, Quetta.
Phone:- 081-9211292

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبر:۔2830228-2835934

ای میل mashriqqta2008@gmail.com

ہفتہ 28 جون 2025ء

ملک و قوم کو درپیش مسائل و چیلنجز: ذمہ داریوں کے احساس کی ضرورت!!

گزشتہ روز 52 ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے افسران سے بات چیت کرتے ہوئے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ملک و قوم کو درپیش مسائل، خطے کے حالات اور پاکستان کے دوٹوک عزم کے حوالے سے ایک بار پھر کھل کر اپنی بات رکھی ہے اور کہا ہے خطے میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست ہندوستان ہے اور ہم ہندوستان کو واضح پیغام دیتے ہیں کہ پاکستان نے نہ پہلے اس کی اجارہ داری قبول کی اور نہ کبھی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی اور کامیابی کے لئے عوام، حکومت اور افواج کے درمیان مضبوط تعلق ناگزیر ہے۔ معرکہ حق میں ریاست کی تمام اکائیوں نے مثالی ہم آہنگی کا مظاہرہ کیا ریاست کی تمام اکائیوں کے درمیان ہم آہنگی کی اساس پاکستان کی انتظامیہ اور سول بیوروکریسی ہے اپنی انفرادی اور علاقائی پہچان سے بڑھ کر پاکستانیت کی پہچان کو اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی کہانی اور تاریخ کو جانئے اور اپنی اگلی نسلوں تک پہنچائیں، ملک سے محبت اور وفاداری اولین اور بنیادی شرط ہے انہوں نے پاکستان کی خودمختاری، علاقائی سالمیت، اور داخلی استحکام پر زور دیا اس وقت ملک و قوم کو مختلف النوع مسائل، مصائب، بحرانات اور چیلنجز درپیش ہیں جن میں چیلنجز میں دہشت گردی، سیاسی عدم استحکام، اقتصادی مشکلات، اور سماجی ناہمواری شامل ہیں۔ آرمی چیف نے واضح کیا کہ پاکستان نے نہ تو کسی کی اجارہ داری قبول کی اور نہ ہی کبھی کرے گا، اور یہ کہ ملک کی ترقی اور کامیابی کے لئے عوام، حکومت، اور افواج کے درمیان مضبوط تعلق ناگزیر ہے۔ ان کا یہ بیان نہ صرف ملک کی عسکری قیادت کے عزم کو ظاہر کرتا ہے بلکہ قوم کی اجتماعی ذمہ داریوں کی طرف بھی اشارہ کرتا ہے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے بیان کی روشنی میں دہشت گردی سمیت تمام مسائل کے خاتمے کے لئے قوم کو چاہئے کہ اپنی انفرادی اور اجتماعی ذمہ داریوں کا ایک بار پھر جائزہ لے اور ان ذمہ داریوں کی بجا آوری کو یقینی بنائے۔ بھارت سمیت کسی بھی ملک کی پاکستان نے کبھی اجارہ داری قبول نہیں کی یہی ہمارا جذبہ خودی و خودداری ہے اور یہی پاکستان کی خودمختاری اور قومی غیرت کا مظہر ہے۔ ملک کی تاریخ گواہ ہے کہ اس نے ہمیشہ بیرونی دباؤ اور اجارہ داری کو مسترد کیا ہے۔ اس عزم کو برقرار رکھنے کے لئے ہر پاکستانی کو اپنی ذمہ داری نبھانی ہوگی خاص طور پر جب بات ملک کی داخلی سلامتی اور اقتصادی خودمختاری کی ہو تو یہ ذمہ داری مزید بڑھ جاتی ہے۔ عوام کو ایسے عناصر کی نشاندہی کرنی چاہئے جو بیرونی ایجنڈے پر کام کر رہے ہوں اور حکومت کو ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جو ملک کی خودمختاری کو مزید مضبوط کریں۔ یہ صرف عسکری قیادت کا فرض نہیں بلکہ ہر شہری کا فرض ہے کہ وہ پاکستان کی آزادی اور خودمختاری کے تحفظ اور پاسداری کو یقینی بنانے میں اپنا حصہ ڈالے۔ فیلڈ مارشل نے ملکی ترقی اور کامیابی کے لئے عوام، حکومت اور افواج کے مابین مضبوط تعلق کی بات کی ہے اور اس کی اہمیت اجاگر کی ہے اس بابت افواج پاکستان کی اگر بات کریں تو ہر پاکستانی کو اس حقیقت کا احساس ہے اور عین حقیقت بھی یہی ہے کہ ملکی دفاع اور سلامتی کو یقینی بنانے کا فرض افواج پاکستان نے ہمیشہ اور نہایت احسن انداز سے نبھایا ہے جنگی حالات ہوں قدرتی آفات یا پھر خدانخواستہ کوئی بھی دوسری ہنگامی حالت افواج پاکستان نے قوم کی امیدوں کے عین مطابق فعال متحرک اور توانا کردار ادا کیا ہے البتہ عوام اور حکومت کی ذمہ داریوں کی اگر بات کریں تو اس پر مزید کام کرنے کی ضرورت ہے۔ عوام کا فرض ہے کہ وہ ملک کے قوانین کا احترام کریں، امن و امان برقرار رکھنے میں انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں، اور ملک دشمن عناصر کی نشاندہی کریں مشکل وقت میں قوم کو متحد ہو کر کھڑا ہونا چاہئے اور ملک کے مفادات کو ذاتی یا گروہی مفادات پر ترجیح دینی چاہئے۔ تعلیم یافتہ اور باشعور شہری کے طور پر، عوام کو سیاسی عمل میں فعال کردار ادا کرنا چاہئے، اپنے ووٹ کا صحیح استعمال کرنا چاہئے، اور اپنے منتخب نمائندوں سے جواب طلبی کرنی چاہئے۔ انہیں یہ بھی سمجھنا چاہئے کہ ٹیکس کی ادائیگی، صاف ستھرا ماحول برقرار رکھنا، اور ایک پرامن معاشرے کے قیام میں اپنا حصہ ڈالنا بھی قومی ذمہ داری ہے اسی طرح حکومت کا کام ہے کہ وہ عوام کو انصاف فراہم کرے، ان کے مسائل حل کرے، اور ملک کی ترقی کے لئے پالیسیاں بنائے۔ شفافیت، احتساب، اور گڈ گورننس حکومت کی اولین ترجیحات ہونی چاہئیں۔ حکومت کو چاہئے کہ وہ عوام کو یہ احساس دلائے کہ ان کے مفادات کا تحفظ کیا جا رہا ہے۔ اس کے علاوہ، حکومت کو عسکری قیادت کے ساتھ ہم آہنگی کے ساتھ کام کرنا چاہئے تاکہ ملک کی سلامتی کو یقینی بنایا جا سکے۔ موثر حکمرانی، کرپشن کا خاتمہ، اور میرٹ کی بنیاد پر فیصلے حکومت کی کارکردگی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ اس وقت ہمیں بحیثیت قوم جن مسائل، چیلنجز اور مصائب و مشکلات کا سامنا ہے ان سے نمٹنے کے لئے دیگر اقدامات کے ساتھ ساتھ سب سے فوری اور بنیادی ضرورت اتحاد و اتفاق اور یکجہتی کی ہے تمام اکائیوں میں مثالی ہم آہنگی ہونی چاہئے اور اس بابت جیسا کہ فیلڈ مارشل نے کہا ہے انتظامیہ اور بیوروکریسی کا کردار انتہائی اہم ہے بیوروکریسی کو اپنا کردار مزید فعال اور متحرک بنانا چاہئے۔ انہیں عوامی مسائل کے حل، شفافیت، اور گڈ گورننس کو یقینی بنانا ہوگا۔ بیوروکریسی کو ملک کے بہترین مفاد میں فیصلے کرنے چاہئیں اور کسی بھی سیاسی یا ذاتی دباؤ سے بالاتر ہو کر کام کرنا چاہئے۔ کرپشن کا خاتمہ اور میرٹ کی بنیاد پر تقرریاں اور ترقی بیوروکریسی کی کارکردگی کو بہتر بنا سکتی ہیں۔ انہیں یہ بھی یقینی بنانا چاہئے کہ سرکاری خدمات عام لوگوں تک آسانی سے پہنچیں۔ عوام کو بھی بیوروکریسی کے ساتھ تعاون کرنا چاہئے یہ قوم کی اجتماعی ذمہ داری ہے کہ وہ نظام میں موجود خامیوں اور کمزوریوں کی نشاندہی کرے اور انہیں دور کرنے میں حکومت کے ساتھ تعاون کرے۔ یہ صرف حکومتی اداروں کا کام نہیں بلکہ ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی ذمہ داری ہے۔ ہمیں منفی سوچ اور مایوسی سے بچنا چاہئے اور مثبت سوچ کے ساتھ مسائل کا حل تلاش کرنا چاہئے۔ تعمیری تنقید ضرور کی جائے لیکن تخریبی انداز سے بچا جائے۔ آرمی چیف نے بالکل بجا کہا ہے کہ جو قوم اپنی تاریخ کو بھول جاتی ہیں ان کا مستقبل تاریک ہو جاتا ہے پس ہمیں اپنی تاریخ کو بھولنا نہیں چاہئے ہر پاکستانی کو پاکستان کا سپاہی ہونا چاہئے اور ہر شہری کو اپنی ذمہ داریوں کا نہ صرف فہم و ادراک ہونا چاہئے بلکہ ان کی بجا آوری بھی کرنی چاہئے تاکہ ملک و قوم کو ترقی خوشحالی اور استحکام کی منزل تک پہنچایا جا سکے۔

"خیالات کی جنگ" جیتنے والا ظہران ممدانی

برملا



نصرت جاوید

کچھ تو خیال کریں

حقائق

عفت حسن رضوی

حتمی بجٹ اور عام آدمی: کیا ٹیکس تبدیلیاں ہوئی ہیں؟

تلخ حقیقت

تنویر ملک

ایران اسرائیل تنازع، گرفتاریاں اور پھانسیاں

منظرنامہ

"ہائبرڈ نظام۔۔"

شہر یاراں



ایران اسرائیل جنگ بندی، متضاد دعوے اور چند سوالات

تاثرات



سید مجاہد علی

کچھ تو پتا چلا

خیالات



رسول بخش رئیس

ایران نے ایک اور مثال قائم کر دی ہے۔ بہادری، جرأت اور استقامت کی۔ جنگ جنہوں نے جس طرح اچانک اس پر مسلط کی تھی اسی طرح غیر متوقع طور پر اچانک ہی رات کے اندھیرے میں اسے ختم کرنے کا اعلان بھی کر دیا۔ یہ جنگ کون جیتا اور کون ہارا؟ اس کے بارے میں ہم بیانیے، قصے اور کہانیاں ہر طرف سے سنتے رہیں گے۔ ہم نے ہمیشہ یہ گزارش کی ہے کہ جدید جنگیں کوئی نہیں جیت سکتا، فقط کسی کا زیادہ تو دوسروں کا کم نقصان ہوتا ہے۔ سیاست، معاشرے اور معیشت پر اسکے گھاؤ لگتے ہیں کہ بھرنے میں بہت عرصہ درکار ہوتا ہے۔

مستقبل کا نظریہ: ڈاکٹر رفیع الدین کشمیری کا شاندار کام



تحریر: شیر احمد قمبرانی

ہر سال کی طرح 2025ء کے اوائل میں بھی میں اُتھل، بیلہ، وندر، حب اور کراچی موسم کا مزہ لینے خضدار سے عازم سفر ہوا اور حسب معمول ہر شہر میں محبت بانٹنے والے حضرات سے مل کر اپنے حصے کی محبت سمیٹتا رہا لیکن حب میں بھائی عبدالحمید قمبرانی کے ذریعے حاجی سعید بلوچ سے ملا تو زیادہ لطف آیا بھوانی حب میں آثار قدیمہ کی زیر نگرانی ایک بہت ہی پرانے قبرستان (سرائے قبرستان) کو بھی دیکھا جہاں بہت قدیم اور عجیب نقش و نگار والی قبریں دیکھنے کو ملیں۔ دوران ملاقات ممتاز ماہر قرآنیات و اقبالیات ڈاکٹر محمد رفیع الدین کشمیری بالخصوص موضوع سخن رہا۔ گفتگو اتنی شیریں کہ دلچسپی میں اضافہ اور مزید جاننے کی تڑپ بڑھتی ...

دیگر نفسیاتی نظریات کی تردید بھی ان کے کام کا ایک اہم حصہ ہے۔ اپنے وقت کے نمایاں نفسیاتی نظریات، خاص طور پر کارل مارکس، سگمنڈ فرائیڈ، الفریڈ ایڈلر، اور ولیم میک ڈوگل کے نظریات کی پرزور تردید پر مشتمل ہے۔ وہ دلیل دیتے ہیں کہ ان کے نظریات انسانی فطرت اور عمل کے مکمل دائرہ کار کو مناسب طور پر بیان کرنے میں ناکام رہتے ہیں کیونکہ وہ نظریات کی ماورائی نوعیت کو تسلیم نہیں کرتے۔ رفیع الدین تاریخ کا ایک الگ فلسفہ پیش کرتے ہیں، وہ تجویز کرتے ہیں کہ انسانی معاشروں کا ارتقاء انسانی فطرت کے اٹل قوانین کی بنیاد پر ایک مخصوص منطق کی پیروی کرتا ہے جو نظریات کے انتخاب اور رد کو کنٹرول کرتے ہیں رفیع الدین ایک مسلمان فلسفی کے طور پر بالواسطہ یا بلاواسطہ یہ تجویز کرتے ہیں کہ اسلام اللہ کی عبادت اور وحی الٰہی کے تابع ہونے پر زور دینے کے ساتھ حتمی سچائی کی سب سے زیادہ جذباتی اور فکری طور پر اطمینان بخش وضاحت فراہم کرتا ہے اور انسانیت کے مستقبل کے لئے سب سے ...

انجمن تاجران حب کے صدر کی کے الیکٹرک کیس افسران سے ملاقات

حب (نمائندہ مشرق) انجمن تاجران حب کے صدر خورشید علی رند نے عہدیداروں کے ہمراہ کے الیکٹرک کے اعلیٰ افسران سے ملاقات کی حب میں لوڈشیڈنگ، بلنگ کے مسائل، بجلی کا بار بار ٹرپ ہونے سمیت دیگر مسائل سے متعلق کے الیکٹرک کے افسران سے بات چیت کی اور ان مسائل کو فوری طور پر حل کرنے کی درخواست کی گئی جس پر کے الیکٹرک انتظامیہ نے یقین دہانی کرائی کہ ہم ان مسائل کو جلد دیکھ لیں گے اور ان کا حل نکالیں گے جبکہ آئندہ پیر کو ایک بار پھر کے الیکٹرک کے افسران سے میٹنگ رکھی گئی ہے تاکہ ان مسائل کا جلد ازالہ کیا جا سکے اس موقع پر کے الیکٹرک کے جی ایم رضا حسین میمن نے kE کے منیجر سنیل کمار کے موجودگی میں نور احمد زہری کو رند مارکیٹ اور ان کے قریب و جوار کے مارکیٹوں کی نئے میٹر کے کنکشن کی ذمہ داری سونپ دی اس موقع پر انجمن تاجران کے عہدیداران نور احمد زہری، حفیظ ریاض، مولانا منظور احمد، نور خان، اعجاز رند، نقیب اللہ، گلاب کمار، علی شیخ، منظور خان کاکڑ موجود تھے

پنشنرز اور سینئر سٹیزنز کا اہم اجلاس 5 جولائی کو مقامی ہوٹل میں طلب

اوستہ محمد، میر جان محمد خان جمالی سے غلام علی محمد خان ملاقات کر رہے ہیں

معصوم بچے مصور کاکڑ کے قتل کی مذمت کرتے ہیں، بی این پی

حکومت کی ناکامی ہے، قاتلوں کی فوری گرفتاری اور سزاء کا مطالبہ

خضدار (بیورو رپورٹ) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی خضدار کے ضلعی سیکریٹریٹ سے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ کئی ماہ قبل کوئٹہ سے اغوا برائے تاوان کیلئے معصوم بچے مصور کاکڑ کے قتل کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے حکومت کی ناکامی قرار دیتے ہوئے معصوم بچے کے قاتلوں کی فوری گرفتاری اور سزاء کا مطالبہ کیا۔ ترجمان نے بیان میں کہا کہ جب تک ایماندار فرض شناس آفیسران کو بڑے بڑے مگرمچھوں کے جی حضوری سے آزاد نہ کیا جاتا۔ اس وقت تک صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت بلوچستان ...

ہوتی ہے۔ ترجمان نے کہا کہ اس وقت پورے صوبہ بدامنی کی آگ میں جل رہا ہے بلوچستان میں عملاً ڈاکو راج ہے۔ کوئٹہ شہر کے وسط میں معصوم بچوں کا اغوا کئی ماہ بعد انکا بہیمانہ قتل کی حکومت پر سیاہ دھبہ ہے۔ اگر معصوم بچے مصور کاکڑ بازیاب ہو جاتیں اور اغوا کاروں کو عبرتناک سبق دیا جاتا تو کسی کو مصور کاکڑ کو اغوا کرنے کی جرات نہ ہوتی۔ ترجمان نے کہا کہ کوئٹہ کے معصوم بچے مصور کاکڑ کے اغوا اور صوبہ کی بدامنی کے خلاف ...

خاران کو ماڈل سٹی بنانے کیلئے تمام وسائل بروئے کار لائیں گے، طاہر

وزیراعلیٰ اور مشیر بلدیات کی کاوشوں سے بلدیاتی ادارے فعال ہو رہے ہیں

عنوان: ”ٹرمپ کی بی بی“

ادبی منظر نامہ

شیخ فرید

زندگی میں کچھ چیزیں ایسی ہوتی ہیں جو ایک جگہ دل کو چھو لیں، اور دوسری جگہ وہی چیزیں کسی کو شرمندگی سے پانی پانی کر دیں۔ لفظ ”بے بی“ کو ہی لے لیں۔ ایک طرف یہ اسرائیلی وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو کا پیار بھرا عرفی نام ہے، جسے ڈونلڈ ٹرمپ اپنی تقریروں اور وائٹ ہاؤس میں اس طرح استعمال کرتے ہیں جیسے کوئی پرانا یار اپنے دوست کو آواز دے۔ لیکن ہمارے مشرقی معاشرے میں، اگر آپ کسی مرد کو ”بی بی“ کہہ کر پکار لیں، تو خدا کی پناہ! کہنے والے کی تو ٹانگیں ٹوٹیں ہی ٹوٹیں، لیکن جسے کہا گیا، اس کی محلے بھر میں عزت کا فالودہ بن جائے گا۔ یہ ہے ثقافتوں کا کمال، کہ ایک لفظ کہیں پیار بن جاتا ہے، تو کہیں طعنہ۔ ٹرمپ جب نیتن یاہو کو ”بی بی“ کہتے ہیں، تو یہ ان ...

”جیدا“۔ لیکن ہمارے معاشرے میں ”بی بی“ عورتوں کے لیے مخصوص ہے۔ اگر کوئی مرد اس نام سے پکارا جائے، تو لگتا ہے جیسے اس کی مردانگی کو چیلنج کر دیا گیا ہو۔ ذرا تصور کریں، اگر کوئی ٹی وی پر آ کر کہے، ”بی بی صاحب، آپ کی پالیسی کیا ہے؟“ تو اس بے چارے کا کیا حال ہوگا؟ یہ ثقافتی فرق ہمیں ہنسنے کا موقع تو دیتا ہے۔ بقول شاعر: رنگ رنگ بہاراں، ہر سو پھیلا نور، یعنی، دنیا رنگوں سے بھری ہے، اور ہر رنگ اپنی جگہ خوبصورت ہے۔ ٹرمپ کے لیے ”بی بی“ کہنا ایک محبت بھرا لہجہ ہے، لیکن ہمارے ہاں یہ لفظ ایک مرد کے لیے طنز یہ ہو سکتا ہے۔ یہ وہی بات ہے جیسے مغرب میں کسی کو ”سویٹی“ کہنا پیار کی بات ہے، لیکن اگر آپ کراچی کی گلی میں کسی کو ”مٹھو“ کہہ دیں، تو وہ شاید آپ کو عجیب نظروں سے دیکھے گا۔ یا پھر، مغرب میں کسی کو ”بیئر“ کہنا پیار بھرا لقب ہو سکتا ہے، جیسے کوئی بڑا، مضبوط دوست۔ لیکن ہمارے ہاں اگر آپ کسی کو ”بھالو“ کہہ دیں، تو وہ سوچے گا آپ اسے جنگلی جانور کہہ رہے ہیں۔ اسی طرح، ہندوستان میں ”بجو“ کہنا گجراتیوں کے لیے پیار کا لفظ ہے، لیکن کسی بلوچ کو ”بجو“ ...

MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ”ادارہ“ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔ اوورائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔ 2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقی غلط شائع ہونے کی صورت میں ”ادارہ“ ذمہ دار نہ ہوگا مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔ غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ ”ادارہ“ ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔ اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو ”ادارہ“ اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

اطلاع عام

پلاٹ نمبر AA-9 رقبہ 1050 فٹ واقع بزنس سینٹر بزار گنجی اس وقت عبدالغفار ولد عبدالظریف کے نام پر ہے کی ٹرانسفر علی احمد ولد عبدالمجید کے نام کروانا مقصود ہے اعتراض کی صورت میں ...

R.No............61602

اطلاع عام

R.No............61602

گمشدگی سرٹیفکیٹ

03070897473

R.No............61582

اظہار لاتعلقی

R.No............61600

گمشدگی موٹر سائیکل کاغذات

میرا موٹر سائیکل ماڈل 2024 یونیک کمپنی انجن نمبر DSE2481100 چیسز نمبر DSC3482366 کے کاغذات کہیں گم ہو گئے ہیں ملنے پر قریبی لیویز تھانہ پہنچا دیں شفیع اللہ میر ی اڈہ

تلاش گمشدہ

ہماری کمپنی پرائم ٹریڈرز کی اہم دستاویز کال ڈیپازٹ رسید (CDR) نمبر 01419548 گم ہو گئی ہے اگر رسید کے حوالے سے کسی کو کوئی معلومات ہو تو قائد آباد پولیس اسٹیشن یا فون نمبر 03047975609 پر اطلاع دیں ڈی جی پی آر

گمشدگی شناختی کارڈ

میرا شناختی کارڈ نمبر 5440039051013 بنام شمس اللہ ولد ظریف خان کہیں گم ہو گیا ہے ملنے پر فون نمبر 03336050627 پر مطلع کریں

جمعیت بلاتفریق عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے، مولوی امین اللہ

واجبات کی وصولی کیلئے گرینڈ آپریشن کا آغاز کر دیا ہے، میر ظفر علی

یوم شہادت حضرت عمر فاروقؓ کو سرکاری سطح پر منایا جائے، مولانا عبدالشکور

شرکاء نے حضرت عمر فاروقؓ کی اسلام کے لیے خدمات کو خراج تحسین پیش کیا

ملازمین پر طاقت کا استعمال گرفتاری جمہوری عمل نہیں ہے، فرہاد رند

ڈاکٹر شاہ جہاں اچکزئی کی ہیلتھ مینجمنٹ کیڈر کا امتحان پاس کر لیا

کوئٹہ، ٹیوب ویل خراب، عوام پانی کی بوند بوند کو ترس گئے

سرکاری ملازمین کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہیں، مفتی عبدالولی

دریجی، ساکران کے مختلف علاقوں میں بارش، نشیبی علاقے زیر آب آ گئے

جمعرات کی شب سے بارش کا سلسلہ شروع ہوا جو جمعہ کے روز دن بھر جاری رہا، بجلی معطل ہو گئی

علاقہ مکینوں، راہگیروں، موٹر سائیکل سواروں کو دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا، گرمی کا زور ٹوٹ گیا

حب (نمائندہ مشرق) حب، دریجی اور ساکران کے مختلف علاقوں میں بارش، نشیبی علاقے زیر آب آ گئے، پیدل چلنے والے راہگیروں اور موٹر سائیکل سواروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، بارش شروع ہوتے ہی حب شہر کی بجلی معطل ہو کر رہ گئی ...

حکومت حضرت عمر فاروقؓ کی نسبت سے عام تعطیل کا اعلان کرے، سنی علماء کونسل چاغی

حضرت سیدنا عمر فاروقؓ کی خدمات کو خراج تحسین اور فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے احتجاجی و مطالباتی جلوس نکالا گیا

اسرائیل اور امریکہ کی ایران کے ساتھ کشیدگی کا مقصد فلسطینی مظلوموں سے دنیا کی توجہ ہٹانا تھا، مولانا علامہ ثناء اللہ فاروقی

گرینڈ الائنس کے قائدین کی گرفتاری قابل مذمت ہے، عبدالعزیز

کلاسوں میں اساتذہ کی حاضری کو یقینی بنایا جائے، حبیب شنگرئی

سی ڈی سی کی فعالیت وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے، مفتی خلیل

خاران، یوم شہادت سیدنا عمر فاروقؓ کی مناسبت سے ریلی کا انعقاد

خلفائے راشدین کے ایام وفات و شہادت کو قومی تقویم میں شامل کیا جائے

حاجی میر غلام دستگیر بادینی سے حاجی میر محمد مراد بادینی کی ملاقات

بعدالت جناب جوڈیشل مجسٹریٹ XIII اختر شاہ صاحب کوئٹہ

15/7/2025

61599

بعدالت جوڈیشل مجسٹریٹ نمبر گیارہ سول جج کوئٹہ

12/7/2025

61601

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

FIR نمبر 113/24 — کیس نمبر 41/24

3,4 Exp ,324,353, 07 ATA CTD

03-07-2025

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No4913/27-06-2025

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

FIR نمبر 98/24 — کیس نمبر 37/24

CTD 11F (2)(6),3,4 Exp 11N,11i 07 ATA

03-7-2025

اسپیشل جج انسداد دہشت گردی کورٹ II کوئٹہ

PRQ No4911/27-06-2025

TENDER NOTICE

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The DEVELOPMENT OFFICER DERA BUGTI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2025 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee Rs.1500/- and Bid Security 2% for each work

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR UNION COUNCIL ZAIN KOH **TSE- 242506766943**	2,208,000
2	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE AT UNION COUNCIL ZAIN KOH **TSE- 242506766923**	2,733,000
3	INSTALLATION OF SOLAR SYSTEM FOR UNION COUNCIL SIAAaF **TSE- 242506766913**	2,208,000
4	DRILLING & DEVELOPMENT OF BORE AT UNION COUNCIL SIAAAF **TSE- 242506766903**	2,733,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure (TSE-242506766943, TSE- 242506766923, TSE-242506766913, TSE-242506766903) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Last Date and Time of Bid Submission 11 July, 2025** at 10:00 AM and will be opened on same day at 11:00 AM **Address:** Office of the Development Officer Civil Colony Dera Bugti District Dera Bugti **Phone no:** 0835410465
Email: sm20294306@gmail.com

AB No.1283/27-6-2025

DEVELOPMENT OFFICER DERA BUGTI

SCREENING TEST

In continuation of advertisement published vide **PRQ No. 4274/06-05-2025**, shortlisted candidates for the position of **Monitoring Officer** are hereby informed that an in person online **screening test** will be conducted as per schedule detailed below. The list of shortlisted candidates, along with their assigned **Serial Numbers**, is available at the following link:
https://drive.google.com/file/d/1FenvfhfUNFLfs_seyClv5pHqRXVsb7Ya/view?usp=drivesdk.
The same has also been displayed on the **notice board outside the Health Department Block #6, Civil Secretariat, Quetta.**

All shortlisted candidates are directed to **bring their personal smartphones** to the test venue, as the test will be administered digitally through their mobile devices. Moreover, all candidates must also bring their **CNICs (in original)** to the test venue for identity verification. The test will be conducted as per schedule given below:

S.No.	Date of test	Time of test	Venue
1-104	Monday, 30th June 2025	3:00PM to 3:20PM	Institute of Public Health (IPH) hall, Brewary Road, Quetta
105-208	Monday, 30th June 2025	3:30PM to 3:50PM	Institute of Public Health (IPH) hall, Brewary Road, Quetta
209-312	Monday, 30th June 2025	4:00PM to 4:20PM	Institute of Public Health (IPH) hall, Brewary Road, Quetta
313-416	Monday, 30th June 2025	4:30PM to 4:50PM	Institute of Public Health (IPH) hall, Brewary Road, Quetta
417-520	Tuesday, 1st July 2025	3:00PM to 3:20PM	Institute of Public Health (IPH) hall, Brewary Road, Quetta
521-624	Tuesday, 1st July 2025	3:30PM to 3:50PM	Institute of Public Health (IPH) hall, Brewary Road, Quetta
625-728	Tuesday, 1st July 2025	4:00PM to 4:20PM	Institute of Public Health (IPH) hall, Brewary Road, Quetta
729-835	Tuesday, 1st July 2025	4:30PM to 4:50PM	Institute of Public Health (IPH) hall, Brewary Road, Quetta

PRQ No.4904/27-6-2025

Section Officer (Admin) Health Department, Quetta

روزنامہ مشرق کوئٹہ

اسپورٹس

مینا مجید بلوچ کا اہم قدم، کوئٹہ سے ٹیلنٹ ہنٹ پروگرام کا آغاز

ایشین یوتھ گرلز نیٹ بال چیمپئن شپ، پاکستان نے سعودی عرب کو شکست دیدی

کیرون پولارڈ نے ٹی 20 کرکٹ میں سنگ میل عبور کرلیا

10 واں نمبر، آئی سی سی ٹیسٹ رینکنگ میں سعود شکیل کی تنزلی

رینکنگ میں محمد رضوان نے اپنی 16 ویں پوزیشن برقرار رکھی

بنگلہ دیش کا پاکستان کیخلاف ٹی 20 سیریز کے شیڈول کا اعلان

ڈھاکا (آئی این پی) بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے پاکستان کے خلاف تین ٹی 20 انٹرنیشنل میچوں کی سیریز کے شیڈول کا اعلان کر دیا۔ پاکستان کرکٹ ٹیم سیریز کھیلنے کیلئے 16 جولائی کو بنگلہ دیش جائے گی۔

کوئٹہ، لاہور قلندرز کے سی ای او عاطف رانا صوبائی مشیر کھیل مینا مجید بلوچ میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

ٹی ٹونٹی کرکٹ کے پاور پلے قانون میں تبدیلی کر دی گئی، اطلاق یکم جولائی سے ہوگا

انٹرنیشنل کرکٹ کاؤنسل کے نئے قانون کے مطابق 20 اوورز سے کم کے کھیل میں پاور پلے اوورز کے درمیان میں شروع یا ختم ہوسکتا ہے

آئی سی سی کی کرکٹ کمیٹی نے پاور پلے قوانین میں تبدیلی کی حتمی منظوری دے دی، 20 اوورز کی اننگز میں پاور پلے بدستور 6 اوورز پر ہی مشتمل ہوگا

دبئی (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے ٹی ٹونٹی کرکٹ کے پاور پلے کے قانون میں تبدیلی کر دی۔ آئی سی سی نے نئے رول میں ہر اوور کے حساب سے پاور پلے اوورز کو ترتیب دیا ہے اور پاور پلے کے نئے رول کا اطلاق جولائی سے ہوگا۔ نئے قانون کے مطابق 20 اوورز سے کم کے کھیل میں پاور پلے اوورز کے درمیان میں شروع یا ختم ہوسکتا ہے، مکمل 20 اوورز کی اننگز میں پاور پلے بدستور 6 اوورز پر مشتمل ہوگا، پاور پلے کو اننگز کے مقررہ اوورز کے 30 فیصد کے قریب رکھنے کی کوشش کی گئی ہے، 8 اوورز کی اننگز میں پاور پلے 2.2 اوورز پر مشتمل ہوگا جبکہ 5 اوورز کی اننگز میں پاور پلے 1.3 اوور کا ہوگا جس دوران دو فیلڈر دائرہ کے باہر رہیں گے۔ آئی سی سی کی کرکٹ کمیٹی نے پاور پلے قوانین میں تبدیلی کی حتمی منظوری دے دی۔

میں اسپنرز کو بھی کھیلنے کی بھرپور پریکٹس کر رہا ہوں، خواجہ نافع

اسکلز کیمپ کی وجہ سے کارکردگی میں نمایاں بہتری آئی ہے، گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستانی کرکٹر خواجہ نافع نے کہا ہے کہ مجھے کو چنے کہا ہے کہ اپنی وکٹ کیپنگ پر بھی محنت کروں، میں اسپنرز کو بھی کھیلنے کی بھرپور پریکٹس کر رہا ہوں۔ این سی اے اسکلز ڈیولپمنٹ کیمپ میں پریکٹس کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اسکلز کیمپ کی وجہ سے کافی بہتری آئی ہے، عبدالرزاق کے ساتھ پاور ہٹنگ پر کام کیا جا رہا ہے۔ خواجہ نافع نے کہا کہ ہم دن میں 8 سو گیندیں کھیلتے ہیں، اس سے مسلز بھی مضبوط ہوتے ہیں۔ ہمیں اس پریکٹس سے مستقبل میں فائدہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ویوین رچرڈز سے سیکھنے کا موقع ملا، انہوں نے مجھے کہا خود پر یقین رکھ کر کھیلو تو کبھی مشکل نہیں ہوگی۔ ویوین رچرڈز نے بتایا کہ وہ بھی خود پر یقین رکھ کر مشکل سے مشکل شاٹس کھیلتے تھے۔ خواجہ نافع نے کہا کہ میں ہر فارمیٹ کے مطابق کھیلنے کے لیے خود کو تیار کر رہا ہوں، مجھے وکٹ کیپر کے طور پر بھی خود کو تیار رکھنے کا کہا گیا ہے۔

لیاری فٹبال اکیڈمی کو ناروے کپ میں انٹری مل گئی، ویڈیو جاری

اوسلو میں شروع ہونے والے ناروے کپ کی تیاریاں زور وشور سے جاری

کراچی (این این آئی) "سمال ٹاؤن بگ ڈریمز" یہ سلوگن ہے لیاری فٹبال اکیڈمی کا جو پہلی مرتبہ اگلے ماہ اوسلو میں ہونے والے ناروے کپ میں شرکت کرے گی۔ ایونٹ کی تیاریاں زور وشور سے جاری ہیں۔ پاکستان سے پہلی مرتبہ لیاری فٹبال اکیڈمی کو ملی ہے ناروے کپ میں انٹری۔ جونیئر ٹیم نے ڈیرہ ڈال لیا ہے۔ تکنیک میں بہتری اور گول پوسٹ پر تابڑ توڑ حملوں کے لیے جارحانہ انداز اپنانے سمیت دیگر ڈرلز پر کوچز کام کر رہے ہیں۔ اسکواڈ میں کچھ ایسے کھلاڑی بھی ہیں جنہیں ناروے کپ کھیلنے کا تجربہ ہے۔ ٹیم سلیکٹر اور اکیڈمی کے صدر کا کہنا ہے کہ کھلاڑیوں کا تعلق لیاری سمیت کراچی کے دیگر علاقوں سے بھی ہے۔

ایشین ٹیم اسنوکر چیمپئن شپ، پاکستان کا شاندار آغاز، دونوں میچوں میں فاتح قرار

غزہ اور برطرف صحافی سے یکجہتی، عثمان خواجہ نے انٹرویو دینے سے انکار کر دیا

سڈنی (این این آئی) آسٹریلیا کرکٹ ٹیم کے اوپنر عثمان خواجہ نے اپنی اصول پسندی کو برقرار رکھتے ہوئے صحافی پیٹر لالر سے یکجہتی کے لیے انٹرویو دینے سے انکار کر دیا۔ آسٹریلوی میڈیا کے مطابق عثمان کے صحافی پیٹر لالر کی برطرفی کے خلاف ...

انگلینڈ کا بھارت کیخلاف دوسرے ٹیسٹ کیلئے اسکواڈ کا اعلان

جوفرا آرچر اسکواڈ میں واپس آگئے، دوسرا ٹیسٹ 2 جولائی سے شروع ہوگا

کرسٹیانو رونالڈو نے النصر کے ساتھ معاہدے میں توسیع کردی

رونالڈو النصر سے 2027 تک کھیلیں گے، سعودی پرو لیگ کی تصدیق

ریاض (این این آئی) پرتگال کے اسٹار فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے النصر کے ساتھ معاہدے میں 2027 تک توسیع کردی۔ سعودی پرو لیگ نے تصدیق کی ہے کہ کرسٹیانو رونالڈو نے النصر سے 2027 تک کھیلیں گے، رونالڈو نے 2022 میں مانچسٹر یونائیٹڈ چھوڑ کر النصر میں شمولیت اختیار کی تھی۔ انہوں نے گزشتہ سیزن میں 25 گول کے ساتھ سعودی پرو لیگ میں سب سے زیادہ گول اسکورر کے طور پر سیزن کا اختتام کیا تھا۔ رونالڈو نے معاہدے پر دستخط کرنے کے بعد سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا کہ ایک نیا باب شروع ہوتا ہے، وہی جذبہ، وہی خواب، آئیے مل کر تاریخ بنائیں۔ رونالڈو نے 2022 میں ڈھائی سال کے معاہدے پر النصر میں شمولیت اختیار کی تھی اور دنیا میں سب سے زیادہ معاوضہ لینے والے ایتھلیٹ بن گئے تھے۔ فوربس کے مطابق، وہ پچھلے تین سالوں سے اس فہرست میں سرفہرست ہیں۔ 40 سال کی عمر میں، رونالڈو کی متوقع کل آمدنی تقریباً 275 ملین ڈالر ہے۔ انہوں نے حال ہی میں پرتگال کو اس ماہ دوسرے یوئیفا نیشنز لیگ ٹائٹل کی قیادت کی ہے جب انہوں نے فائنل میں اسپین کو شکست دی تھی۔ رونالڈو کی نظریں کیریئر کے 1000 گولز پر بھی ہیں، کلب فٹ بال میں 794 گول اور پرتگال کے لیے 138 گول کر کے ان کی تعداد 932 تک پہنچ گئی ہے۔

جاوید میانداد کا بھارتی کرکٹ ٹیم کے سابق لیفٹ آرم اسپنر دلیپ دوشی کو خراج عقیدت

فیفا عالمی کپ، ٹورنامنٹ کی پری کوارٹر فائنل لائن اپ مکمل

ٹورنامنٹ کا پری کوارٹر فائنل راؤنڈ 28 جون سے شروع

شاہ رخ خان کو پاکستانی کھلاڑیوں کو ٹیم میں شامل کرنے پر مشکلات کا سامنا

گرینڈ الائنس نصیر آباد کا اپنے مطالبات کے حق میں احتجاجی مظاہرہ

حکومت کے خلاف شدید نعرے بازی، کوئٹہ اور مچھ میں گرفتار سرکاری ملازمین کی فوری رہائی کا مطالبہ

جب تک گرفتار ملازمین کو رہا اور مطالبات تسلیم نہیں کیے جاتے احتجاج کا سلسلہ جاری رہے گا، مظاہرین

قائدین گرینڈ الائنس کی گرفتاری کے خلاف دفاتر، تعلیمی اداروں کی تالا بندی

تالا بندی کے باعث عوام الناس، طلباء وطالبات، والدین کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا

معلمہ مس جماعتی بلوچ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

گوادر، منشیات کے خلاف عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی واک کا انعقاد

نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ، صحت مند زندگی کے پیغام کو عام کرنا تھا

مون سون بارشوں کی صورتحال سے نمٹنے کیلئے عملے کو متحرک کر دیا ہے، بابو فیض

مرکزی شاہراہ آر سی ڈی ہائی وے پر جمع پانی نکالنے کیلئے اقدامات شروع کئے ہیں

ضلع کوہلو میں کیسکو کا غیر قانونی کنکشنز کے خلاف آپریشن جاری

Aziz Bhatti Road Quetta Cantonment

Tel: 081-9201443, Fax: 081-9202763, Helpline: 081-9201799
Email: canttboardquetta@yahoo.com, @CBQuetta on Twitter
Facebook Page: https://www.facebook.com/CantonmentBoardQuetta

AUCTION NOTICE

The Cantonment Board Quetta Cantt informs the public hereby that the board wishes to auction only Monthly Rent Basis for Canteens of Cantt Public School located at Shahbaz Town Ph-III and Cantt Public School & College for Women Jinnah Town Quetta Cantt, for a period of **03** years on **16-07-2025, 17-07-2025 and 18-07-2025, at 1200 hours** at its office of Cantt Board Quetta. All the interested parties/individuals may participate in the auction. Detail terms and conditions of open public auction are as under:-

S. No.	Description	Located	Area of Canteen
1.	Cantt Public School & College for Boys.	Shahbaz Town Ph-III	864 sft
2.	Cantt Public School & College for Women.	Jinnah Town	864 sft

Terms & Conditions:-

1. Participants have to submit a pay order amounting to Rs. 300,000/- for Canteens situated at Cantt Public Schools and Colleges in favour of the Executive Officer, Quetta Cantonment Board along with a copy of CNIC to participate in the auction proceeding.
2. Pay order except 1st & 2nd highest bidders will be released at the end of auction.
3. All the bidders are requested to bring original CNIC or authority letter issued by the bidder at the time of auction.
4. The period of contract will be for 03 three years from the date of hand over the possession. The 10% increase annually in rent.
5. The successful bidder is bound to deposit Security (refundable) equal to 06 months rents. The remaining amount of the bid will be deposit within 15 days after approval from the Board.
6. In case of non-deposit of bid amount, the bid will be cancelled and paid amount will be forfeited towards Cantt fund.
7. Only women are allowed to work in Canteen of Cantt Public School & College for Women Jinnah Town Quetta Cantt.
8. The bidder will allow additional construction taking prior approval from the Board; the constructed area will become the property of Cantt Board Quetta.
9. Homemade food items put up for sale will be appreciated.
10. Rep of Cantt Board can visit the property at any time for inspection; in case of loss to Cantt fund property the Cantonment Board Quetta can impose a fine to the tenant.
11. In case of selling unhygienic food items, the contract will be immediately cancelled and put up for re-auction.
12. Possession of the property will be handed over to the highest bidder after security clearance /Police verification.
13. Income tax and all other Government taxes / dues leviable from time to time will be charged as per prevailing Government rules.
14. All utility bills and repair will be the responsibility of the bidder.
15. The successful bidders have to sign a "Tenancy Agreement" on non-judicial stamp paper of Rs.1,200/- within 30 days from the approval of bid and will be got registered under Registration Act, 1908 at the expense of contractor.
16. During the currency of tenancy agreement if the site is required by the CBQ for its use, then contractor is bound to vacate the site on receipt of due notice prior to its vacation from Cantonment Board Quetta.
17. During the tenancy, the tenant is bound to obey the departmental instructions issued from time to time.
18. In case of any dispute the case will be referred to Director Military Lands and Cantonments Quetta for arbitration. The decision of the authority will be final and appellant will have no right to challenge the decision in any Court.
19. In case of any dispute / after completion of contract, Cantt Board has the right to vacate / take over the possession of the site under Federal Government Lands and Buildings (Recovery of Possession) Ordinance, 1965.
20. The undersigned have rights to reject any bid with intimation before the approval of the bid as provided in rule 33 (i) of PPRA rules.

Cantonment Executive Officer
Quetta Cantonment

PID(Q)513/24

WALK IN INTERVIEWS

URGENT VACANCY ANNOUNCEMENT

Walk in Interviews will be conducted at **BINUQ, Hospital Quetta** located at Samungli Road Quetta on Thursday **03rd July 2025** from 09:30 AM to 04:00 PM of the eligible candidates for appointment on purely contract basis initially for a period of (01) one year, extendable on satisfactory performance against the following (42) vacant positions.

S. No	Vacant Position with Grade.	Eligibility Criteria / Experience.	BMC Hospital Quetta	Sandeman (P) Hospital Quetta
1.	Lady Medical Officer Anesthesia (B-17)	MBBS from a recognized institute by the PMDC, and permanent PMDC registration.	7	7
2.	Medical Officer Anesthesia (B-17)		7	7
3.	Staff Nurse Anesthesia (B-16) (Male / Female)	**A.** General Nursing from a recognized institute registered with PNMC and 1-year Midwifery Course, or a 1-year Post Basic Specialization Diploma & permanent PNMC registration is required. **B.** Or for BS Nursing degree holders, a certificate of completion for a 1-year internship training from a recognized hospital / institution & permanent PNMC registration is required.	7	7
				Total Positions = 42

Terms and Conditions: These posts are for Anesthesia Department SPH/BMCH only, therefore once appointed, shall not be transferable to any other section of BMCH/SPH. Age limits will be in accordance with the Government of Balochistan's current policy. Candidates from all over Balochistan are eligible to apply, subject to the satisfaction of the interview committee. Candidates shall not be regularized under any circumstances, however, their contractual tenure may be extended based on a satisfactory performance certificate issued by the concerned DDO. Candidates will be entitled to receive pay in the respective basic scale, along with applicable allowances. Government, semi-government, and autonomous organization employees must apply through the proper channel with a NOC from their employer/parent department. Number of available positions can be increased or decreased at any time during the process. No TA/DA will be provided for attending the interview. Selection will be solely based on the recommendations of the Selection Committee thus any form of canvassing will lead to disqualification. Candidates who have been terminated or dismissed from any government or non-government position due to disciplinary action, moral misconduct, or offenses are not eligible to apply. Concealment of facts or submission of forged documents will lead to immediate dismissal from the position, along with legal and disciplinary consequences. Selections will be at the sole discretion of the Divisional Health Committee, Quetta (Selection Committee), which reserves the right to cancel interview at any stage without providing any reasons.

How to apply: Eligible interested candidates should appear along with two sets of their applications, attested copies of all relevant documents, educational certificates, professional experience certificates, local/domicile certificate, CNIC, four passport-size photographs, and an updated CV. Please note that incomplete applications will not be considered. Walk in Interviews will be conducted on 03rd July 2025 at BINUQ Hospital Quetta from 09:00 AM to 04:00 PM.

PRQ No.4905/27-06-2025

Divisional Director Health Services
Quetta Division
(Secretary - Divisional Health Committee)

www.dpr.gob.pk @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بقیہ 1 سید عاصم منیر

سے لے کر ساحل سمندر تک بھارت کی بلا جواز جارحیت کے خلاف بہترین جواب دیا،ہم حق پر تھے اللہ نے معرکہ حق میں ہماری مدد کی،افغانستان ہمارا برادر اور پڑوسی اسلامی ملک ہے،ہم اس سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں،ہم ان سے ایک ہی تقاضا کرتے ہیں کہ وہ ہندوستان کی دہشتگردانہ پروکسیوں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کو جگہ نہ دیں،ملک کی ترقی اور کامیابی کے لئے عوام، حکومت اور افواج کے درمیان مضبوط تعلق ناگزیر ہے،ریاست کی تمام اکائیوں کے درمیان ہم آہنگی کی اساس پاکستان کی انتظامیہ اور سول بیوروکریسی ہے۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر چیف آف آرمی سٹاف نے 52ویں کامن ٹریننگ پروگرام کے افسران سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک کی ترقی اور کامیابی کے لئے عوام،حکومت اور افواج کے درمیان مضبوط تعلق ناگزیر ہے۔انہوں نے کہا کہ ریاست کی تمام اکائیوں کے درمیان ہم آہنگی کی اساس پاکستان کی انتظامیہ اور سول بیوروکریسی ہے،اسکی بھاری اور اہم ذمہ داری آپ پر عائد ہوتی ہے۔فیلڈ مارشل نے کہا کہ معرکہ حق میں ریاست کی تمام اکائیوں نے مثالی ہم آہنگی کا مظاہرہ کیا۔انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں پاکستان نے کشمیر لائن آف کنٹرول سے لے کر ساحل سمندر تک ہندوستان کی بلا جواز جارحیت کے خلاف بہترین جواب دیا،اللہ نے معرکہ حق میں ہماری مدد کی کیونکہ ہم حق پر تھے۔انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان دور حاضر کے جنگی تقاضوں کے مطابق اپنے آپکو ہر وقت تیار رکھتی ہیں۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ ہم ہندوستان کو واضح پیغام دیتے ہیں،پاکستان نے نہ پہلے ہندوستان کی اجارہ داری قبول کی اور نہ کبھی کریگا۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی ہندوستان کا اندرونی مسئلہ ہے جو اسکا اپنی اقلیتوں اور بالخصوص مسلمانوں پر متعصبانہ اور ظالمانہ رویوں کا نتیجہ ہے۔انہوں نے کہا کہ خطے میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سرپرست ہندوستان ہے۔انہوں نے کہا کہ بحیثیت قوم ہم پاکستانی کبھی بھی ہندوستان کے آگے جھکے ہیں،نا جھکیں گے۔انہوں نے کہا کہ افغانستان ہمارا برادر اور پڑوسی اسلامی ملک ہے اور ہم اس سے اچھے تعلقات چاہتے ہیں تاہم ہم ان سے ایک ہی تقاضا کرتے ہیں کہ وہ ہندوستان کی دہشتگردانہ پروکسیوں فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کو جگہ نہ دیں۔انہوں نے کہا کہ اپنی انفرادی اور علاقائی پہچان سے بڑھ کر پاکستانیت کی پہچان کو اپنائیں۔انہوں نے کہا کہ ہر نظام میں مسائل اور کمزوریاں ہوتی ہیں،آپکا کام ہے کہ کمزوریوں اور منفی قوتوں کو نظام پر حاوی نہ ہونے دیں،جو اقوام اپنی تاریخ کو بھول جاتی ہیں انکا مستقبل بھی تاریک ہو جاتا ہے۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان کی کہانی اور تاریخ کو جانیے اور اپنی اگلی نسلوں تک پہنچائیں،ملک سے محبت اور وفاداری اولین اور بنیادی شرط ہے۔انہوں نے کہا کہ اپنے اندر جرات،قابلیت اور کردار پیدا کریں اور گراں میں سے ایک جزو کو چننا ہو تو ہمیشہ کردار کو فوقیت دیجئے گا۔

بقیہ 2 ڈی جی آئی ایس پی آر

سیاستدانوں کا کام ہے کہ وہ آپس بات کریں، پاکستان کی مسلح افواج،پاکستان کی فوج کو برائے مہربانی سیاست میں ملوث نہ کیا جائے،ہم اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں پر مکمل توجہ دیتے ہیں،بغیر کسی ثبوت کے سیاسی بنیادوں پر بنائے گئے مفروضوں پر توجہ دینے سے اجتناب کیا جانا چاہیے،سٹرٹیجک غلط فہمیوں کا شکار لوگ اپنا ذہن صاف کریں،بلوچستان کے لوگ پاکستان کے ساتھ ہیں،یہ حقائق ہیں اور اس میں کسی کو کوئی شک نہیں ہونا چاہیے،بلوچستان میں جو دہشت گرد کام کر رہے ہیں،وہ کس کو نشانہ بنا رہے ہیں؟وہ ہم سے براہ راست مقابلے سے گھبراتے ہیں،کسی کے پاس یہ حق نہیں کہ وہ کسی کو غائب کرے،سب سے پہلے ہمیں بیانیے،جھوٹ اور سچ میں فرق کرنا ہوگا،پاکستان میں قانون کے نظام کو موثر اور بہتر کرنے کی ضرورت ہے،اظہار رائے کی آزادی کے کچھ اصول اور قوانین ہیں،معاشرہ ان کے بغیر چل نہیں سکتا،ایک پاکستانی شہری کی زندگی ہمیں ہزاروں افغان شہریوں سے زیادہ مقدم ہے،ہمیں معلوم ہے ہم کس سے نمٹ رہے ہیں،یہ افغان نہیں...

بقیہ 3 سپریم کورٹ

مشروط نظرثانی منظور کی جبکہ جسٹس جمال مندوخیل اپنے مرکزی کیس کے فیصلے پر قائم ہیں،جسٹس محمد علی مظہر اور جسٹس حسن اظہر رضوی نے اقلیتی فیصلے میں کہا کہ الیکشن کمیشن ریکارڈ دیکھ کر طے کرے کس کی کتنی مخصوص نشستیں بنتی ہیں۔یاد رہے کہ 6 مئی 2025 سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے مخصوص نشستوں کے فیصلے پر نظر ثانی درخواستوں کو سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے فریقین کو نوٹسز جاری کر دیے تاہم بینچ کے ارکان جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس عقیل عباسی نے اختلاف کرتے ہوئے نظر ثانی درخواستوں کو ناقابل سماعت قرار دیا تھا۔قبل ازیں جمعہ کو کیس کے آغاز میں ہی جسٹس صلاح الدین پنہور نے خود کو بینچ سے الگ کر لیا جس کے بعد مخصوص نشستوں سے متعلق کیس میں 11 رکنی بینچ ٹوٹ گیا۔جسٹس صلاح الدین پنہور نے ریمارکس دیے کہ سنی اتحاد کونسل کے وکیل حامد خان نے گزشتہ روز بینچ پر اعتراض اٹھایا تھا،حامد خان نے ان ججز کی بینچ میں شمولیت پر اعتراض اٹھایا جو 26ویں ترمیم کے بعد سپریم کورٹ آئے۔حامد خان کے اس اعتراض کے باعث بہتر سمجھتا ہوں خود کو بینچ سے الگ کروں۔جسٹس صلاح الدین پنہور نے کہا کہ جن ججز پر 26ویں آئینی ترمیم کے بعد بینچ میں شامل ہونے پر اعتراض کیا گیا ان میں میں بھی شامل ہوں،عوام کا عدلیہ میں اعتماد لازم ہے ضروری ہے کسی فریق کا بینچ پر اعتراض نہ ہو۔وکیل حامد خان نے کہا کہ میں جسٹس صلاح الدین پنہور کے اس اقدام کو سراہتا ہوں،جس پر جسٹس امین الدین خان نے کہا کہ یہ کوئی سراہنے والا معاملہ نہیں ہے،یہ آپ ہی کے کنڈکٹ کا نتیجہ ہے،ہم نے آپ کو عزت دی، اس لیے آپ کو سن رہے ہیں،ورنہ ہم آپ کو سننے کے مجاز نہ تھے،آپ کو موقع دیا،آپ اس کا ناجائز فائدہ مت اٹھائیں۔جسٹس جمال مندوخیل نے حامد خان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے پاس دس منٹ ہیں بات کرنی ہے تو کریں،ایسا نہیں ہے کہ ہمیں تحقیر کرنا نہیں آتی جس پر حامد خان نے کہا کہ آپ فیصلے میں لگ رہے ہیں،ابھی کیس مت سنیں۔

بقیہ 4 وزیراعظم ایبرسٹر گوہر

فیصلے کا خیر مقدم،قانونی ٹیم کو مبارکباد اور انکی انتھک محنت پر پزیرائی۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ فیصلے سے آئین و قانون کی بالادستی قائم ہوئی اور قانون کی درست تشریح ہوئی اپوزیشن کو چاہیے کہ وہ آئیں حکومت کے ساتھ مل کر ملکی ترقی و خوشحالی کیلئے اپنا مثبت کردار ادا کریں پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف اسمبلی اور عوامی سطح پر احتجاج کریں گے۔ ہمارے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے،سپریم کورٹ کے فیصلے سے مایوسی ہوئی ہے اور بہت ناانصافی ہوئی انہوں نے کہا کہ لگتا ہے کہ پی ٹی آئی کیلئے قاضی فائزعیسیٰ کا سایہ آج بھی سپریم کورٹ میں موجود ان کا کہنا تھا کہ فیصلہ ہمارے ساتھ ناانصافی ہے، آئین کی غلط تشریح کی گئی ہے،یہ نشستیں پی ٹی آئی کی تھیں،اس فیصلے کے بعد کے پی میں 3 سیٹیں جیتنے والی جماعت کو 11 نشستیں ملیں بیرسٹر گوہر کا کہنا تھا کہ وقت بتائے گا یہ فیصلہ غلط ہے،امید ہے 26ویں ترمیم ایک دن ختم ہوگی اور اس کے بعد جو سپریم کورٹ بنے گی وہ ضرور کہے گی یہ فیصلہ انصاف پر مبنی نہیں ہے جس طرح بھٹو کا فیصلہ آیا تھا،اس طرح عوام کا فیصلہ بھی آئے گا،یہ ہماری 78 سیٹیں تھیں،ایک پارٹی کو جیتی ہوئی نشستوں سے زیادہ سیٹیں ملیں گی،3 جیتی سیٹوں پر ان کو 11 نشستیں ملیں گی،کسی نے ایسا نہیں سوچا تھا۔اپنے بیان میں چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے سے بہت مایوسی ہوئی ہے،8 ججز نے ہمارے حق میں فیصلہ کر دیا تھا،ہمارے ساتھ ناانصافی ہوئی ہے،آج آئین کا غلط ترجمہ ہوا ہے۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ایک پارٹی کو جیتی ہوئی نشستوں سے زیادہ سیٹیں لیں گی،کسی نے ایسا نہیں سوچا تھا،3 جیتی سیٹوں پر ان کو 11 نشستیں ملیں گی،یہ ہماری 78 سیٹیں تھیں،یہ ہمارا حق تھا،ہم نے سنی اتحاد کونسل کو اس لیے جوائن کیا تھا۔چیئرمین پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ الیکشن کمیشن نے ہمیں ایک فارمیٹ دیا تھا،ہمارا حق سپریم کورٹ کے ججز نے مانا تھا،جس طرح بھٹو کا فیصلہ آیا تھا،اسطرح عوام کا فیصلہ بھی آئے گا،واضح رہے کہ سپریم کورٹ کے آئینی بینچ...

بقیہ 5 میر سرفراز بگٹی
بقیہ 6 عمر ایوب
بقیہ 7 عمران خان
بقیہ 8 رجسٹریشن شروع
بقیہ 9 مہنگائی
بقیہ 10 ثالثی عدالت
بقیہ 11 سوات سیلاب
بقیہ 12 پیپلز تصدیق
بقیہ 13 اپوزیشن
بقیہ 14 ایگزیکٹو آرڈر
بقیہ 15 خطرات لاحق
بقیہ 16 فلسطینی شہید
بقیہ 17 اندرونی اختلافات
بقیہ 18 ہاؤسنگ سکیم
بقیہ 19 وزیراعظم
بقیہ 20 سکیورٹی گارنٹس
بقیہ 21 بوگیاں گر
بقیہ 22 موسلادھار بارش
بقیہ 23 شہید مصور کاکڑ
بقیہ 24 مانیٹرنگ سیل
بقیہ 25 بم دھماکہ
بقیہ 26 روس سے رابطہ
بقیہ 27 دفعہ 144
بقیہ 28 گرینڈ آپریشن
بقیہ 29 رویینہ خالد
بقیہ 30 میر گرگین مینگل
بقیہ 31 مہنگی بجلی
بقیہ 32 وزیر خزانہ
بقیہ 33 اضافی اخراجات
بقیہ 34 بادل چھاؤ
بقیہ 35 اسحاق ڈار
بقیہ 36 بین الاقوامی
بقیہ 37 مولانا قادر لونی
بقیہ 38 ہدایت الرحمان
بقیہ 39 احتیاطی تدابیر
بقیہ 40 پیچھے رہ جائیں گی
بقیہ 41 لیکن ہماری کوشش
بقیہ 42 حیثیت سے حساب
بقیہ 43 افسوسناک سوچ
بقیہ 44 شریک
بقیہ 45 تنظیمی کارروائی
بقیہ 46 اسلم بلوچ
بقیہ 47 ای سی سی
بقیہ 48 بجٹ پالیسی
بقیہ 49 جرمانہ کا کہنا
بقیہ 50 باعث بن رہی
بقیہ 51 مثالی اور عدل
بقیہ 52 پی ایف اے
بقیہ 53 اسرائیلی وزیر دفاع
بقیہ 54 عوامی علاقوں
بقیہ 55 پابندی لگا دی
بقیہ 56 ادا کی گئی
بقیہ 57 جمال شاہ کاکڑ
بقیہ 58 دیانتی کامیابی
بقیہ 59 مولانا شیرانی
بقیہ 60 بے دلیوی
بقیہ 61 ایرانی سفیر
بقیہ 62 خطرناک رجحان
بقیہ 63 محسن نقوی
بقیہ 64 ضیاء اللہ لانگو
بقیہ 65 ہیلم کوسہ
بقیہ 66 اقتصادی پابندیاں
بقیہ 67 ملازمتوں میں

امریکہ سے اچھے تعلقات کا مطلب یہ نہیں غلط چیز میں بھی ساتھ دیں، اسحاق ڈار

ایران پر حملے کے بعد قیاس آرائیاں ہوئیں پاکستان کیا کرے گا، اپنی پوزیشن واضح کرتے ہوئے بیان جاری کیا

پتہ تھا ایران بدلہ لیے بغیر نہیں رہے گا، بیک گراؤنڈ میں تہران کو پاکستان کی بھرپور سیاسی سپورٹ حاصل تھی

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے امریکہ کیساتھ اچھے تعلقات کا یہ مطلب نہیں غلط چیز میں بھی ساتھ دیں، پتہ تھا ایران بدلہ لیے بغیر نہیں رہے گا، پریس کانفرنس کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا او آئی سی اجلاس میں سب سے زیادہ ایران ، اسرائیل کا معاملہ زیر بحث آیا، پاکستان کی تجویز پر وزرائے خارجہ نے طے کیا ایک سیشن صرف ایران پر کیا جائے ، میں ایرانی وزیر خارجہ سے مسلسل رابطے میں رہا، وزیر اعظم کی بھی ایران سے بات چیت ہوئی، اسلامی واخلاقی فرض ہے ایران کو سپورٹ کریں، ایران نے.......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی تعمیر نو سمارٹ آڈیٹوریم کا افتتاح کر رہی ہیں

مصور کاکڑ کی مسخ شدہ لاش کی برآمدگی سانحہ ہے، پی کے نیپ

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکریٹریٹ کے پریس ریلیز میں معصوم مصور خان کاکڑ کی مسخ شدہ لاش برآمد ہونے کے المناک واقعے کو ایک ملی سانحہ قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ 15 نومبر 2024 کو جب مصور خان کاکڑ وین میں سکول جارہے تھے تو مسلح اغواء کاروں و دہشتگردوں نے انہیں اغواء کیا جس کے خلاف سیاسی جماعتوں، انجمن تاجران، قبائلی عمائدین نے 14 دن اسمبلی کے سامنے پرزور احتجاج اور دھرنا دیا اور 29 نومبر 2024 کو وزیر اعلیٰ اپنے کابینہ کے ہمراہ دھرنا کے مقام پر آئے اور وعدہ کیا کہ جلد از جلد مصور خان کاکڑ کو بازیاب کیا جائیگا مگر افسوس سے کہنا پڑ رہا ہے

مصور خان کاکڑ کا بہیمانہ قتل قابل مذمت ہے، ایچ ڈی پی

کوئٹہ (آن لائن) ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی بیان میں معصوم مصور خان کاکڑ کے بہیمانہ قتل کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ مسلط صوبائی حکومت اور نااہل انتظامیہ کی کارکردگی صوبے کے عوام پر واضح اور عیاں ہوگئی بیان میں کہا گیا کہ 8 مہینے سے زائد عرصہ ہوجب مصور کو اغوا کیا گیا اور اس دوران پورہ صوبہ احتجاج کرکے مغوی کی بازیابی کیلئے احتجاج کرتا رہا مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ مسلط صوبائی حکومت صوبے کے تمام معاملات میں مسلسل ناکامی سے دوچار ہورہی ہے بیان میں مغوی مصور کاکڑ کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انکے ساتھ بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا ہے

بھارت کا کردار منافقت کے سوا کچھ نہیں، محمد عبدالقادر

شنگھائی تعاون تنظیم نے بھارت کے منافقانہ بیانیے کو مسترد کر دیا، سینیٹر

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ چین کے شہر بیجنگ میں شنگھائی تعاون تنظیم کے قومی سلامتی کے مشیروں کے اجلاس میں بھارت اور پاکستان آمنے سامنے آ گئے اجلاس میں بھارت کے اجیت دوول کو پاکستان کے قومی سلامتی کے مشیر لیفٹیننٹ جنرل عاصم ملک نے لاجواب کر دیا عاصم ملک کے.......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

مصور خان کی شہادت عظیم سانحہ ہے، مولانا قادر لونی

وزیر اعلیٰ نے احتجاج کے وقت بازیابی کا جو وعدہ کیا تھا پورا نہ کرنا حکومت کی ناکامی ہے

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الحدی، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری خان ایڈووکیٹ، مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی ناظم دوئم قاری مہراللہ.......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

مصور خان کاکڑ کی مسخ شدہ لاش نظام کی ناکامی کا ثبوت ، ہدایت الرحمان

ایک نوسالہ معصوم بچہ آٹھ ماہ تک کہاں تھا؟ اور اس دوران حکومت کہاں سوئی ہوئی تھی؟

اگر ادارے محض رسمی بیانات دینے کی بجائے سنجیدگی سے کام کرتے تو آج مصور زندہ ہوتا

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، جنرل سیکرٹری مرتضیٰ خان کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ سے آٹھ ماہ قبل اغوا کیے گئے نوسالہ مصور خان کاکڑ کی مسخ شدہ لاش کا مستونگ سے برآمد ہونا ایک ایسا دل دہلا.......... بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

لورالائی ندی میں طغیانی کے باعث گاڑی بہہ گئی

لورالائی (یو این اے) لورالائی کے علاقے مزہ تنگی میں رات کے وقت ندی میں طغیانی کے باعث ایک گاڑی پانی میں بہہ گئی عینی شاہدین اور مقامی مکینوں کے مطابق گاڑی میں خواتین اور بچے سوار تھے۔ جائے وقوعہ سے بچوں اور خواتین کی چپلیں ملی ہیں، تاہم گاڑی اور متاثرہ افراد کی شناخت تاحال نہ ہوسکی ریسکیو ٹیموں کو اطلاع دے دی گئی ہے اور ندی میں تلاش کا کام جاری ہے علاقے میں شدید بارشوں کے باعث ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ بڑھ گیا، ضلعی.......... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی ملک نعیم خان بازئی کچلاک کے دورے کے موقع پر عوام کے مسائل سن رہے ہیں

موجودہ پیچیدہ انٹرنیشنل افیئرز میں پاکستان نے متوازن و تعمیری کردار ادا کیا، گورنر

ملک کو جن مشکلات کا سامنا ہے اس کیلئے تجربہ کار سیاسی رہنماؤں کو آگے بڑھ کر تاریخی کردار ادا کرنا چاہئے، جعفر خان مندوخیل

سیاست ہی ملک میں قومی اتحاد و یکجہتی اور پائیدار ترقی کا معتبر وسیلہ ہے، گورنر ہاؤس کوئٹہ میں رکن قومی اسمبلی اعجاز الحق سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ موجودہ پیچیدہ اور گنجلک انٹرنیشنل افیئرز میں پاکستان نے نہایت متوازن اور تعمیری کردار ادا کیا ہے جو کہ لائق تحسین ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ دنیا میں امن و ترقی کیلئے مل جل کر کام کیا جائے۔ ریاست کو ہمہ جہت چیلنجوں سے نکالنے کیلئے آج بھی تجربہ کار سیاسی اکابرین کا کردار کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔ ملک کو معیشت، امن وامان اور سیاست کے میدان میں جن مشکلات کا سامنا ہے ان سے نجات حاصل کرنے کیلئے تجربہ کار سیاسی رہنماؤں کو آگے بڑھ کر اپنا تاریخی کردار ادا کرنا چاہئے۔ دنیا کے ہر ذی.......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر جعفر خان مندوخیل سے عبدالرحمن کھیتران اور عبدالرحیم زیارتوال ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان میں دہشتگردوں کو بھارتی حمایت حاصل ہے، ظہور بلیدی

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے کہا ہے کہ بھارت کا شنگھائی تعاون تنظیم کے اعلامیہ پر دستخط سے انکار بلوچستان میں دہشتگردی کو ہوا دینے کا واضح اعتراف ہے۔ پاکستان نے بارہا بلوچستان میں بھارتی مداخلت ودہشتگردی کو دنیا کے سامنے آشکار کیا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اے پی پی سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ چین میں شنگھائی تعاون تنظیم کے وزرائے دفاع کا اجلاس ہوا

سرکاری ہسپتالوں کی حالت بہتر بنانے میں موثر کامیابی ملی، بخت کاکڑ

بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ لوگ سرکاری ہسپتالوں سے اپنا علاج کروا رہے ہیں، صوبائی وزیر صحت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ سرکاری ہسپتالوں کی حالات بہتر بنانے میں کامیابی ملی ہے مزید بہتری کیلئے ضروری مشینری ادویات اور دیگر حوالے سے حکومت بھرپور کارروائی کررہی ہے بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے جو سرکاری ہسپتالوں سے عوام اپنا علاج ومعالجہ بڑے آسانی سے کر رہے ہیں۔ یہ بات.......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

مصور کاکڑ کا قتل سیکورٹی اداروں کی ناکامی کا ثبوت ہے، پشتونخوامیپ

پارٹی دلخراش واقعہ پر لواحقین کے غم میں برابر کی شریک اور تعزیت کا اظہار کرتی ہے، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکریٹریٹ کے جاری کردہ بیان میں مصور خان کاکڑ کے اغواء اور قتل پر انتہائی دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ پاکستان کے سیکورٹی ادارے اتنی کمزور و نااہل نہیں کہ انہیں یہ معلوم نہ ہوسکے کہ مصور کاکڑ کے اغواء کار اور قتل میں ملوث ملزمان کون ہیں گزشتہ 7 ماہ سے مغوی مصور کاکڑ کی عدم بازیابی.......... بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

صوبے میں آسامیاں محدود امیدواروں کی تعداد زیادہ ہے، صادق عمرانی

محکمہ آبپاشی میں بیلدار کی 15 خالی آسامیوں کیلئے 4000 سے زائد درخواستیں موصول ہوئی ہیں

نوجوانوں کو مثبت اور پائیدار روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ سرکاری ملازمتوں کی تعداد محدود جبکہ امیدواروں کی تعداد کہیں زیادہ ہے صرف محکمہ آبپاشی میں بیلدار کی 15 خالی آسامیوں کیلئے چار ہزار سے زائد درخواستیں موصول ہوئی ہیں جو موجودہ حالات میں روزگار کی شدید طلب کا عکاس ہے مختلف وفود اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے میر صادق عمرانی نے کہا کہ موجودہ وقت میں بیروزگاری ایک سنجیدہ مسئلہ بن چکی ہے ہماری کوشش ہے.......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

مصور کاکڑ کی لاش برآمد ہونے پر حکومت فوری مستعفی ہو جائے، حافظ حمد اللہ

قوم کو بھیڑیوں اور دہشتگردوں کے حوالے کر دیا گیا ہے، سابق سینیٹر

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء حافظ حمد اللہ نے کوئٹہ کے معروف تاجر کے ننھے بیٹے مصور خان کاکڑ کی شہادت پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچے کی مسخ شدہ نعش حکومت بلوچستان کی ناکامی کا ثبوت ہے مغوی مصور کاکڑ کو بازیاب نہ کرانے سے ثابت ہوا کہ حکومت خود طاقت اور دولت کے ہاتھوں مغوی ہے یہ مصور شہید کی نعش نہیں.......... بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

پاور پلانٹس، صنعتی صارفین کیلئے گیس قیمتوں میں اوسطاً 1 فیصد اضافہ، ای سی سی نے منظوری دیدی

گھریلو صارفین کیلئے گیس کی قیمتیں برقرار رکھنے کا فیصلہ، صرف فکسڈ چارجز میں معمولی ردوبدل کیا جائے گا، اعلامیہ

چینی درآمد کرنے کی بھی منظوری، 10 رکنی سٹیئرنگ کمیٹی قائم، سربراہی وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر خزانہ اور تجزیہ کی زیر صدارت اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کا اہم اجلاس ہوا معیشت، توانائی اور غذائی تحفظ سے متعلق متعدد اہم فیصلے کیے گئے، اجلاس میں گھریلو صارفین کیلئے گیس قیمتیں برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا گیا، اعلامیے کے مطابق صرف فکسڈ چارجز میں معمولی ردوبدل کیا جائے گا ذرائع کے مطابق پروٹیکٹڈ صارفین کے فکسڈ چارجز 400 روپے سے بڑھا کر 450، نان پروٹیکٹڈ صارفین کے فکسڈ چارجز 1000 سے بڑھا کر 1400 روپے کیے گئے ہیں زیادہ (1.5 کیوبک میٹر سے زائد) گیس استعمال.......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

منگچر، کلی دیگانزئی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ، 1 شخص جاں بحق

مقتول کی شناخت بنگل جرگہ کونسل کے ترجمان مولانا علی حسن بنگل کے نام سے ہوئی، لیویز ذرائع

منگچر (آن لائن) منگچر کلی دیگانزئی ایریا میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق لیویز ذرائع منگچر کے مطابق آج سہ پہر کے وقت نامعلوم افراد نے کلی دیگانزئی منگچر ایریا میں آتشیں اسلحہ سے فائرنگ کر کے بنگل جرگہ کونسل پاکستان ضلع کوئٹہ کے ترجمان مولانا علی حسن بنگل.......... بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

سرکاری ملازمین کے مسائل کو سنجیدگی سے حل کیا جائے، اسلم بلوچ

وعدوں سے انحراف، بدترین تشدد اور قید و بند آمرانہ و نازیبا رویہ ہے

کمر توڑ مہنگائی سے ملازمین مشکلات کا شکار ہیں، ازالہ کیا جائے، رہنماء این پی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صدر اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ حکومت کو چاہیے کہ سرکاری ملازمین کے مسائل پر سنجیدگی سے غور کرے کیونکہ مہنگائی میں بڑے پیمانہ پر اضافہ ہوا ہے جس کے باعث ملازمین سمیت ہر طبقہ فکر کے لوگ مشکلات سے دوچار.......... بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

مشیر محکمہ ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی سے شہزادہ احمد اور ذوالفقار درانی ملاقات کر رہے ہیں

دالبندین، موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش، مزاحمت پر شہری شدید زخمی

دالبندین (نامہ نگار) سب تحصیل شادی شیف کے قریب موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش، مزاحمت پر شہری شدید زخمی، ہسپتال ذرائع کے مطابق سب تحصیل چاغی کے علاقے شادی شیف کے قریب نامعلوم ڈاکوؤں نے ایک سوار سے اس کی موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی مزاحمت پر ڈاکوؤں نے اسے بری طرح تشدد کا نشانہ بنایا ملزمان شہری کو سڑک پر نیم مردہ حالت میں چھوڑ کر موٹر سائیکل لے کر فرار ہوگئے۔

دالبندین، معدنیات لے جانے والی گاڑیوں پر مسلح افراد کی فائرنگ سے ٹائر برسٹ

چاغی (آن لائن) دالبندین لاگاپ کے علاقے میں مسلح افراد نے معدنیات لے جانے والی گاڑی پر فائرنگ کر کے ٹائر برسٹ کردیا لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ شب دالبندین سے 15 کلومیٹر دور کوئٹہ کی طرف پاک ایران آر سی ڈی شاہراہ لاگاپ کے مقام پر معدنیات لے جانے والی گاڑیوں پر فائرنگ کر کے ٹائر برسٹ کر کے ایک گاڑی کو آگ لگادی گئی

جھل مگسی، چچا نے بھتیجی کو سیاہ کاری کے الزام میں قتل کر دیا

ملزم علی جان مگسی مساۃ فہمیدہ کو قتل کر کے موقع سے فرار، مزید تحقیقات جاری ہے

اوستہ محمد (آن لائن) جھل مگسی کے علاقے میں چچا نے بھتیجی کو سیاہ کاری کے الزام میں قتل کر دیا تفصیلات کے مطابق جھل مگسی لیویز ایریا میں گوٹھ نصر مگسی میں ملزم علی جان مگسی نے سیاہ کاری کے الزام میں اپنی سگی بھتیجی مساۃ فہمیدہ کو سیاہ کاری کے الزام میں قتل کر دیا اور موقع سے فرار ہوگیا لیویز پولیس نے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور ملزم کی تلاش شروع کردی۔

لوکل کونسلز مخصوص نشستوں پر ضمنی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی کا عمل مکمل

کوئٹہ کے علاوہ دیگر اضلاع میں پولنگ 3 اگست 2025 کو ہوگی، الیکشن کمیشن پاکستان

کوئٹہ (آن لائن) الیکشن کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق بلوچستان میں (ضلع کوئٹہ کے علاوہ) لوکل کونسلز کی مخصوص نشستوں پر ضمنی انتخابات کیلئے کاغذات نامزدگی جمع کرانے کا عمل مکمل ہوچکا ہے اس سلسلے میں امیدواروں کی ابتدائی فہرست 28 جون 2025 کو جاری کی جائے گی۔ جس کے بعد کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 30.......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

مصور خان کاکڑ کی لاش نے جھوٹے دعوؤں کو بے نقاب کیا، مولانا واسع

حکومت کے وعدوں اور دعوؤں کا انجام ایک لاش کی صورت میں نکلا، صوبائی امیر جمعیت

تاجر، علماء، طلبہ سب جرائم پیشہ عناصر کے رحم و کرم پر ہیں، سینیٹر

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ مصور خان کی لاش نے حکومت کے جھوٹے دعوؤں کو بے نقاب کر دیا ہے، وعدوں، دعوؤں اور تسلیوں کا انجام ایک لاش کی صورت میں نکلا انصاف مانگنے والوں کو تحفظ نہیں لاشیں دی جارہی ہیں، یہ قتل نہیں، حکومت کی رٹ کا عبرتناک انجام ہے۔ یہ بات انہوں نے اپنے ایک بیان میں کہی، انہوں نے کہا کہ اغواء برائے تاوان معمول بن چکا ہے حکومت بزدلی سے خاموش.......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

امریکہ کیساتھ تعلقات میں کوئی بگاڑ نہیں، آپریشن سندور میں بھارت کا سندور اجڑ گیا، خواجہ آصف

بھارتی ہٹ دھرمی سے شنگھائی تعاون تنظیم کا مشترکہ اعلامیہ جاری نہیں ہوسکا، معاملات ٹھیک ہونے تک تعلقات نارمل نہیں ہوں گے

پاک ایران معاملے پر ابھی رائے نہیں دے سکتا، اصل صورتحال سامنے ہوگی تو بات کریں گے، وزیر دفاع کی صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے آپریشن سندور میں بھارت کا سندور اجڑ گیا، پاکستان نے بھارت کا جو علاج کرنا تھا وہ کردیا، بھارتی ہٹ دھرمی کے باعث شنگھائی تعاون تنظیم کا مشترکہ اعلامیہ جاری نہیں ہوسکا، بھارتی موقف کی کسی نے حمایت نہیں کی، صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا ایس سی او وزرائے دفاع اجلاس میں بھارت کا مشترکہ اعلامیہ نہیں آسکا، میری تقریر کے بعد بھارتی وفد نے بھی بات کرنے کیلئے وقت مانگا، بھارتی وزیر دفاع کی درخواست مسترد کردی گئی، آپریشن سندور میں بھارت کا سندور اجڑ گیا، پاکستان نے بھارت کا جو علاج کرنا

چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وفاقی حکومت نے سالانہ عبوری محصولات کے اعداد وشمار جاری کرنے پر پابندی لگا دی

آئی ایم ایف پروگرام کے تحت عوام، میڈیا یا کسی بھی بیرونی فریق کیساتھ اعداد وشمار شیئر نہیں کیے جائیں گے

بغیر اجازت کے کسی بھی قسم کے عبوری اعداد وشمار کا اجرا پروگرام کی رازداری کی خلاف ورزی تصور ہوگا، ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی حکومت نے سالانہ عبوری محصولات کے اعداد وشمار جاری کرنے پر پابندی لگادی، ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف پروگرام کے تحت مکمل یا جزوی اعداد وشمار کی پیشگی اور واضح منظوری لازمی قرار دیدی گئی، ادارے سے شائع کرنے پر پابندی ہوگی، عوام، میڈیا یا کسی بھی بیرونی فریق کیساتھ اعداد وشمار شیئر نہیں کیے جائیں گے، وزارت خزانہ کے مطابق بغیر اجازت کے عبوری اعداد وشمار کا اجرا پروگرام کی رازداری کی خلاف ورزی تصور ہوگا قبل از وقت عبوری اعداد وشمار کا اجرا آئی ایم ایف کے جائزہ عمل.......... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

مصور کاکڑ کے ورثاء سے ہمدردی اور واقعہ کی مذمت کرتے ہیں، امان اللہ کنرانی

حکومت وانتظامیہ ایسے واقعات سے بری الذمہ نہیں ہوسکتیں، سابق صدر سپریم کورٹ بار

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے کوئٹہ شہر کے قلب سے 7 ماہ قبل ایک معصوم بچہ مصور خان کاکڑ دن دیہاڑے اغواء اور کامیابی سے کمین گاہ تک پہنچایا جانا اور حکومت کی اس کو برآمد کرنے کی بے بسی یہ ساری علامات شہر میں بالعموم وصوبے میں بالخصوص حکومت کی کمزور گرفت کی علامت ہیں اس.......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

محرم الحرام میں قیام امن کیلئے تمام مسالک کے علماء کردار ادا کریں، قاری مہراللہ

دشمن قوتیں فرقہ واریت کو ہوا دینے کیلئے سازشیں کرتی ہیں، رہنماء جمعیت (ن)

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ نے کہا کہ محرم الحرام میں امن و امان برقرار رکھنے کیلئے تمام مسالک کے علماء کرام اپنا کردار ادا کریں فروعی اختلافات میں ایک دوسرے کے مسالک کا احترام کریں دشمن قوتیں فرقہ واریت کو ہوا دینے کیلئے سازشیں کرتی ہیں تاکہ فرقہ واریت کی آگ کو ہوا دی جا.......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ محکمہ مون سون بارشوں کے باعث حفاظتی اقدامات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایرانی سپریم لیڈر خامنہ ای کو مارنا چاہتے تھے لیکن موقع نہیں مل سکا، اسرائیلی وزیر دفاع

حملے کا معلوم ہونے پر خامنہ ای روپوش ہوگئے اور پاسداران انقلاب کے نئے کمانڈرز سے رابطہ ختم کردیا، اسرائیل کاٹز

ایران جوہری پروگرام دوبارہ شروع کرتا ہے تو پھر حملہ کرسکتے ہیں، امریکہ سے گرین سگنل حاصل ہے، انٹرویو

تل ابیب (بیورو رپورٹ) اسرائیلی وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے کہا ہے کہ ایرانی سپریم لیڈر کو مارنا چاہتے تھے لیکن آپریشنل موقع نہیں ملا، اسرائیلی میڈیا کو دیئے گئے انٹرویو میں وزیر دفاع اسرائیل کاٹز نے کہا کہ خامنہ ای کو معلوم تھا ہونے والا ہے اس لیے روپوش ہوگئے اور پاسداران انقلاب کے نئے کمانڈرز سے رابطہ ختم کردیا، اسرائیل ایرانی سپریم لیڈر خامنہ ای کو مارنا چاہتا تھا لیکن آپریشنل موقع نہیں مل سکا، اسرائیلی کاٹز نے کہا کہ ایران جوہری پروگرام دوبارہ شروع کرتا ہے تو پھر حملہ کرسکتے ہیں امریکہ سے گرین سگنل حاصل ہے تاہم ایسی صورتحال نظر.......... بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

حب، میونسپل کارپوریشن کی جانب سے ہیوی مشینری کے ذریعے آرسی ڈی شاہراہ پر بارش کے پانی کی نکاسی کی جارہی ہے

بی ایف اے کی مضر صحت فصلوں کیخلاف کارروائی

سیوریج واٹر سے سیراب کی جانے والی 30 ایکڑ فصلیں تلف

مضر صحت سبزیاں انسانی جانوں کیلئے خطرناک ہیں، ڈی جی

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے مضر صحت سبزیوں کے خلاف تابڑتوڑ کارروائیاں بھرپور انداز میں جاری ہیں۔ حالیہ کریک ڈاؤن کے دوران مستونگ میں سیوریج اور نالوں کے آلودہ پانی سے سیراب کی جانے والی تقریباً 30 ایکڑ رقبے پر محیط سبزیاں ٹریکٹر چلا کر مکمل طور پر تلف کر دی گئیں۔ ان سبزیوں کی کاشت بارہا انتباہ کے باوجود جاری رکھی گئی، جو کہ عوام کی صحت کے ساتھ سنگین کھلواڑ کے مترادف ہے۔ ڈائریکٹر جنرل بلوچستان.......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

اوستہ محمد، پولیس اور 15 مددگار فورس کی کارروائی، 250 کلوگرام چرس برآمد

ملزم کا تعلق سندھ سے اور صحافت کی آڑ میں مکروہ دھندہ کر رہا تھا، پولیس

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی حنیف بلوچ) اوستہ محمد صدر پولیس اور 15 مددگار فورس کی بڑی کامیاب کارروائی وافر مقدار میں منشیات سندھ سمگلنگ کرنے کی کوشش ناکام ریوو گاڑی سے 250 کلوگرام چرس برآمد، صحافی رنگے ہاتھوں گرفتار، تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد امجد علی جمالی کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر اوستہ محمد سب انسپکٹر منظور احمد جمالی اور انچارج 15 مددگار فورس.......... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

امید ہے امریکی صدر ٹرمپ غزہ میں بھی جنگ بندی کرا کر آئیں گے، محسن نقوی

پاکستان ہمیشہ سے کشمیر سمیت دیگر تنازعات مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کا خواہاں، امن کیلئے اٹھائے گئے ہر قدم کا خیر مقدم کرتے ہیں

پاکستان اہم دوست ملک، تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتے، خطے میں امن کیلئے سفارتی کوششوں کو سراہتے ہیں، قائم مقام امریکی سفیر نٹالی بیکر

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے امید ہے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ غزہ میں بھی جنگ بندی کرائیں گے، پاکستان امن کیلئے اٹھائے گئے ہر قدم کا خیر مقدم کرتا ہے، محسن نقوی سے امریکہ کی قائم مقام سفیر نٹالی بیکر نے اہم ملاقات کی، باہمی دلچسپی کے امور، پاک امریکہ تعلقات اور مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا، علاقائی صورتحال اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات پر بھی تفصیلی بات چیت کی گئی، وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایران اسرائیل جنگ بندی کرانے پر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی غیر معمولی قیادت وخلوصانہ کاوشوں کو سراہا، محسن نقوی نے کہا کہ پاک بھارت کے بعد ایران اسرائیل سیز فائر کیلئے امریکی صدر کا مثبت کن کردار.......... بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کے صاحبزادے کی منگنی کی دعوت میں ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، میر یونس عزیز زہری و دیگر قبائلی عمائدین شریک ہیں

مصور کاکڑ کا قتل صوبے کی روایات اور انسانیت کا قتل ہے، ضیاء اللہ لانگو

سوگوار خاندان کے غم میں پورا صوبہ برابر کا شریک ہے، سابق وزیر داخلہ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سابق وزیر داخلہ و بلوچستان عوامی پارٹی کے سینئر نائب صدر میر ضیاء اللہ لانگو نے شہید معصوم مصور خان کاکڑ کے اہلخانہ سے یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سوگوار خاندان کے غم میں پورا صوبہ برابر کا شریک ہے، مصور کاکڑ کا قتل نہیں بلکہ صوبے کی روایات اور انسانیت کا قتل ہے۔ اپنے جاری کردہ تعزیتی بیان میں انہوں نے کہا کہ مصور خان کاکڑ کے سفاک اور بہیمانہ قتل کی خبر صوبے کے تمام عوام کے لئے ایک دل دہلا.......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

پیپلز پارٹی کے منتخب کونسلرز کی مسلم لیگ (ن) میں شمولیت

کوئٹہ (پ ر) پیپلز پارٹی کے منتخب کونسلروں نے صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات بلوچستان میر شعیب جان نوشیروانی کی قیادت اور رہنمائی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) میں شمولیت اختیار کرلی ہے یہ لوگ ایم پی اے ہاسٹل کوئٹہ میں صوبائی وزیر خزانہ سے ملے اس موقع پر وائس چیئرمین سردار امین اللہ

پولیو کیخلاف حکومتی ایکشن پلان حتمی مراحل میں داخل ہوگیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پولیو ٹیکنیکل ایڈوائزری گروپ کا اجلاس 24 سے 26 جون تک اسلام آباد میں ہوا، انسداد پولیو حکمت عملی اور گزشتہ چھ ماہ کی پیشرفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا، فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق نے کہا وزیر اعظم کی قیادت میں پاکستان سے پولیو کا مکمل خاتمہ یقینی بنایا جائے گا

صوبے کی ترقی میں مواصلات وتعمیرات کا کردار مرکزی ہے، سلیم کھوسہ

صوبائی خوشحالی کا دارومدار محکمہ مواصلات وتعمیرات کی بہتر کارکردگی پر منحصر ہے

نئے مالی سال میں بھی ہماری اولین کوشش اپنے مقررہ ہدف کا حصول ہوگی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں محکمہ مواصلات وتعمیرات کا کردار ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے صوبے میں انفراسٹرکچر کی بہتری ترقی اور خوشحالی کا دارومدار محکمہ مواصلات وتعمیرات کی بہتر کارکردگی پر منحصر ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ نے مالی سال 2024-25 اور 2025-26 نئے مالی سال اور مون سون بارشوں کے پیش نظر حفاظتی اقد.......... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

حضرت عمرؓ کے اصولوں پر گامزن ہونے میں دنیا و آخرت کی کامیابی ہے، مولانا رمضان مینگل

خلفائے راشدین کے ایام پر حکمرانوں سے عام تعطیل اور انہیں سرکاری سطح پر منانے کا ہمارا دیرینہ مطالبہ رہا ہے، قاری عبدالولی فاروقی، مفتی کلیم اللہ حیدری

سنی علماء کونسل کے زیر اہتمام سیدنا حضرت عمر فاروقؓ کی یوم شہادت اور یکم محرم الحرام کے موقع پر ریلی سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سنی علماء کونسل کے زیر اہتمام صوبائی امیر مولانا محمد رمضان مینگل کی قیادت میں سیدنا حضرت عمر فاروقؓ کی یوم شہادت اور یکم محرم الحرام کے موقع پر خلفائے راشدین چوک اکرم ہسپتال سے ریلی نکالی گئی جو مختلف شاہراہوں سے ہوتی کوئٹہ پریس کلب کے سامنے پہنچ کر احتجاجی مظاہرے کی شکل اختیار کر گئی مظاہرین نے بینرز، پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے اس موقع پر قاری عبدالولی فاروقی، مفتی کلیم اللہ حیدری، مولانا عبدالرحیم ساجد، حافظ عبدالغفور، سید مقبول الرحمان شاہ، ظہور احمد سمیت کونسل کے دیگر ذمہ داران، عبد.......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

مصور کاکڑ کی شہادت المناک سانحہ ہے، زمرک اچکزئی

کوئٹہ (آئی این پی) عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے مصور کاکڑ کی شہادت کا سن کر بہت دکھ ہوا ہے اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اس طرح کے واقعات کی روک تھام کیلئے حکومت اپنا کردار ادا کرے عوامی نیشنل پارٹی اس غم کی گھڑی میں متاثرہ خاندان کے ساتھ ہے۔

مصور کاکڑ کی نماز جنازہ آج شام 6 بجے ہاکی گراؤنڈ میں ادا کی جائے گی

کوئٹہ کے تاجران سے 4 بجے بازار بند کرکے بہیمانہ قتل کیخلاف ٹوکن احتجاج کی اپیل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مصور خان کاکڑ کی نماز جنازہ آج شام ہاکی گراؤنڈ میں ادا کی جائے گی آل پارٹیز کے رہنماؤں اور مصور کاکڑ کے اہلخانہ کی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کوئٹہ کے تاجر ہفتہ کی سہ پہر 4 بجے بازار بند کرکے اس کے بہیمانہ قتل کے خلاف ٹوکن احتجاج ریکارڈ کروائے کیونکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اپنے وعدے کی پاسداری نہیں کی اور اپنے وعدے میں ناکام رہے اس لئے وہ فوری طور پر مستعفی ہوجائیں مصور کاکڑ.......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان خطے میں پائیدار امن کیلئے پرعزم ہے، جمال شاہ کاکڑ

بین الاقوامی فورمز پر بھارت کا تنہا رہ جانا پاکستان کے بیانیے کی فتح ہے

پاکستان کبھی بھی کسی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا

کوئٹہ (آئی این پی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے جنرل سیکرٹری و رکن قومی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پاکستان کی تمام تر کوششیں خطے میں پائیدار امن کے قیام پر مرکوز ہیں، بین الاقوامی فورمز پر بھارت کا تنہا رہ جانا پاکستان کے بیانیے کی فتح ہے، پاکستان کسی بھی قسم کی بیرونی مداخلت کو برداشت نہیں کرے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا۔ جمال شاہ کاکڑ نے کہا کہ شنگھائی تعاون تنظیم)!.......... بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل، سابق وزیر اعجاز الحق اور دیگر کا گروپ فوٹو

امریکہ کی جانب سے ایران کو اقتصادی پابندیاں ختم کرنیکی پیشکش کا امکان

سولین ایٹمی پروگرام کیلئے امریکہ ایران کی مدد کریگا، 30 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی، سرمایہ ہمسایہ عرب ممالک فراہم کریں گے

بیرون ملک ضبط شدہ 6 ارب ڈالرز کی واپسی اور ایران پر عائد تجارتی پابندیاں ہٹانے پر بھی غور کیا جارہا ہے، امریکی ٹی وی کی رپورٹ

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکہ کی جانب سے ایران کو اقتصادی پابندیاں ختم کرنے کی پیشکش کا امکان ہے، امریکی ٹی وی کے مطابق ایران امریکہ مذاکرات میں واشنگٹن کی جانب سے ایران کو اقتصادی پابندیاں ختم کرنے کی پیشکش متوقع ہے، امریکہ سولین ایٹمی پروگرام کیلئے ایران کی مدد کریگا، 30 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری ہوگی، سرمایہ ہمسایہ عرب ممالک فراہم کریں گے، امریکہ میں ایران کیلئے کئی پیشکشیں زیر غور ہیں، سولین ایٹمی پروگرام کے علاوہ بیرون ملک ضبط شدہ 6 ارب ڈالرز کی واپسی اور ایران پر عائد تجارتی پابندیاں ہٹانے پر.......... بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

کے پی میں پولیو کا نیا کیس سامنے آگیا، مجموعی تعداد 13 ہوگئی

پشاور (بیورو رپورٹ) رواں سال کا 13 واں پولیو کیس خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک سے رپورٹ ہوگیا، نیشنل ای او سی کے مطابق پاکستان میں پولیو کیسز کی مجموعی تعداد 13 ہوگئی، قومی ادارہ صحت میں قائم پولیو لیبارٹری نے خیبر پختونخوا میں 18 سالہ متاثرہ لڑکی میں پولیو کی تصدیق کردی، نیشنل ای او سی نے کہا جنوبی خیبر پختونخوا کے بعض علاقوں میں رسائی میں مشکلات کا سامنا ہے

کراچی میں تعینات امریکی قونصل جنرل کا کمپنی مونڈیلیز کے پلانٹس کا دورہ

پاکستان میں اقتصادی ترقی کیلئے نجی شعبے کے اشتراک سے کام جاری رکھنے کیلئے پرعزم ہیں، اسکاٹ اربام

امریکی حکومت پاکستان میں سرمایہ کاری، کاروباری مواقع بڑھانے پر کام کررہی ہے، دورے کے موقع پر گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) کراچی میں تعینات امریکی قونصل جنرل اسکاٹ اربام نے حال ہی میں امریکی کمپنی مونڈیلیز کے پلانٹس کا دورہ کیا، جن میں بلوچستان میں واقع پاکستان میں قائم امریکی کمپنی کا ڈیری فیلڈ، الیوائے میں قائم ہیڈ کوارٹرز رکھنے والی اس کمپنی نے پاکستان میں 1993ء میں اپنا پلانٹ قائم کیا۔ آج 80 سے زائد امریکی کمپنیاں براہ راست ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد پاکستانیوں کو ملازمت فراہم کر رہی ہیں، جبکہ بالواسطہ دس لاکھ سے زائد پاکستانیوں.......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان نے مشکل وقت میں ساتھ دیکر ثابت کیا سچا دوست ہے، ایرانی سفیر

سپیکر قومی اسمبلی سے ملاقات، خطے میں امن واستحکام کیلئے پاکستان کا کردار قابل ستائش ہے، رضا امیری مقدم

اسرائیل کا ایران پر حملہ عالمی قوانین کی صریحاً خلاف ورزی، دنیا کو جنگوں کی نہیں، امن کی ضرورت ہے، ایاز صادق

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے کہا ہے کہ پاکستان نے مشکل وقت میں ساتھ دیکر ثابت کیا وہ سچا دوست ہے، خطے میں امن واستحکام کیلئے پاکستان کا کردار قابل ستائش ہے، سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق سے ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے ملاقات کی، دوطرفہ تعلقات سمیت اہم علاقائی وعالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا، ایاز صادق نے کہا اسرائیل کا ایران پر حملہ بین الاقوامی قوانین کی صریحاً خلاف ورزی ہے، جنگ بندی کا خیر مقدم کرتے ہیں، دنیا کو جنگوں کی نہیں، امن کی ضرورت ہے، پاکستان خطے میں.......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

ملازمین کا استحصال اور بنیادی حقوق کی پامالی ناقابل قبول، مولانا شرودی

جیلوں میں بند قائدین کیساتھ غیر انسانی سلوک تشویشناک ہے، فوری رہا کیا جائے

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا حافظ حسین احمد شرودی ضلعی سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی مولانا سعید احمد مولانا مفتی عبدالباقی بزنجو مولانا محمد اکبر مینگل، مولانا مفتی محمد رضا خان، مولانا محمد عثمان پرکانی، مولانا حافظ احمد جان ساسولی مولانا قاری نظر محمد حقانی، مولانا حاجی محمد مسی مولانا عبدالمجید امین جان ر.......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار جولائی میں امریکہ و چین سمیت 4 ممالک کا دورہ کریں گے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار جولائی میں امریکہ، چین سمیت 4 اہم ممالک کا دورہ کریں گے، سفارتی ذرائع کے مطابق نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سب سے پہلے آذربائیجان کا دورہ کریں گے، اسحاق ڈار جولائی میں ایس سی او وزرائے خارجہ ملاقات کیلئے چین جائیں گے

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ میں ناکام ہوچکی، جے ڈبلیو پی

معصوم مصور کاکڑ شہید کے اہلخانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، مرکزی بیان

کوئٹہ (آن لائن) جمہوری وطن پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ سے جاری بیان میں کوئٹہ کے معصوم شہری مصور کاکڑ کی شہادت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ ریاست ماں جیسی ہوتی ہے مگر افسوس کہ ریاست اس معصوم کو بازیاب نہیں کرواسکی اور نہ ہی مصور کاکڑ شہید کی جان بچا سکی بیان میں کہا گیا کہ عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت.......... بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، اندھی گولی سے زخمی 7 سالہ لڑکی کراچی میں چل بسی

معصوم بچی کو ٹراما سینٹر سے 3 دن بعد مزید علاج کیلئے کراچی ریفر کیا گیا تھا

افسوسناک واقعہ ہوائی فائرنگ جیسے غیر ذمہ دارانہ عمل کے مہلک نتائج کی ایک اور مثال ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گزشتہ جمعہ کی شب جالو باڑی کے علاقے میں ہونے والی ہوائی فائرنگ کے دوران اندھی گولی 7 سالہ معصوم بچی کو جا لگی زخمی بچی کو فوری طور پر کوئٹہ کے ٹراما سینٹر منتقل کیا گیا، تاہم تشویشناک حالت کے پیش نظر تین دن بعد اسے مزید علاج کیلئے کراچی لے جایا گیا جہاں بچی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے کراچی میں دم توڑ گئی یہ افسوسناک واقعہ معاشرے میں ہوائی فائرنگ جیسے خطرناک اور غیر ذمہ دارانہ عمل کے مہلک نتائج کی ایک اور.......... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر